
قولہ ترجمہ۔ مواہب لطیفیہ
میں ایسا ہی ہے الخ۔

اقول-صاحب تفہیم المسائل
کی نقل کے مطابق مواہب لطیفیہ کی
عبارت میں ہے کہ یہ قول انکار تلفظ
کی دلیل میں آیا ہے۔ اور اس میں
انکار کی نسبت ملا علی قاری کی طرف
بھی کی گئی ہے اس کا حال یوں ہے
کہ مرقات میں فرمایا:

نیت پر دلالت کرنے والے
الفاظ کے تلفظ میں فقہاء کا اختلاف
ہے جب کہ اس میں سب کا اتفاق
ہے کہ ان الفاظ میں جہر جائز نہیں

علی ان الجھر غیر مشروع
فالا کثرون علی ان الجمع
بینهما مستحب الخ''۔

وبعدازاں نوشتہ ''وقیل لا
یجوز التلفظ بالنیة فانه
بدعة و المتابعة کما یکون فی
الفعل یکون فی الترک الخ''

بازدررداین قول نوشتہ ''قد
یقال نسلم انها بدعة لکنها
مستحسنة الیٰ آخره''

پس در خصوص بحث مواہب
لطیفہ ہم ہمیں قدر کہ بعض قائل ایں
قول ہم انداد عاء می توان نمود اما ادعاء
اطلاق وایہام اجماع واتفاق کئے جائز
خواہد بود بالخصوص درصورتیکہ بتصریح
متتندین صاحب رسالہ اکثر علماء قائل
جانب خلاف درخصوص ہماں مسئلہ باشند
پس چہ جائے آنست کہ در دیگر

اکثر علماء کے نزدیک نیت اور تلفظِ
نیت کو اکٹھا کرنا مستحب ہے۔ اس
کے بعد لکھا۔ ایک قول یہ ہے کہ نیت
کا تلفظ جائز نہیں کیونکہ وہ بدعت
ہے اور اتباع فعل کی طرح ترک
میں بھی ہوتی ہے۔

پھر اس قول کی تردید میں تحریر
فرمایا۔ کبھی کہا جاتا ہے کہ اس کا
بدعت ہونا ہمیں تسلیم ہے لیکن وہ
مستحسن ہے۔ الخ

تو مواہب لطیفیہ کی بحث کے
خصوص میں بھی اتنا ہی دعویٰ کیا
جاسکتا ہے کہ بعض لوگ ایسا کہتے
ہیں۔ لیکن اطلاق کا دعویٰ اور اجماع
واتفاق کا ایہام کب جائز ہوگا؟
خاص طور سے تب جبکہ صاحبِ رسالہ
کے نزدیک مستند علماء کی صراحت ہو
کہ اسی مسئلہ میں اکثر علماء نے اس
کے خلاف قول کیا ہے۔ تو کیا اس
بات کی گنجائش ہے کہ دوسرے
مسائل میں اطلاق کے دعویٰ کے

مسائل حسب ادعاء اطلاق آن قول را
استدلال جازم قرار دادہ آید ونسبت
ضلالت بائمۂ دین از فقہاء ومحدثین
کردہ آید لا سیما در حالتیکہ صاحب
مواہب لطیفہ بسیاری از امور را باوجود
عدم فعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم در
تالیفات خود استحسان نمودہ باشد۔

طرفہ آنست کہ ازیں دلیل نسبت
ضلالت بسوئے محققین دین متین و
ائمۂ شرع مبین کہ از مجوزین ایں عمل
اند لازم میگرداند وبطلان اکثر اقوال
صاحب رسالہ نیز کہ برطبق ایں دلیل
ثابت میگردد آنرا نمی داند۔

بارے اگر ترک آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم بمعنی مزعوم وہابیہ علی
الاطلاق واجب الاتباع باشد پس
بریں تقدیر بموجب ہمیں دلیل

مطابق اس قول کو استدلال جازم
قرار دیا جائے؟ اور ائمۂ دین، فقہاء
ومحدثین کی طرف ضلالت وگمراہی
کی نسبت کی جائے؟ خصوصاً اس
حالت میں جبکہ صاحب مواہب
لطیفیہ نے حضور ﷺ کے عدم فعل
کے باوجود بہت سارے امور کو اپنی
تالیفات میں مستحسن قرار دیا ہے۔

طرفہ تماشہ یہ ہے کہ جس دلیل
کی بنیاد پر اس عمل کو جائز قرار دینے
والے محققین دین متین وائمۂ شرع
مبین کی طرف گمرہی کی نسبت لازم
قرار دے رہا ہے اسے یہ نہیں پتہ کہ
اسی دلیل کی رو سے اس کے اکثر
اقوال باطل ہو جا رہے ہیں۔

اگر حضور ﷺ کا ایک بار ترک
کردینا وہابیوں کے فاسد خیال کے
مطابق مطلقاً واجب الاتباع ہو تو
اس تقدیر پر اسی دلیل کے بموجب
تابعین وتبع تابعین بلکہ صحابۂ کرام
رضی اللہ عنھم کے مستحسنات کی حرمت

حرمت مستحسنات تابعین و تبع تابعین
بلکہ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم
اجمعین ہم بثبوت خواہد رسید و معاذ اللہ
نسبت ضلالت سوئے آنحضرات ہم
عائد خواہد گردید کہ آنحضرات باوجودِ
اطلاق بدعت و اقرار ترک آنحضرت
ﷺ کو عدم ثبوت از سنت استحسان و
تجویز فرمودہ اند حالانکہ ہمہ آن امور
باتباع آنحضرت ﷺ واجب
الترک بودہ اند۔

واگر صاحب رسالہ ازیں دلیل
گریز نمودہ عذر اندراج مستحسنات
آنحضرات در تعمیمات شرعیہ پیش آرد
ہمیں عذر از جانب دیگر فقہاء و محدثین
مقبول پندارد و از نسبت ضلالت بسوی
آنحضرات باز آید و از خرافات خود
توبہ نماید۔ و ما علینا الا البلاغ۔

ثابت ہو جائے گی اور معاذ اللہ
گمراہی کا الزام اُن حضرات پر بھی
عائد ہو جائے گا کہ ان حضرات نے
بدعت کے اطلاق اور حضور ﷺ کے
ترک کے اقرار اور سنت سے ثابت
نہ ہونے کے باوجود استحسان و جواز
کا حکم لگایا ہے۔ حالانکہ وہ تمام امور
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ترک کی
اتباع میں واجب الترک تھے۔

اور اگر صاحب رسالہ اس دلیل
سے گریز کرتے ہوئے یہ عذر پیش
کرتا ہے کہ ان حضرات کے مستحسنات
شرعی تعمیمات میں مندرج ہیں تو یہی
عذر دوسرے فقہاء اور محدثین کی
جانب سے مقبول سمجھے اور ان حضرات
کو گمراہ قرار دینے سے باز آئے اور
اپنے خرافات سے توبہ کرے۔
وما علینا الا البلاغ۔

قولہٗ - قال صاحب مجمع
البحرین فی شرحہ الخ۔

اقول- ہر چند کہ کتاب مذکور
غیر موجود و اعتماد بر نقل ایں طائفہ نہ
توان نمود لیکن قطع نظر از اں اولاً در
عبارت منقولہ در قول حضرت امیر
المؤمنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ لفظ
تردید موجود کہ "ان اللہ لا یثیب
علی فعل حتی یفعلہ رسول
اللہ او یحث علیہ"

پس امریکہ عدم فعل آنحضرت
و ترک آنجناب در اں باب ثابت
و منقول باشد معہذا حث و ترغیب
شرعی در آن موجود باشد بموجب
قولِ مرتضوی صرف با ستدلال
ترک و عدم فعل آں را حرام و
ضلالت نہ توان گفت پس آوردن
صاحب رسالہ ایں قول را در نورد
ایں دلیل محض بے کارست

قولہٗ - صاحب مجمع البحرین نے
اپنی شرح میں کہا ہے الخ

اقول- ہر چند کہ مذکورہ کتاب
یہاں موجود نہیں اور اس گروہ کی نقل
پر بھروسہ بھی نہیں کیا جا سکتا لیکن اس
سے قطع نظر اولاً حضرت علی رضی اللہ
تعالیٰ عنہ کے قول منقول میں ہی لفظ
تردید موجود ہے۔ انہوں نے فرمایا
کہ جب تک کسی فعل کو سرکار نہ کریں
یا اس پر برانگیختہ نہ کریں اللہ اس پر
ثواب نہیں عطا فرماتا۔

پس وہ امر جس میں سرکار کا
عدمِ فعل و ترک ثابت و منقول ہو
اس کے باوجود اس کے اندر شرعی
ترغیب موجود ہو تو مرتضوی فرمان
کے مطابق صرف اس دلیل سے
اسے حرام و گمراہی نہیں کہا جا سکتا کہ
سرکار نے اسے ترک فرمایا ہے اس
لئے صاحب رسالہ کا اس قول کو بطور
دلیل پیش کرنا محض بیکار ہے۔

اما انچہ تفریع بریں نمودہ حیث
قال دریںجا دلالت ست بر ینکہ اگر عملی
فی نفسہ مستحسن باشد اما فعلش از اں
سرور ماثور نباشد ترک آں در حق امت
عین اتباع است و فعل آں موجب
مواخذۂ خدا الخ۔

میگویم کہ دریںجا دلالت ست
بر ینکہ صاحب رسالہ باوجو یکہ بے فہم
و ادراک ست معہذا اہم چالاک و
بیباک ست صراحۃً در قول مرتضوی
تردید موجود ست آنرا پس پشت می اند
از دو یک شق را از اں گرفتہ بر مطلب
خود راست می سازد۔

وثانیاً روایت نہی را معارض ست
آنچہ دیگر فقہاء ومفسرین روایت می
فرمایند کہ حضرت امیر المومنین باوجودیکہ

رہ گئی اس قول پر صاحب رسالہ
کی یہ تفریع "کہ اس قول میں
دلالت ہے کہ اگر کوئی فعل فی نفسہ
مستحسن ہو لیکن اس کا کرنا سرکارے
ثابت نہ ہو تو امت کے حق میں اس
کا ترک عین اطاعت اور اس کا فعل
خدا کے مواخذہ کا سبب ہے۔ الخ

میرا کہنا ہے کہ اس قول میں
اس بات پر دلالت ہے کہ صاحب
رسالہ ناسمجھ ہونے کے ساتھ ساتھ
چالاک اور بے باک بھی ہے۔
مرتضوی فرمان میں اس بات کی جو
کھلی تردید موجود ہے اسے تو پس
پشت ڈال رہا ہے اور اس کے ایک
شق کو اختیار کر کے اپنا مطلب نکال
رہا ہے۔

ثانیاً- یہ تفریع اس روایت
کے بھی معارض ہے جو دیگر فقہاء و
مفسرین نے خود حضرت علی رضی اللہ عنہ
سے کی ہے کہ انہوں نے عیدگاہ میں

مردُماں را مشغول صلوٰۃ در مصلی عید
دیدند اما نہی نفرمودند در تفسیر کبیر
آوردہ۔

عن علی رضی اللہ عنہ
انہ رأی فی المصلی اقواما
یصلون فقال ما رأیت رسول
اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم
یفعل ذلك فقیل الا تنهاهم
فقال اخشی ان ادخل تحت
قوله تعالیٰ ارأیت الذی ینهی
عبداً اذا صلّیٰ الخ"

وثالثاً قیاس عمل مولد و دیگر
مستحسنات ائمۂ دین بر احکام ہیأت نماز
ہا و اوقات آنہا صحیح نمی تواند شد کما مر۔

و رابعاً در خصوص مسئلۂ
نماز نفل بروز عید ہم بر مجوزین

لوگوں کو نفل نماز میں مشغول دیکھ کر
بھی نہیں روکا۔ تفسیر کبیر میں منقول
ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے
مروی ہے کہ انہوں نے کچھ لوگوں کو
عیدگاہ میں نماز عید سے پہلے نماز
پڑھتے ہوئے دیکھا تو فرمایا میں نے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا
کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ اُن سے
عرض کیا گیا کہ آپ انہیں روکیں
گے نہیں؟ تو فرمایا مجھے ڈر لگتا ہے کہ
کہیں اللہ کے اس فرمان کی زد میں
نہ آجاؤں کہ "آپ نے اسے دیکھا
جو بندے کو نماز سے روکتا ہے الخ

ثالثاً- عمل مجلس میلاد اور ائمہ
دین کے مستحسنات کو نماز کی ہیئت اور
اس کے اوقات پر قیاس کرنا صحیح نہیں
جیسا کہ بیان ہو چکا۔

رابعاً- خاص عید کے دن نماز
نفل کے مسئلہ میں بھی اسے جائز

وفاعلین آں حکم ضلالت چنانکہ مزعوم
طائفۂ صاحب رسالہ است غیر مسلم
ست چہ دریں فعل در سلف اختلاف
بودہ است بعض اکابر دین از صحابہ و
تابعین عادت بخواندن نماز تطوع
میداشتند وآنرا احسن وجائز می فرمودند
وبعض دیگر برائے اظہار آنکہ کسی آنرا
سنت راتبۂ نماز عید نداند کہ زمانۂ
قرب اسلام وعدم تدوین احکام بود
آنرا ترک می نمودند وبعض دیگر حسب
اجتہاد خود قائل بکراہت ہم بودند کہ در
شروح حدیث اینہمہ تفصیل
موجود ست وقاضی خان فرمودہ۔
''وعن بعض الصحابة انهم

قرار دینے والوں ادا کرنے
والوں پر صاحب رسالہ کے گروہ
والوں کے خیال خام کے مطابق
گمراہی کا حکم لگانا ہمیں تسلیم نہیں
اس لئے کہ اس عمل میں سلف کے
مابین اختلاف رہا ہے۔

بعض اکابر صحابہ وتابعین نفل
نماز کے عادی تھے انہوں نے اسے
جائز ومستحسن فرمایا اور بعض دوسرے
حضرات یہ بات ظاہر کرنے کے
لئے کہ کوئی اسے نماز عید کی سنت
مؤکدہ نہ سمجھ لے ترک کیا کرتے تھے
کیونکہ احکام کی تدوین ہوئی نہیں تھی
اور آغاز اسلام کا زمانہ قریب تھا اور
بعض دوسرے حضرات اپنے اجتہاد
کے مطابق کراہت کے بھی قائل
تھے حدیث کی شروح میں یہ ساری
تفصیلات موجود ہیں۔

قاضی خان نے فرمایا ہے--
''بعض صحابہ سے منقول ہے کہ وہ قبل

کانوا یتطوعون قبل صلوٰۃ
العید الخ''

ودر مذاہب ائمہ مجتہدین ہم
اختلاف ست در مذہب امام شافعی
بقول مشہور ہیچ کراہت ندارد امام
نووی در شرح صحیح مسلم آوردہ۔

''ولا حجة فی الحديث
لمن كرهها لانه لا يلزم من
ترك الصلوٰة كراهتها والاصل
ان لا منع حتىٰ يثبت الخ''

ودر مذہب حنفی ہم اختلاف
است قول مشہور ہمین است کہ درجۂ
کراہت دارد اما بسیارے از فقہاء
جائز بلا کراہت ہم می دارند ونفی را
محمول بر نفی سنیت می پندارند، در
تتارخانیہ آوردہ۔

قال ابو بكر الرازی معنى
قول اصحابنا رحمهم الله تعالىٰ
ليس قبل العيدين صلوٰة

عید نماز نفل پڑھا کرتے تھے الخ''۔
ائمۂ مجتہدین کے مذاہب بھی
مختلف ہیں۔ امام شافعی کے مذہب
میں مشہور قول کے مطابق کوئی
کراہت نہیں۔ امام نووی نے شرح
صحیح مسلم میں نقل فرمایا:

حدیث میں ان کیلئے کوئی دلیل
نہیں جنہوں نے اسے مکروہ قرار دیا
ہے اسلئے کہ اس کا ترک اس کی
کراہت کو مستلزم نہیں اور اصول یہ ہے
کہ ثبوت ممانعت کے بغیر منع نہیں۔

مذہب حنفی میں بھی اختلاف
ہے۔ قول مشہور یہی ہے کہ درجۂ
کراہت میں ہے۔ مگر بہت سارے
فقہاء بلا کراہت جائز قرار دیتے ہیں
اور نفی کو سنیت کی نفی پر محمول کرتے
ہیں تاتارخانیہ میں منقول ہے۔

امام ابوبکر رازی نے فرمایا ہے کہ
ہمارے اصحاب کے اس قول کا معنیٰ کہ
''عیدین سے پہلے نماز نہیں ہے''

اى صلـــــوة مسنونة لا ان
الصلوٰة قبل العيدين مكروهة
الاان الكرخى نص على
الكراهة الخ ۔

شیخ عبدالحق محدث در شـــرح
سفـر السعادت آوردہ وگفتہ اند
مراد بدین نفی آں ست کہ پیش از عید
نماز مسنون نیست نہ آنکہ مکروہ است
فی حد ذاتہ الخ

و وجہ قول مشہور اینکہ اگر چہ مجرد
ترک دلیل ممانعت نیست اما باوجود
حرص براحراز فضل نماز نفل درسائر ایام
کہ دریں روز عادت برکف از جملہ
نوافل قبل عید مقرر و مستمر گردید البتہ
تغییر آں عادت مخصوصہ درجۂ کراہت دارد
گو کراہت تنزیہی باشد کہ برائے کراہت
تحریمی دلیل خاص برنہی و منع باشد

یہ ہے کہ مسنون نماز نہیں ہے یہ نہیں
کہ عیدین سے پہلے نماز مکروہ ہے
ہاں امام کرخی نے کراہت پر نص کیا
ہے۔

اور شیخ محقق عبد الحق محدث
دہلوی شرح سفر السعادۃ میں ارشاد
فرماتے ہیں کہ۔ ''اس نفی سے مراد
یہ ہے کہ نماز عید سے قبل نماز مسنون
نہیں ہے یہ نہیں کہ فی حد ذاتہ مکروہ
ہے الخ''

قول مشہور کی وجہ یہ ہے کہ
اگر چہ محض ترک ممانعت کی دلیل
نہیں ہے۔ لیکن تمام دنوں میں، نفل
نماز کی فضیلت اکٹھا کرنے کی شدید
خواہش کے باوجود عید سے قبل جملہ
نوافل سے باز رہنے کی دائمی عادت
ثابت رہی ہے۔ اس مخصوص عادت
کی تغییر و تبدیل البتہ درجۂ کراہت
رکھتی ہے۔ گو تنزیہی سہی۔ اسلئے کہ
کراہت تحریمی پر نہی و منع کی خاص

معہذا انچہ قائلین کراہت نوشتہ اند
حالش از مستندین صاحب رسالہ باید
شنید۔

دردرمختار از بحر آوردہ ''امـــا
العوام فلا يمنعون من تكبير
و لا تـنـفل اصلا لقلة رغبتهم
فى الخيرات بحر،الخ۔

قولہ۔ دلیل ہفتم۔ فقہا نوشتہ اند
لـو كـان فى شىء وجوهٌ
كثيرة توجب الحل والجواز
ووجهٌ واحد يوجب الحرمة
تـرجح جـانـب الحرمة الىٰ
۔الخ۔ الىٰ قوله ہمچنیں ست حال
عمل مولد کہ تذکرۂ شمائل و احوال
ولادت و دیگر صفات آنحضرت ﷺ
فی نفسہٖ مستحب ست و محبوب چون
باخصائص نامشروع وقیود منہی عنہ مخلوط
شد بدعت و مکروہ گشت الخ۔

اقول- اولاً کہ ادعاء مخلوط
شدن با قیود منہی عنہ آنوقت
قابل ذکر بود کہ آنرا ثابت

دلیل ضروری ہے۔ اس کے ساتھ
کراہت کے قائلین نے جو کچھ تحریر
فرمایا ہے ان کی حالت صاحب
رسالہ کے مستندین سے سننا چاہئے
درمختار میں بحر سے منقول ہے۔
''عوام کو (ذوالحجہ کے عشرۂ
اولیٰ کے دوران بازاروں میں)
تکبیر سے اور (عیدین سے پہلے)
نفلی نماز سے بالکل نہیں روکا جائے
گا۔ کیونکہ نیکیوں کی طرف ان کی
دلچسپی کم ہے۔''

قولہ۔ ساتویں دلیل۔ فقہاء
نے تحریر کیا ہے۔ اگر ایک چیز میں
کثیر وجوہ ہوں جو حل وجواز کے
موجب ہوں اور ایک وجہ حرمت کا
موجب ہو تو حرمت کا پہلو راجح
قرار پائے گا۔

اقول۔ اولاً عمل مولد کے منہی
عنہ قیود سے مخلوط ہونے کا دعویٰ اس
وقت قابل ذکر ہوتا جبکہ اسے ثابت

می نمود حالانکہ جواز بلکہ استحباب اجزاء
وقیود آن از شرع شریف ثابت ست
اما اجتماع واحتفال برائے ذکر حضرت
سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم و وردِ درود
شریف و بیان احوال مبارک و
خواندن قرآن مجید ونعت شریف پس
کفایت میکند ورودِ احادیث بسیار در
صحاح روایات متضمن فضائل مجالس
اذکار۔

در صحیح مسلم آوردہ "عن ابی
هريرة رضی الله عنه لا يقعد
قوم يذكرون الله الاحفتهم
الملائكة و غشيتهم الرحمة و
نزلت عليهم السكينة"
(الحدیث)۔

صاحب تحفۃ الاخیار ترجمۂ مشارق
الانوار کہ از ارکان معتمدین و ہابیہ
اسماعیلیہ است بذیل حدیث شریف

کرتا حالانکہ اسکے قیود اور اجزاء کا نہ
صرف جواز بلکہ استحباب شریعت سے
ثابت ہے۔ رہ گیا حضور اکرم صلی اللہ
علیہ وسلم کے ذکر جمیل کے لئے محفل
منعقد کرنا، درود شریف کا ورد کرنا۔
ان کے مبارک احوال کا بیان کرنا۔
قرآن کریم کی تلاوت کرنا، نعت
شریف پڑھنا تو اس سلسلہ میں صحاح
کی بہت ساری وہی حدیثیں کافی
ہیں جو مجالس ذکر کی فضیلتوں پر مشتمل
ہیں۔ صحیح مسلم شریف میں ہے۔

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ
سے مروی ہے۔ اللہ کا ذکر کرنے
کے لئے کوئی قوم نہیں بیٹھتی مگر انھیں
فرشتے گھیر لیتے ہیں، رحمت انہیں
ڈھک لیتی ہے اور ان پر سکینہ نازل
ہوتا ہے۔

وہابیوں، اسماعیلیوں کے ایک
قابلِ اعماد رکن، صاحب تحفۃ الاخیار
ترجمہ مشارق الانوار حدیث شریف

نوشتہ قرآن اور حدیث پڑھنا خدا کا
نام لینا لوگوں کو وعظ اور نصیحت کرنا در
ود اور کلمہ پڑھنا یہ سب ذکر میں داخل
ہے الخ۔"

اما مشرف دانستن زمان ولادت
باسعادت و استحباب اعادۂ شکر ایں
نعمت پس آنہم مسلم محققین از ائمۂ
دین ومستند باستناد حدیث صحیح حضرت
سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم است
بارے اگر بر دیگران اعتمادش نیاید در
کلام علامہ ابن الحاج کہ در اجلۂ
مسلمین اوست مطالعہ نماید اما سرور
وفرحت بذکر نعمت ولادت پس آنہم
در دین مبین بحدی متبین ست کہ
صاحب مائۃ المسائل ہم قائل آں
گردیدہ و ہیچ حیلہ برائے انکار

کے ضمن میں لکھتے ہیں۔

"قرآن اور حدیث پڑھنا،
خدا کا نام لینا، لوگوں کو وعظ ونصیحت
کرنا، درود اور کلمہ پڑھنا یہ سب ذکر
میں داخل ہے الخ۔

رہا زمانۂ ولادت باسعادت کو
مشرف جاننا اور اس نعمت پر شکر کے
اعادہ کو مستحب سمجھنا تو یہ مسلم الثبوت
محققین و ائمۂ دین کے نزدیک
مسلم اور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
کی صحیح حدیث سے ثابت ہے اگر
صاحب رسالہ کو دوسروں پر بھروسہ
نہ ہو تو علامہ ابن حاج کے کلام کا
مطالعہ کرے کہ وہ اس کے مسلم اور
جلیل القدر بزرگ ہیں۔

رہ گیا نعمت ولادت کے ذکر
سے فرحت وسرور کا اظہار تو وہ بھی
دین مبین میں اس حد تک ظاہر ہے
کہ صاحب مأۃ مسائل کو بھی اس کا
قائل ہونا پڑا۔ اور انہیں بھی انکار کا

آں ندیدہ اما اعتقاد استجابت دعاء و
حصول مزیت برکت از فعل عبادت
در مجمع صلحاء و مجالس مسلمین و اوقات
نیک و ازمنۂ متبرکہ پس آنہم حسب
تحقیق مفسرین و محدثین از مضامین
آیات و حدیث ثابت ست در ینجا
بر یک سند معتمد کفایت می کنم۔
در تفسیر عزیزی بذیل تفسیر سورۂ
قدر نوشتہ۔

بالجملہ از مضمون ایں سورہ معلوم
میشود کہ عبادت و طاعت را بسبب
اوقات نیک و مکانات متبرکہ و حضور و
اجتماع صالحان در ایجاب ثواب و
ایراثِ برکات و انوار مزیتے عظیم
حاصل میشود الی آخرہ۔

فقیر میگوید کہ بیان مشاہدۂ ہمیں
انوار و برکات والد ماجد صاحب تفسیر عزیزی

کوئی حیلہ نظر نہیں آیا۔

اور اس موقعہ پر دعاء کی قبولیت
کا اعتقاد اور نیک اوقات میں،
بابرکت زمانہ میں مسلمانوں کی مجلس
میں اور صالحین کے مجمع میں عبادت
کر کے زیادتی برکت کے حصول کا
اعتقاد۔ تو یہ بھی مفسرین، محدثین کی
تحقیق کے مطابق آیات و احادیث
کے مضامین سے ثابت ہے، یہاں
ایک معتمد سند پر اکتفاء کرتا ہوں۔
تفسیر عزیزی میں سورۂ قدر کی تفسیر
کے ضمن میں تحریر ہے۔

''الحاصل اس سورہ کے مضمون
سے معلوم ہوتا ہے کہ نیک اوقات،
بابرکت مکانات اور صالحین کے حضور
و اجتماع کے سبب ثواب کے ایجاب
اور برکات و انوار کی عطاء میں عظیم
الشان برتری حاصل ہوتی ہے الخ''۔

فقیر عرض کرتا ہے کہ صاحب
تفسیر عزیزی کے والد ماجد نے

در فیوض الحرمین نمودہ جائیکہ فرمودہ۔

''كنت قبل ذلك بمكة
المعظمة فی مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم
فی یوم ولادته والناس
یصلون علیه صلی الله علیه
وسلم و یذكرون ارهاصاته
التی ظهرت فی ولادته و
مشاهده قبل بعثته فرأیت
انوار اسطعت دفعة فتاملت
تلك الانوار فوجدتها من قبل
الملائكة المؤكلین بامثال
هذه المشاهد و بامثال هذه
المجالس و رأیت تخالط
انوار الملائكة انوار الرحمة
الخ''۔

اما تقسیم طعام و شیرینی
پس حالش این کہ

فیوض الحرمین میں انہیں انوار و
برکات کے مشاہدہ کا بیان فرمایا ہے۔
کہتے ہیں:

''میں اس سے پہلے حضور
ﷺ کی ولادت کے دن ان کی
جائے پیدائش پر مکۂ معظّمہ میں تھا۔
لوگ ان پر درود بھیج رہے تھے اور
ان حیرت انگیز باتوں کا تذکرہ
کر رہے تھے جو ان کی ولادت اور
بعثت سے پہلے کے اجتماعات کے
دوران ظہور میں آئیں۔ پھر میں
نے اچانک کچھ انوار چمکتے دیکھے،
غور کرنے پر سمجھ میں آیا کہ یہ ان
فرشتوں کی جانب سے ہے جو اس
طرح کے مجمعوں اور مجالس پر مقرر
ہیں اور میں نے دیکھا کہ رحمت کے
انوار اور فرشتوں کے انوار کی باہم
آمیزش ہو رہی ہے۔''

رہی بات کھانا اور شیرینی کی
تقسیم کی تو اس کا حال یہ ہے کہ

قطع نظر از استحسان دیگر علماء دین از
مکاتیب حضرت شیخ مجدد ہم کہ بحسب
ظاہر مستند و معتمد صاحب رسالہ اند عمل
پختن طعام بروحانیت آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم و خورانیدن بہ مسلمانان
ثابت ست و عبارتہ ھکذا۔

امروز طعامہائے متلون فرمودہ ایم
کہ بروحانیت آنسرور علیہ الصلوٰۃ والسلام
پزند و مجلس شادی سازند الی آخرہ۔

وشاہ ولی اللہ جد امجد و سند مستند
اسماعیل دہلوی از والد و مرشد
و استاذِ خود شاہ عبدالرحیم صاحب در
انفاس العارفین آوردہ ۔ در ایام
وفات آں حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم چیزے فتوح نہ شد کہ
طعامِ نیاز آں حضرت ﷺ پختہ شود

دوسرے علماء دین کے استحسان سے
قطع نظر بظاہر صاحب رسالہ کے
مستند و معتمد حضرت شیخ مجدد کے
مکتوبات سے بھی حضور ﷺ کی
روحانیت کی خاطر کھانا پکا کر
مسلمانوں کو کھلانا ثابت ہے۔ ان کی
عبارت یوں ہے۔

"آج ہم نے کئی طرح کے
کھانے پکانے کا حکم دے رکھا ہے
جسے لوگ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کی روحانیت کی خاطر پکاتے ہیں اور
مجلس مسرّت منعقد کرتے ہیں الخ۔

اسماعیل دہلوی کے دادا اور سندِ
مستند شاہ ولی اللہ صاحب اپنے والد،
مرشد اور استاذ شاہ عبدالرحیم صاحب
سے نقل کر کے انفاس العارفین میں
فرماتے ہیں۔

"آنحضرت ﷺ کے زمانۂ
وفات میں کچھ میسر نہ آیا کہ حضور
ﷺ کی نیاز کے لئے کھانا پکایا

قدرے نخود بریاں وقند سیاہ نیاز کردم
الی آخرہ"۔

بلکہ شاہ عبدالعزیز صاحب دعویٰ
اجماع بر جواز آں نمودہ اند کہ در رسالہ
ذبیحہ کہ در زبدۃ النصائح مطبوع ہم
گردیدہ است در دفع طعن التزام عرس
بزرگان خود از خود در بیان جواز عرس
فرمودہ اند ایں طعن مبین است بر جہل
بہ احوال مطعون علیہ زیرا کہ غیر از
فرائض شرعیہ مقررہ را ہیچ کس فرض نمی
داند آرے زیارت و تبرک بقبور صالحین
و امداد ایشان بامداد ثواب و تلاوت
قرآن و دعائے خیر و تقسیم طعام و
شیرینی امر مستحسن و خوب است
باجماع علماء و تعیین روز عرس برائے

جائے کچھ بھونے چنے اور گڑ میں
نے نیاز کئے الخ۔

بلکہ شاہ عبدالعزیز صاحب
نے اس کے جواز پر اجماع کا دعویٰ
کیا ہے اپنے رسالۂ ذبیحہ میں جو
زبدۃ النصائح میں چھپا ہوا ہے
اپنے بزرگوں کے عرس کے التزام پر
طعن کا دفاع کرتے ہوئے اپنی
جانب سے انہوں نے عرس کے جواز
کا بیان فرمایا ہے۔ لکھتے ہیں:

"یہ طعنہ، مطعون کے حالات
سے جہالت کا کھلا بیان ہے کیونکہ
شریعت کے متعین کردہ فرائض کے
ماسوا کو کوئی بھی فرض نہیں سمجھتا۔ ہاں
علماء کے اجماع کی بنیاد پر، صالحین
کے قبور کی زیارت، تحصیل برکت،
ثواب تلاوت قرآن، دعاء خیر،
کھانے اور شیرینی کی تقسیم کے
ذریعہ اُن کی امداد مستحسن اور اچھی
بات ہے۔ اور روز عرس کی تعیین اس

آں ست کہ آنروز مذکر انتقالِ ایشان
می باشد از دارالعمل بدار الثواب
والاہر روز کہ ایں عمل واقع شود موجب
فلاح و نجات ست وخلف را لازم
است کہ سلف خود را بایں نوع
بر واحسان نمایدالخ۔

وبالجملہ قیود ہیئت کذائیہ از ینہا
وامثال اینہا کہ ائمۂ دین جائز میدار
ند وہابیہ اسماعیلیہ موجب ضلالت می
انگارند ہمہ آں قیود استحباب آنہا از
مضامین احادیث و آثار ثابت واگر
کسے از جہلہ امرے از محرمات و
مکروہات بعمل آرد آنرا خارج از
بحث وتحقیق واصل مسئلہ باید شمرد پس
علی الاطلاق مخلوط بودن تذکرہ شمائل
آنحضرت با قیود منہی عنہ وخصائص
نامشروع تفوہ ساختن وبرائے ابطال

لئے ہے کہ وہ دن ان کے دارالعمل
سے دارالثواب کی طرف انتقال کی
یاد دلاتا ہے ورنہ ہر روز بھی یہ عمل ہوتو
فلاح ونجات کا موجب ہے۔ بعد
والوں کے لئے ضروری ہے کہ اپنے
اسلاف کے ساتھ اسطرح حسن
سلوک کریں۔الخ۔

الحاصل یہ اور اس طرح کی
ہیئت کذائی کے دوسرے قیود جسے
ائمۂ دین جائز قرار دیتے ہیں۔
وہابیہ اسماعیلیہ باعث گمراہی سمجھتے
ہیں وہ سارے قیود اوران کا استحباب
احادیث و آثار کے مضامین سے
ثابت ہیں۔اور اگر کوئی جاہل حرام یا
مکروہ عمل کرتا ہے اس کو بحث، تحقیق
اور اصل مسئلہ سے خارج سمجھنا چاہئے
۔اس لئے علی الاطلاق آنحضرت
ﷺ کے ذکر شمائل کا، منہی عنہ قیود
اور ناجائز خصوصیتوں سے مخلوط
ہونے کی بکواس کرنا اور عمل میلاد

عمل مولد بذکر قول فقہاء ”لو کان
فی شئی وجوہ کثیرۃ“
پرداختن سفاہت ست کہ ایں عمل
چنانکہ ائمہ دین استحسان آن فرمودہ
اند ہیچ کئے از وجوہ حرمت در ان
ثابت نیست۔

وثانیاً فقہاء کرام اینہم فرمودہ
اندکہ از مجرد اقتران ومجاورت کدامی امر
مشروع بامر ممنوع آں امر علی الاطلاق
غیر مشروع نمیگردد۔

درغنیۃ المستملی در بیان انصات
وقت خطبہ آوردہ ”ولذا ذھب
بعضھم الی ان البعد فی
زماننا من الامام افضل کیلا
یسمع مدح الظلمۃ لکن
الصحیح ان القرب افضل لما
مر من الحدیث والحاصل ان
الدنو فضیلۃ فلا تترک لا جل

کے ابطال کے لئے فقہاء کا قول
لوکان فی شئی وجوہ کثیرۃ الخ، کا ذکر
کرنا نادانی ہے۔اسلئے کہ اس عمل
میں جس کا استحسان ائمہ دین نے
فرمایا ہے حرمت کی کوئی وجہ ثابت
نہیں۔

ثانیاً۔فقہاء کرام نے یہ بھی
فرمایا ہے کہ کسی امر جائز کا کسی امر
ممنوع سے محض اتصال واقتران علی
الاطلاق اُس امر کو ممنوع قرار نہیں
دیتا۔غنیۃ المستملی میں خطبہ کے وقت
خاموش رہنے کے بیان میں نقل فرمایا۔
”اسی لئے بعض لوگوں کا
مذہب یہ ہے کہ ہمارے زمانہ میں
امام سے دور رہنا ہی افضل ہے تاکہ
ظالموں کی مدح وستائش نہ سن سکے۔
لیکن مذہبِ صحیح یہ ہے کہ گذشتہ
حدیث کی بناء پر نزدیکی افضل ہے
حاصل یہ ہے کہ قرب، فضیلت ہے
اس لئے کسی دوسری معصیت کے

مـايجاورها من معصية غيره
كـاتبـاع الـجنازة التى معها
نائحة الى آخره''۔

علامہ شامی در ردمحتار در بحث
زیارت قبور آوردہ۔

''قـال ابـن حـجر فى
فتاواه ولا تترك لما يحصل
عنـدهـا من منكرات المفاسد
لان القربـات لا تترك لمثل
ذلك بل على الانسان فعلها و
انكار البدع بل ازالتها ان
امكن آه۔

قلت ويؤيده ما مر عن
عدم ترك اتبـاع الـجنازة و
انكان معها نساء نائحات الخ۔

پس اگر جہلہ امور نامشروعہ در بعض مجالس

اتصال سے متروک نہیں ہوگی جیسے
اس جنازہ کے ساتھ چلنا جسمیں نوحہ
کرنے والی عورت ہوالخ ''۔

علامہ شامی نے زیارت قبور کی
بحث میں نقل کیا ہے۔

علامہ ابن حجر نے اپنے فتاویٰ
میں کہا ہے کہ قبور کے پاس جو مفاسد
اور منکرات ہوتے ہیں ان کی بناء پر
ان کی زیارت نہیں چھوڑی جائے گی۔
کیونکہ نیکیاں اس طرح کی چیزوں
سے ترک نہیں کی جاتیں۔ بلکہ آدمی
پر لازم ہے کہ کرے اور ناجائز چیزوں
کو برا سمجھے بلکہ ممکن ہو تو ان کا خاتمہ
کردے الخ۔

میں کہوں گا کہ ماسبق سے اس
بات کی تائید ہوتی ہے۔ یعنی اس
سے کہ اگر جنازہ کے ساتھ نوحہ کرنے
والی عورتیں ہوں تب بھی جنازہ کا
ساتھ نہیں چھوڑا جائے گا۔

اسلئے اگر کچھ جاہل کسی وقت،

در بعض اوقات قرین این عمل نمایند
بموجب این اقوال اقتران آں امور
خارجہ اصل عمل مولد را حرام نخواہد
ساخت۔

قولہ - دلیل ہشتم آنکہ در
حدیث شریف ست مـن تشبـہ
بقوم فهو منهم الیٰ قولہ در ہنود
جنم اشٹمی ست کہ دراں تولد کنہیا
حسب اعتقاد شان میشود پیش اہل
بصیرت وبصر ہیچ تفاوت عید مولد باین
اعیاد نیست الخ۔

اقول -حسب تصریح محققین
مستندین صاحب رسالہ ہم مراد
از تشبیہ ممنوع آنست کہ موافقت
کفار در فعل مخصوص ایشان کہ از
شعار شان باشد نمودہ آید ملا علی
قاری در شرح فقہ اکبر حضرت
امام اعظم رضی اللہ عنہ آوردہ

کسی مجلس میں کچھ ناجائز کام کی
آمیزش کردیں تو بھی ان اقوال کے
بموجب اُن خارجی امور کا اقتران
اصل عمل میلاد کو حرام نہیں بنائے گا۔

قولہ - آٹھویں دلیل یہ ہے
کہ حدیث شریف میں ہے جو کسی
قوم سے تشبہ کرے تو وہ انہیں میں
ہے۔ الی قولہ، ہندوؤں میں جنم اشٹمی
ہے، اس میں ان کے اعتقاد کے
مطابق کنہیا کا جنم ہوتا ہے۔ اہل
بصیرت و بصارت کے نزدیک عید
میلاد اور ان عیدوں میں کوئی فرق
نہیں ہے۔

اقول - صاحب رسالہ کے
محققین اور مستندین کی صراحت کے
مطابق بھی ممنوع تشبیہ سے یہ مراد ہے
کہ کفار سے یکسانیت اُن کے اس فعل
میں پیدا کی جائے جو ان کا شعار ہو۔ ملا
علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں حضرت
امام اعظم رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

"اما جواب بعض العلماء فی مقام الانکار لبس هذه ا لکسوة بان لبس القلنسوة الازبکیة ایضا بدعة فلیس فی محله فانا ممنوعون من التشبه بالکفرة و اهل البدعة المنکرة فی شعارهم لا منهیون عن کل بدعة ولوکانت مباحة سواء کانت من افعال اهل السنة او من افعال اهل البدعة فالمدار علی الشعار الیٰ آخره"

وہمچناں امریکہ بہ نیت ادائے رسم جاہلیت وبقصد تکلف مشابہت ادا نمودہ شود گو مذموم نباشد داخل تشبیہ ممنوع است۔

پس برائے تضلیل ائمہ اسلام و ابطال شرف ایام ولادت باسعادت حضرت سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام متبرک وشریف دانستن آں ایام و

"اس لباس کو پہننے کے انکار کی جگہ بعض علماء کا یہ جواب اپنے محل میں نہیں ہے کہ اُزبکی ٹوپی پہننا بھی بدعت ہے ۔ کیونکہ ہمیں کفار اور بدعتِ سیئہ والوں کے شعار میں تشبہ سے روکا گیا ہے نہ کہ ہر بدعت سے خواہ وہ مباح ہی کیوں نہ ہو یا خواہ وہ اہل سنت کا فعل ہو یا اہل بدعت کا تو حکم کا مدار شعار پر ہے۔"

یونہی جو کام جاہلی رواج کی ادائیگی اور اس سے مشابہت کے ارادہ سے کیا جائے بھلے مذموم نہ ہو ممنوع تشبیہ میں داخل ہے۔

اس بنا پر ائمہ اسلام کو گمراہ، اور حضرت سید الانام ﷺ کے زمانۂ ولادت کے شرف کو باطل قرار دینے کے لئے مقصود میلاد، شکر نعمت کے ارادہ سے، حضرت سید الرسل کے حالات وفضائل کا تذکرہ کرکے،

اظہار فرحت وسرور بذکر احوال وفضائل حضرت سید رسل و ایصال ثواب تلاوت قرآن مجید و دعوات اخوان و ادائے دیگر صدقات وقربات رابقصد شکر نعمت کہ عمل مولد عبارت ازاں ست داخل وعید "من تشبه بقوم فهو منهم ولیس منا" پرداختن وبایں کلمۂ شیطانیہ کہ مابین ایں عمل وجنم اشٹمی ہنود کہ در ان تولد کنہیا حسب اعتقاد ایشان می شود ہیچ تفاوت نیست تفوہ ساختن قولی ست باطل وقبیح و امرے ست لغو وفضیح اگر کسی اعیاد کفار را مانند جنم کنہیا ومہرجان وغیرہ عید میگرداند البتہ در رد آں ذکر وعید فهو منهم ولیس منا می رسید حالانکہ مشرف دانستن ایام ولادت باسعات و اظہار سرور و

قرآن مجید کی تلاوت کا ایصال ثواب اور دوستوں کی دعوت کر کے، نیز دیگر عبادات وصدقات کی ادائیگی کر کے اُن ایام کو متبرک اور شرف والا سمجھنے کو فرحت وسرور کا اظہار کرنے کو "من تشبه بقومٍ فهو منهم ولیس منا" کی وعید میں داخل کرنے کا چکر چلانا اور یہ شیطانی بولی بولنا کہ اس عمل میلاد اور ہندوؤں کی اُس "جنم اشٹمی" میں کوئی فرق نہیں جس میں ان کے اعتقاد کے مطابق کنھیا کا جنم ہوتا ہے ۔ باطل و قبیح بات اور لغو ورسوا کن امر ہے ۔ اگر کوئی "کنھیا جنم" اور "مہرجان" جیسی کفار کی عیدوں کو اپنی عید بنالے تو بلاشبہ اس کی تردید میں "فهو منهم ولیس منا" کی وعید ذکر کرنے کا حق ہے۔

حالانکہ ولادت باسعادت کے ایام کو مشرف جاننا اور خاتم رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کر کے فرحت

فرحت بذکر احوال خاتم رسالت
صلی اللہ علیہ وسلم نہ از اعمال شعار نصاریٰ و ہنود
ست و نہ ادائے رسم کفار و جہالت ازاں
مقصود ست۔

و از انجا کہ اضراب صاحب
رسالہ بے آنکہ بفہم سخن رسند برائے
تکفیر اہل اسلام اکثر ذکر ایں حدیث
میکنند دریں جا مثالے از اربعین
اسحاقیہ می نویسم در مسئلہ چھو چک کہ
رسم اہل ہند ست نوشتہ۔

''فرستادن جنس و غلہ وغیرہ از
طرف نانہال مولود اگر بہ نیت صلۂ
رحم باشد جائز ست الیٰ قولہٖ و اگر نیت
ادائے رسم جہالت باشد جائز نیست کہ
دراں تشبیہ برسم ہنود لازم خواہد آمد و آں
درست نیست قال علیه الصلوٰة
والسلام من تشبه بقوم
فهو منهم الیٰ آخرہٖ''

وسرور کا اظہار کرنا۔ نہ تو عیسائیوں
اور ہندوؤں کا شعار ہے نہ کفار کے
رواج کی ادائیگی نہ ہی اس سے کسی
جاہلی رسم کا قصد ہے۔

چونکہ صاحب رسالہ کے ہمنوا
حضرات، بات سمجھے بغیر اہل اسلام
کی تکفیر کے لئے اکثر اس حدیث کا
تذکرہ کرتے ہیں اس لئے یہاں
''اربعین اسحاقیہ'' سے ایک مثال نقل
کررہا ہوں۔

ہندوؤں کی ایک رسم ''چھو چک''
کے مسئلہ میں لکھا ہے۔

''پیدا شدہ بچے کی نانہال کے
طرف سے غلہ اور سامان، صلہ رحمی
کی نیت سے بھیجنا جائز ہے، الی قولہ
اور اگر نیت رسم جہالت کی ادائیگی
ہو تو جائز نہیں ہے۔ کیونکہ اس میں
رسم ہنود سے مشابہت لازم آئیگی جو
درست نہیں ہے حضور علیہ السلام کا
ارشاد ہے ''جو کسی قوم سے مشابہت
اختیار کرے وہ انہیں میں ہے الخ''۔

باید دید کہ امر واحد یعنی طریقۂ
مروّجہ چھو چک را بہ یک نیت کہ از قسم
خیر ست داخل تشبیہ نہ ساختہ و بہ نیت
ادائے رسم جہالت حکم بلزوم تشبیہ نمودہ
بادخال در وعید من تشبه بقوم
فهو منهم پرداختہ و تفصیل عدم لزوم
تشبیہ کفار دریں عمل و ممکن نبودن
اندراج ایں عمل دراں وعید در جواب
تحریر برادر بزرگ خواہد آمد۔

قولہ۔ دلیل نہم آنکہ در حدیث
شریف ست الامور ثلثة امر
تبین لك رشده فاتبعه و
امر تبین لك عيبه فاجتنبهٗ
الیٰ قوله و عن نعمان بن
بشیر رضی الله عنه

دیکھنا چاہئے کہ ایک ہی رائج
طریقہ ''چھو چک'' کو خیر کی نیت کی
بنا پر داخل تشبیہ نہیں کیا، اور رسم
جہالت ادا کرنے کی نیت سے لزوم
تشبیہ کا حکم دیا اور ''من تشبه
بقوم فهو منهم الخ کی وعید میں
داخل گردانا -- اور اس بات کی
تفصیل کہ اس عمل میلاد میں کفار
سے مشابہت لازم نہیں اور اس کا اس
وعید میں اندراج ممکن نہیں صاحب
رسالہ کے بڑے بھائی کی تحریر کے
جواب میں آئے گا۔

قولہ۔ نویں دلیل حدیث
شریف میں ہے۔

امور کی تین قسمیں ہیں ایک وہ
جس کا رشد ظاہر ہو اس کی پیروی کرو
دوسرے وہ جس کا عیب ظاہر ہو اس
سے بچو۔ الی قولہ۔ حضرت نعمان
ابن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

قال سمعت رسول الله صلی
الله علیه وسلم یقول ان
الحلال بین والحرام بین و
بینهما مشتبهات الخ۔

اقول- جمهور محققین ائمه دین
که مستند صاحب رساله ند در شروح
حدیث تصریح فرموده اند که اصل در
اشیاء حلت وا باحت است پس
چیز یکه از شارع دلیل تحریم برآن قائم
نباشد داخل حلال بین ست پس
استدلال بایں احادیث بے فہم معانی و
بے دیدن شروح حدیث درست نیست
ملا علی قاری علیہ الرحمۃ در مرقاۃ شرح
مشکوۃ شریف فرمودہ الحلال بین ای
واضح لا یخفیٰ حله بان ورد
نص علی حله او مهدا صل یمکن
استخراج الجزئیات

وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم
ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ
حلال ظاہر ہے، حرام ظاہر ہے اور
دونوں کے بیچ مشتبہات ہیں۔

اقول- صاحب رسالہ کے
بھی مستند جمہور محققین اور ائمہ دین
نے حدیث کی شرحوں میں صراحت
فرمائی ہے کہ اشیاء میں اصل حلت و
اباحت ہے۔ تو جس چیز کی حرمت
پر شارع کی جانب سے دلیل قائم نہ
ہو وہ حلالِ بیّن میں داخل ہے۔ اس
لئے معنی سمجھے بغیر، حدیث کی شرحوں
کو دیکھے بغیر ان احادیث سے
استدلال کرنا درست نہیں ہے۔ ملا
علی قاری علیہ الرحمہ مرقات شرح
مشکوٰۃ شریف میں لکھتے ہیں۔
حلال بین ہے یعنی واضح ہے
اس کی حلت مخفی نہیں کیونکہ اس کی
حلت پر یا تو نص وارد ہے یا اصل
موجود ہے جس سے جزئیات کا

منه کقوله تعالیٰ خلق لکم ما
فی الارض جمیعا فان اللام
للنفع فعلم ان الاصل فی
الاشیاء الحل الا ان یکون فیه
مضرة والحرام بین ای ظاهر
لا یخفیٰ حرمته بان ورد فیه
نص علیٰ حرمته و بینهما
مشتبهات ای امور ملتبسة
لکونها ذات جهة الیٰ کل من
الحلال و الحرام الخ۔

و نیز ملا علی قاری در مرقاۃ
بذیل حدیث شریف وسکت عن
اشیاء عن غیر نسیان فلا
تبحثوا عنها فرمودہ۔

دل علی ان الاصل فی الاشیاء
الاباحة کقوله تعالیٰ هو الذی

استخراج ممکن ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا
قول "اس نے تمہارے نفع کے لئے
زمین کی ساری چیزوں کو پیدا فرمایا
کیونکہ لام نفع کے لئے ہے اسی سے
معلوم ہوا کہ اشیاء میں اصل حلت
ہے الّا یہ کہ اس میں کوئی ضرر ہو اور
حرام ظاہر ہے یعنی اس کی حرمت مخفی
نہیں کیونکہ اس کی حرمت پر نص
وارد ہے۔ اور دونوں کے درمیان
مشتبہات ہیں یعنی حلال و حرام
دونوں رخ رکھنے کی بناء پر انکی حلت
وحرمت میں اشتباہ ہے۔

ملا علی قاری نے مرقات میں
اس حدیث کے تحت تحریر کیا ہے کہ:
"بے بھولے بعض چیزوں
سے سکوت فرمایا تو اس کی چھان بین
مت کرو۔

حدیث میں اس بات پر
دلالت ہے کہ اشیاء میں اصل
اباحت ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس
قول میں ہے کہ "وہی وہ ذات ہے

خلق لکم ما فی الارض جمیعا الخ۔

و نیز در مرقاۃ در کتاب الاطعمہ بذیل حدیث ما سکت عنه فهو مما عفا عنه نوشته۔

فیه ان الاصل فی الاشیاء الاباحة الخ۔

درینجا باید دانست کہ طائفہ ہوائیہ را کیدے دگرست و آن اینکہ اشیائے را کہ در کتاب و سنت تحریم و منع آں مفقود ست بلکہ قول مجتہدے ہم در تحریم بلکہ کراہت آن غیر موجود باوجود اندراج در مندوبات شریعت و نبودن ہیچگونہ مزاحمت گاہی داخل حرام بین و گاہی داخل مشتبہات میسازند و اصل در اشیاء حرمت می انگارند و بمسئلہ متعلقہ قبل بعثت دست می زنند

جس نے تمہارے فائدہ کے لئے زمین کی ساری چیزوں کو پیدا فرمایا"

نیز مرقات کتاب الاطعمہ میں حدیث "جس سے سکوت ہے وہ معاف ہے" کے تحت فرمایا "اس میں دلالت ہے کہ اصل اشیاء میں اباحت ہے۔"

یہاں یہ بھی جاننا چاہئے کہ اس نفس پرست گروہ کی ایک اور مکاری ہے اور وہ یہ کہ جن چیزوں کی حرمت و ممانعت کتاب و سنت میں نہیں ہے بلکہ کسی مجتہد کا قول بھی اس کی حرمت بلکہ کراہت میں موجود نہیں وہ چیزیں شریعت کے مستحبات میں مندرج بھی ہیں۔ شریعت سے کسی بھی طرح مزاحم بھی نہیں انہیں کبھی تو وہ حرام ظاہر میں اور کبھی مشتبہات میں داخل کرتے ہیں اور اشیاء میں اصل حرمت سمجھتے ہیں نیز مسائلِ قبلِ بعثت کو ہاتھ لگاتے ہیں۔

و برائے اثبات مدعائے خود بعض عبارات مبہمہ مجملہ از نافہمی نقل می کنند اگر دریں مقام بغایت اختصار بایں بحث ہم اشعار رود مضائقہ ندارد۔

براہل تحقیق مخفی نیست کہ بعد بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بدلائل کتاب و سنت، اصل حلت و اباحت ست اما بحسب فطرت پس در آنہم بمذہب جمہور حنفیہ و شافعیہ مختار اباحت ست و اگر کسی را دریں تحقیق اشتباہ رود داده محققین بر قولش پرداختہ اند علامہ شامی در ردالمحتار حاشیہ درمختار در اعتراض بر قول درمختار و جواب از طرف صاحب ہدایہ فرمودہ۔

الاول ان ما مر عن الهداية ليس مبنيًا على ان الاصل الاباحة لان الخلاف المذكور فيه انما هو قبل ورود الشرع

اگر یہاں انتہائی اختصار کے ساتھ اس بحث کی طرف بھی اشارہ کر دیا جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

اہل تحقیق پر پوشیدہ نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد کتاب وسنت کی دلیلوں سے اشیاء میں اصل اباحت ہے لیکن باعتبار فطرت بھی جمہور احناف و شوافع کے مذہب مختار میں اصل اباحت ہے اور اگر کسی کو اس تحقیق میں اشتباہ ہوا تو محققین نے اس کی تردید کر دی ہے۔ علامہ شامی رد المحتار حاشیۂ درمختار میں درمختار کے قول پر اعتراض کرتے ہوئے صاحب ہدایہ کی جانب سے جواب میں فرماتے ہیں۔

"پہلی بات، ہدایہ کا جو قول گذرا اس کا مدار اس پر نہیں کہ اصل اباحت ہے۔ کیونکہ اس سلسلہ میں مذکورہ اختلاف ورود شریعت سے

و صاحب الهداية انما اثبت
الاباحة بعد ورود الشرع
بمقتضى الدليل يعنى ان
مقتضى الدليل اباحتها لكن
تثبت العصمة بعارض وقد
صرح بذلك فى اصول
البزدوى حيث قال بعدورود
الشرع الاموال على الاباحة
بالاجماع مالم يظهر دليل
الحرمة لان الله تعالى اباحها
بقوله جعل لكم ما فى
الارض جميعا الخ وهمدران
است الرابع ان نسبة
الاباحة الى المعتزلة مخالف
لما فى كتب الاصول ففى تحر
ير ابن الهمام المختار
الاباحة عند جمهور الحنفية
والشافعية آه وفى شرح اصول
البزدوى للعلامة الاكمل

پہلے کا ہے۔ اور صاحب ہدایہ نے
اباحت کا اثبات ورود شریعت کے
بعد، دلیل کی اقتضاء سے کیا ہے یعنی
دلیل کی اقتضاء اس کی اباحت ہے
لیکن عصمت کا ثبوت عارض کی بناء
پر ہے۔ اصول بزدوی میں اس کی
صراحت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا
ہے کہ ورودِ شریعت کے بعد اور
دلیل حرمت کے ظہور سے پہلے بطور
اجماع اموال اباحت پر محمول ہوں
گے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے
قول "جعل لکم ما فی الارض
جمیعا" سے مباح فرمایا ہے۔ "چوتھی
بات یہ ہے کہ معتزلہ کی جانب
اباحت کی نسبت کرنا اصول کی
کتابوں میں مذکوراقوال کے خلاف
ہے۔ ابن ہمام کی تحریر میں ہے کہ
جمہور احناف و شوافع کے نزدیک
مذہب مختار اباحت ہے۔ علامہ اکمل
کی شرح اصول بزدوی میں ہے

قال اكثر اصحابنا واكثر
اصحاب الشافعى ان الاشياء
التى يجوز ان يرد الشرع
باباحتها وحرمتها قبل و
روده على الاباحة وهى
الاصل فيها حتىٰ ابيح لمن لم
يبلغه الشرع ان يأكل ما شاء
واليه اشار محمد وهو قول
الجبائى واصحاب الظاهر
وقال بعض اصحابنا و بعض
اصحاب الشافعى و معتزلة
بغداد انها على الحظر وقالت
الاشعرية وعامة اهل الحديث
انها على الوقف حتى ان من لم
يبلغه الشرع يتوقف ولا يتنا
ول شيئاً فان تناول لم يو
صف فعله بحل ولا حرمة

"ہمارے اور شوافع کے اکثر
اصحاب کا قول یہ ہے کہ وہ چیزیں
جن کی اباحت یا حرمت دونوں میں
شریعت کا ورود ممکن ہے وہ ورود
شریعت سے پہلے پہلے اباحت پر
محمول ہوں گی اور یہی ان میں اصل
ہے۔ یہاں تک کہ شریعت جس
آدمی تک نہیں پہونچی اسکے لئے کچھ
بھی کھانا مباح ہے۔ امام محمد نے
اسی کی طرف اشارہ کیا ہے۔ جبائی
اور اصحاب ظواہر کا یہی قول ہے اور
ہمارے اور امام شافعی کے بعض
اصحاب اور بغداد کے معتزلہ نے کہا
ہے کہ وہ ممنوع ہیں، اشاعرہ اور عام
اہل حدیث کا کہنا ہے کہ ان کا حکم
توقف ہے یہاں تک کہ جس آدمی
تک شریعت نہ پہونچے وہ کچھ نہ
تناول کرے توقف کرے۔ اور اگر
کچھ تناول کیا تو اس کا فعل حلت
وحرمت سے متصف نہیں ہوگا۔

وقال عبد القاهر البغدادی
تفسیر ہ لا یستحق ثوابا ولا
عقابا والیہ مال الشیخ ابو
منصور الخ۔

قولہ دلیل دہم آنکہ فی
مجالس الابرار انہ روی
عن المعذور بن سوید ان
عمر صلی فی طریق مکۃ ثم
رأی الناس یذھبون مذھباً
الخ۔

اقول اولاً کہ تبرک بمواضع
متبرکہ محبوبان حق سبحانہٗ خصوصاً مساجد
ومشاہد و آبار و آثار آنحضرت
ﷺ از جمہو رصحابہ و تابعین

عبدالقاہر بغدادی نے کہا ہے کہ اس
کا مفہوم یہ ہے کہ وہ ثواب یا عقاب
کا حق دار نہ ہوگا۔ شیخ ابو منصور کا
رجحان ادھر ہی ہے۔الخ۔

قولہ-دسویں دلیل یہ ہے کہ
مجالس الابرار میں ہے۔معذور ابن
سوید سے مروی ہے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے
مکہ کی راہ میں نماز ادا کی پھر لوگوں کو
دیکھا کہ وہ کہیں جارہے ہیں۔

اقول- اولاً حق سبحانہ کے
محبوب بندوں کے مقامات سے،
بالخصوص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے
کوؤں، مسجدوں، مشہدوں سے
تبرک حاصل کرنا جمہور صحابہؓ و تابعین

ودیگر ائمہ دین از سلف تا خلف ثابت و
صحیح ست پس یک دو قول را کہ موہم
خلاف آن باشند پیش آوردن و آنرا
دلیل قاطع برائے تضلیل ائمہ دین از
مجوزین عمل مولد دانستن دلیلے ست
قاطع بر سفاہت صاحب رسالہ۔

امام بخاری در صحیح خود آوردہ

حدثنا محمد بن ابی
بکر المقدمی قال نا فضیل
بن سلیمان قال نا موسی
بن عقبۃ قال رأیت سالم بن
عبداللّٰہ یتحریٰ اماکن من
الطریق فیصلی فیھا
ویحدث ان اباہ کان

اور سلف سے لیکر خلف تک دوسرے
ائمہ دین سے ثابت اور صحیح ہے۔
اسلئے ایک دو ایسے قول کو پیش کرنا جو
اس کے مخالف کا وہم پیدا کرے۔
اور اسے عمل میلاد کو جائز قرار دینے
والے ائمہ دین کی گمراہی کی دلیل
قطعی بنانا صاحب رسالہ کی بے وقوفی
پر دلیل یقینی ہے۔

امام بخاری نے اپنی صحیح میں
ذکر کیا ہے۔

"محمد ابن ابی بکر مقدمی نے ہم
سے، فضیل بن سلیمان نے اُن سے
اور موسیٰ ابن عقبہ نے فضیل ابن
سلیمان سے حدیث بیان کی۔ وہ
کہتے ہیں کہ میں نے سالم ابن عبد
اللہ کو راستہ کی کچھ جگہوں کو تلاش کر کے
وہاں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے اور
وہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے والدان
مقامات پر نماز ادا کرتے تھے

يصلي فيها وانه رأى النبي
صلى الله عليه وسلم يصلي في تلك الا مكنة
الحديث۔

علامہ عینی در شرح صحیح بخاری
آوردہ الوجه الثاني في بيان
وجه تتبع عبدالله ابن
عمر رضي الله عنهما
المواضع التي صلى فيها
رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو انه كان
يستحب التتبع لآثار النبي
صلى الله عليه وسلم التبرك
بها ولم يزل الناس يتبركون
بمواضع الصالحين الخ۔

در صحیح مسلم مروی ست کہ گفت
حضرت ابن مالك رضي الله
عنه اصابني في بصري شيء
فبعثت الى النبي ﷺ اني
احب ان تأتيني

اور انہوں نے وہاں نبی ﷺ کو نماز
پڑھتے ہوئے دیکھا تھا۔

علامہ عینی شرح صحیح بخاری میں
لکھتے ہیں:

''دوسری وجہ اس بات کے
بیان میں ہے کہ حضرت عبداللہ ابن
عمر رضی اللہ عنہ ان جگہوں کی جستجو
کیوں کرتے تھے جہاں رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی تھی
وجہ یہ ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے
آثار کی تلاش اور اس سے برکت کی
تحصیل مستحب سمجھتے تھے اور مقامات
صالحین سے لوگ برکت حاصل کرتے
چلے آئے ہیں الخ۔

صحیح مسلم میں مروی ہے کہ
حضرت ابن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔
''میری بینائی میں کچھ خلل
ہوگیا تو میں نے ایک صاحب کو نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا
کہ میری خواہش ہے کہ حضور میرے
یہاں تشریف لائیں اور میری خاطر

وتصلي لي في منزلي فاتخذه
مصلى وفي رواية فخط لي
خطا۔

امام نووی در شرح آوردہ۔

اي اعلم لي على موضع لا
تخذه مسجدا اي موضعا
اجعل صلوتي فيه متبركا
بآثارك وفي هذا الحديث
انواع من العلم ففيه التبرك
بآثار الصالحين الخ۔

شعرانی مستند صاحب رسالہ
وامثالش در کشف الغمہ آوردہ۔

وكانت الصحابة رضي
الله عنهم يتتبعون آثار
رسول الله صلى الله عليه
وسلم فكل مكان صلى فيه
يصلون فيه حتى كان ابن
عمر رضي الله عنهما

میرے گھر میں نماز ادا کردیں تاکہ
اسی جگہ کو میں نماز کے لئے مقرر
کرلوں ۔ اور ایک روایت میں ہے
کہ آپ میرے لئے نشان کھینچ دیں''

امام نووی شرح میں لکھتے ہیں:
''یعنی کسی جگہ نشان لگادیجئے
جسے میں مسجد یعنی نماز کی ادائیگی کا
مقام بنالوں اور آپ کے آثار سے
برکت حاصل کروں، اس حدیث میں
کئی طرح کے علوم ہیں، صالحین کے
آثار سے برکت حاصل کرنا بھی الخ۔

صاحب رسالہ اور اس جیسے
لوگوں کے مستند امام شعرانی نے
کشف الغمہ میں لکھا ہے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ
علیہم اجمعین رسول اکرم صلی اللہ علیہ
وسلم کے آثار کی جستجو کیا کرتے تھے
اور ہر اُس جگہ نماز ادا کرتے تھے
جہاں آپ ﷺ نے نماز ادا کی تھی۔
حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے تو

لم يزل يتعاهد شجرة ما
يسقى فقيل له فى ذلك فقال
رأيته ﷺ نزل تحتها مرة
فانى اتعاهدها حتى لا
تيبس الخ۔

در جذب القلوب آوردہ واز
انجملہ آنست کہ زیارت مساجد نبویہ و
تتبع آثار محمدیہ کہ در اثنائے طریق
واقع ند و در بیان مساجد ماثورہ
مذکورہ شدند لازم وقت داند الخ۔

شاہ ولی اللہ دہلوی در ہمعات در
بحث طہارت نوشتہ اند۔

حقیقت طہارت منحصر نیست در
غسل ووضو بلکہ بیسار چیز ہا

ایک درخت کے پاس آکر اسے پانی
دینے کی عادت بنالی تھی اور جب
ان سے دریافت کیا گیا تو بتایا کہ
میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
کو دیکھا ہے کہ اس کے نیچے ایک بار
انہوں نے اقامت فرمائی تو میں نے
اس درخت کے نیچے آکر اسے
سیراب کرنے کی عادت اسلئے بنالی
ہے کہ کہیں وہ خشک نہ ہوجائے۔

"جذب القلوب میں منقول
ہے کہ: ان تمام باتوں میں ایک یہ
ہے کہ ماثور مساجد کے بیان میں
مذکور راستہ میں واقع آثار محمدیہ و
مساجد نبویہ کی جستجو اور زیارت وقت
کی ضرورت سمجھے الخ"

شاہ ولی اللہ دہلوی ہمعات
کے اندر طہارت کی بحث میں لکھتے
ہیں کہ :

"حقیقت طہارت غسل و وضو
میں منحصر نہیں ہے۔ بلکہ بہت ساری

در حکم وضو وغسل ہستند چنانکہ صدقہ
دادن وفرشتگان وبزرگان را بخوبی یاد
کردن و در مواضع متبرکہ و مساجد
معظّمہ و مشاہد سلف صالح معتکف
شدن الخ۔

در تفسیر عزیزی فرمودہ وبرکت در
کلام و انفاس و افعال در مکانات
ایشان وہم صحبتان و اولاد ونسل
ایشان وزیارت کنندگان ایشان پے
در پے ظاہر میگردد الخ۔

وہمدران ست سیوم آنکہ بعض
مواضع متبرکہ مورد نعمت ورحمت الٰہی
گشتہ اند یا بعض خاندانہائے قدیم
اہل صلاح وتقوی خاصیتی پیدا کردہ
اند کہ در آنہا احداث توبہ نمودن و
طاعات بجا آوردن موجب سرعت
قبول وثمرات نیک می باشد الخ۔

بالجملہ استحسان تبرک

چیزیں غسل ووضو کے حکم میں ہیں
مثلاً صدقہ دینا، فرشتوں اور بزرگوں
کو بہ خوبی یاد کرنا متبرک مقامات اور
باعظمت مساجد اور سلف صالحین کے
مشاہد میں معتکف ہونا الخ"

تفسیر عزیزی میں فرمایا ہے
"ان کی ذات، ان کے مکانات اُن
کے افعال ان کی گفتگو، ان کے
مصاحبین، ان کی اولاد ان کی نسل اور
ان سے ملاقات کرنے والوں کے
اندر مسلسل برکتوں کا ظہور ہوتا ہے"

اسی میں ہے "سوم یہ کہ بعض
مقامات متبرکہ اللہ کی نعمت اور رحمت
کے ورود کا محل بن گئے ہیں یا بعض
قدیم اربابِ صلاح وتقویٰ کے
خانوادوں میں کچھ خاصیت پیدا
ہوگئی ہے کہ ان کے درمیان توبہ کرنا،
اطاعت بجالانا جلد قبولیت اور نیک
نتائج کا موجب ہیں۔

الحاصل مقامات متبرکہ سے
برکت حاصل کرنا برکت کے حصول

بمواضع متبرکہ وادائے عبادات بہ نیت حصول برکت از سلف و خلف ثابت ست

وثانیاً قطع نظر از دیگر آثار صریحہ صحیحہ ہمیں اثر منقول از مجالس دلالت میدارد بر استحسان تبرک بمشاہد و مساجد آنحضرت ﷺ از صحابہ و تابعین کہ دراں لفظ "رأی الناس یذھبون" موجود ونبود ناس دراں وقت مگر صحابہ وتابعین پس چگونہ عمل آنحضرات کرام را موجب ضلالت اعتقاد کردہ شود و بنا بر قیاس برآں حکم مولد ہم ہماں قرار دادہ آید کسیکہ بسیرو مطالعۂ کتب حدیث وفقہ مشرف ست مفاد ایں لفظ نیک میداند در ینجا یکدو مثال مذکور می کنم علامہ عینی در شرح صحیح بخاری شریف در باب صدقۃ الفطر آوردہ۔

کی نیت سے وہاں عبادت ادا کرنا سلف وخلف سے ثابت ہے۔

ثانیاً دوسرے صریح وصحیح آثار سے قطع نظر مجالس الابرار کی یہی مذکورہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مشاہد ومساجد سے برکت حاصل کرنا صحابہ و تابعین کے نزدیک مستحسن ہے کیونکہ اس میں لفظ "رأی لناس یذھبون" موجود ہے اور اس زمانہ میں یہ لوگ تو صحابہ یا تابعین ہی تھے۔ پھر کس طرح ان کے عمل کو گمراہی کا موجب سمجھا جائے گا۔ اور اس پر قیاس کر کے میلاد کا وہی حکم قرار پائے گا۔

جو آدمی فقہ وحدیث کی کتابوں کے مطالعہ کا شرف رکھتا ہے اس لفظ کا مفاد خوب سمجھتا ہے یہاں ایک دو مثال ذکر کررہا ہوں علامہ عینی، نے صحیح بخاری شریف کی شرح میں صدقۃ الفطر کے بیان میں نقل فرمایا ہے۔

قال ابوداؤد عن ابی سعید الخدری رضی الله عنه قال کنا نخرج اذا کان فینا رسول الله صلی الله علیه وسلم زکوٰة الفطر عن کل صغیر و کبیر حر ومملوك صاعا من طعام اوصاعا من اقط اوصاعا من شعیر اوصاعاً من تمر اوصاعا من زبیب فلم نزل نخرجه حتی قدم معاویة حاجا او معتمراً فکلم الناس علی المنبر فکان فیما کلم الناس ان قال انی اری مدین من بر الشام صاعاً من تمرٍ فاخذ الناس بذلك قال ابو سعید فاما انا فلا ازال اخرجه ابداما عشت قال النووی

"حضرت ابوداؤد نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کر کے کہا کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں ہر صغیر وکبیر، آزاد غلام کی طرف سے صدقۂ فطر ایک صاع کھانا، یا ایک صاع پنیر یا ایک صاع جو یا ایک صاع کھجور یا ایک صاع کشمش نکالا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ عمرہ یا حج کے لئے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور منبر پر لوگوں سے بات چیت کی ان کی گفتگو میں یہ بات بھی تھی کہ انہوں نے فرمایا "میرا خیال ہے کہ دو مد شامی گیہوں یا ایک صاع کھجور ہے۔ لوگوں نے اسی کو اخذ کرلیا۔ حضرت ابو سعید خدری نے کہا کہ لیکن میں تا حیات وہی نکالتا رہا۔ امام نووی نے فرمایا

هذا الحديث معتمد ابی
حنيفة ثم قال انه فعل
صحابی ای معاوية رضی الله
تعالیٰ عنه وقد خالفه ابو
سعيد و غيره من الصحابة
ممن هو اطول صحبة و اعلم
بحال النبی صلی الله عليه
وسلم قلنا ان قولهٔ فعل
صحابی لا يمنع لانه قد وافقه
غيره من الصحابة الجم
الغفير بدليل قوله فی
الحديث فاخذ الناس و لفظ
الناس للعموم فكان اجماعا
فلا يضر مخالفة ابی سعيد
رضی الله تعالیٰ عنه لذلك الخ ۔

در غنیۃ المستملی در بحث عدم
استحباب قنوت در غیر وتر آوردہ۔

کہ اسی حدیث پر امام ابو حنیفہ کا
اعتماد ہے۔ پھر فرمایا کہ وہ ایک صحابی
یعنی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا فعل
ہے جس کی مخالفت حضرت ابو سعید
خدری اور دیگر اُن صحابۂ کرام نے
کی ہے جو نسبتاً عرصۂ دراز تک حضور
صلی اللہ علیہ وسلم کے مصاحب رہے
ہیں اور ان کے حالات سے نسبتاً
زیادہ آشنا ہیں۔ ہم کہیں گے کہ ان کا
قول ''فعل صحابی'' مانع نہیں ہے
کیونکہ ان کی موافقت ان کے علاوہ
صحابہ کی ایک بڑی جماعت نے
کردی ہے جس کی دلیل حدیث
میں راوی کا قول ''فاخذ الناس''
ہے لفظ ناس عموم کیلئے ہے تو اجماع
ہوگا اس لئے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ
کی مخالفت مضر نہیں ہوگی۔ الخ''۔

غنیۃ المستملی میں وتر کے علاوہ
قنوت کے عدم استحباب کے بیان
میں منقول ہے :

و اخرج عن علی رضی اللہ عنہ انه
لما قنت فی الصبح انكر
الناس عليه فقال استنصر نا
علی عدو نا و فيه انه كان
منكرا عند الناس وليس
الناس اذ ذاك الا الصحابة
والتابعين رضی الله عنه الخ۔

بالجملہ امریکہ از صحابہ و تابعین و
دیگر ائمۂ دین مروی باشد بہ جہت
خلاف کدامی روایت در مسائل فرعیہ
آنرا ضلالت قرار دادن والزام
ضلالت برائمۂ امت نہادن محض
ضلالت ست۔

وثالثا این امر رامعارض ست دیگر
آثار معروفہ کہ مثبت اہتمام حضرت

''حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ
عنہ سے منقول ہے کہ جب انہوں
نے صبح کی نماز میں قنوت پڑھا تو
لوگوں نے ناپسند کیا۔ تو حضرت علی
رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم
نے دشمن کے خلاف نصرت وحمایت
طلب کی ہے۔ اس میں اس کا بیان
ہے کہ نماز صبح میں قنوت پڑھنا ،
لوگوں کے نزدیک ناپسندیدہ عمل تھا
اور لوگ تو اس وقت صحابہ تھے یا
تابعین۔''

الحاصل وہ امر جو صحابہ، تابعین
اور دیگر ائمۂ دین سے مروی ہو۔
اسے فرعی مسائل میں کسی روایت
کے خلاف ہونے کی بناء پر گمراہی
قرار دینا اور ائمۂ امت پر گمراہی کا
الزام رکھنا خالص گمراہی ہے۔

ثالثاً۔ یہ بات ان دیگر
معروف آثار کے معارض ہے جس
میں اس بات کا ثبوت ہے کہ حضرت

امیر المؤمنین فاروق رضی اللہ تعالیٰ
عنہ بزیارت آنحضرت و مساجد و
مشاہد آنحضرت ہستند۔

درجذب القلوب آوردہ کہ روزے
امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ بزیارت
مسجد قبا آمد فرمود سوگند بخدا پیغمبر خدا را
دیدم کہ با اصحاب خود سنگ برائے
بنائے ایں مسجد می کشید واللہ اگر ایں
مسجد در طرفے از اطراف عالم می بود
چہ جگر ہائے شتران کہ در طلب او نمی
زدیم پس شاخہائے خرما طلبیدہ و
جارو بے بربست و تنظیف خس و
خاشاک نمود الخ۔

ونیز درجذب القلوب آوردہ کہ
چون امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ فتح
شام کرد با اہل بیت مقدس مصالحہ نمود

امیر المؤمنین فاروق رضی اللہ عنہ
آنحضرت اوران کے مساجد و مشاہد
کی زیارت کا اہتمام کرتے تھے۔

جذب القلوب میں نقل کیا ہے
کہ ''ایک روز امیر المؤمنین عمر رضی
اللہ تعالیٰ عنہ مسجد قبا کی زیارت کے
لئے آئے اور فرمایا۔ کہ قسم خدا کی
میں نے پیغمبر خدا ﷺ کو اس مسجد کی
تعمیر کے لئے اپنے اصحاب کے
ساتھ پتھر اٹھاتے دیکھا ہے۔ واللہ
اگر یہ مسجد دنیا کے کسی دور دراز گوشہ
میں بھی ہوتی تو اس کی طلب میں
سفر کی صعوبت برداشت کر کے ہم
جاتے۔ پھر کھجور کی شاخ طلب کی
اور جھاڑو بنا کر خس و خاشاک کو
صاف فرمایا۔''

نیز جذب القلوب میں
منقول ہے کہ جب امیر المؤمنین عمر
رضی اللہ عنہ نے شام کو فتح فرمایا اور
بیت المقدس والوں کے ساتھ

کعب احبار آمد و بشرف اسلام مشرف
شد عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ را
باسلام او غایت فرح و سرور دست داد
در وقت رجوع باوی گفت یا کعب
خواہی کہ با ما بہ مدینہ آئی و زیارت سید
انبیاء کنی ﷺ گفت نعم یا امیر
المؤمنین انا افعل ذلك بعداز
قدوم بمدینہ مطہرہ اول کاری کہ
عمر رضی اللہ عنہ کرد سلام پیغمبر بود
ﷺ الخ۔

ورابعاً برتقدیر سلامت از معارضہ ہم
ازیں اثر بطلان فضیلت و استحباب و
تطوعیت تبرک بآثار و مشاہد نبویہ علی صاحبہا
الصلوٰۃ والسلام وضلالت معتقد آں کہ
مزعوم اسماعیلیہ است ثابت نیست

مصالحت کی تو حضرت کعب احبار
آئے اور شرفِ اسلام سے مشرف
ہوئے عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ کو
ان کے اسلام لانے سے انتہائی
فرحت و مسرت حاصل ہوئی لوٹتے
وقت ان سے بولے اے کعب آپ
ہمارے ساتھ مدینہ چل کر سید الانبیاء
صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنا
چاہیں گے؟ تو انہوں نے کہا ہاں
اے امیر المؤمنین میں ایسا ہی کروں
گا۔ مدینہ مطہرہ آمد کے بعد حضرت
عمر رضی اللہ نے پہلا کام جو کیا وہ
پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں
سلام پیش کرنا تھا۔

رابعاً - اس اثر کے معارضہ
سے سلامتی کی تقدیر پر بھی
حضور ﷺ کے آثار و مشاہد سے
تحصیل برکت کے استحباب کا بطلان
اور اس کے معتقد کی اسماعیلیوں کے
خیال خام کے مطابق گمراہی کا

که بعض ائمه کرام در ابتداء شیوع
اسلام براهتمام و التزام بسیاری از
ابواب خیرو مستحبات و تطوعات
وبرائے اعلام وتمیز احکام انکار فرموده
اند باوجود یکه جمهور محققین ائمهٔ دین
قائل و معتقد استحسان وفضیلت بلکه
مداومت همان امور خیر بوده اند پس
غرض تعلیم آنست که کسے آں را از
عبادات مفروضه وواجبه نه انگارد
چنانکه لفظ فلا یعتمدها دریں
اثر هم دلالت برآں دارد۔

علامه عینی درشرح صحیح بخاری بعد
ذکر استمرار ناس ازعهد صحابه وتابعین بر
تبرک بمواضع صالحین فرموده ۔

قالوا اما ماروی

ثبوت نہیں ہوگا۔ اسلئے کہ بعض ائمۂ
کرام نے احکام میں امتیاز کیلئے،
اشاعتِ اسلام کے ابتدائی زمانہ
میں، بہت ساری بھلائیوں اور
مستحبات ونوافل کے اہتمام والتزام
کا انکار کیا ہے۔ اس کے باوجود،
جمہور محققین ائمۂ دین نہ صرف یہ کہ
اُن امور خیر کی فضیلت و استحسان
کے قائل اور معتقد رہے ہیں بلکہ ان
پر مداومت بھی فرمائی ہے۔ پس تعلیم
کا مقصود یہ رہا کہ کوئی اُنھیں فرض و
واجب عبادات میں نہ شمار کرلے۔
جیسا کہ اسی اثر میں ''فلا یعتمدھا''
کا لفظ اسی پر دلالت کر رہا ہے۔

علامہ عینی نے شرح صحیح بخاری
میں، صحابہ وتابعین سے لیکر ابتک
صالحین کے مواضع سے لوگوں کے
ہمیشہ برکت حاصل کرتے رہنے کا
ذکر کرنے کے بعد فرمایا۔

''فقہاء نے فرمایا ہے کہ

عن عمر رضی الله عنه انه
کره ذلك فلا نه خشی ان
یلتزم الناس الصلوة فی تلك
المواضع فیشکل ذلك علی من
یاتی بعدهم ویری ذلك واجبا
وکذا ینبغی للعالم اذا رأی
الناس یلتزمون النوافل
التزاما شدیدا ان یترخص
فیها فی بعض المدات و
یترکها لیعلم بذلك انها غیر
واجبة الخ۔

درغنیة الطالبین آورده قدورد
عن بعض الصحابة انکار
صلوة الضحیٰ فمن ذلك
ماروی ابن المبارك من
اصحابنا باسناده عن ابن
عمر رضی الله عنه

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت
کہ انہوں نے اسے (یعنی راہ مکہ
کے بعض مقامات پر نماز پڑھنے کو)
مکروہ سمجھا وہ اس لئے کہ انھیں خطرہ
لگا کہ اُن مقامات میں اگر لوگ نماز
کا التزام کرلیں گے تو بعد میں آنے
والوں کے لئے مشکل کھڑی ہو
جائے گی اور وہ اسے واجب سمجھ لیں
گے عالم کے لئے یہی مناسب ہے
جب وہ لوگوں کو دیکھے کہ نوافل کا
شدید التزام کررہے ہیں تو بعض
مدوں میں تساہلی برتے اور ترک کر
دے تاکہ معلوم ہو کہ وہ واجب نہیں
ہے۔''

غنیۃ الطالبین میں ہے :

''بعض صحابہ سے نماز چاشت
کا انکار مروی ہے۔ اسی قبیل سے
ہمارے اصحاب میں ابن مبارک
نے عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کی
سند سے روایت کی ہے کہ انہوں

انه قال ما صليت منذ اسلمت الا ان اطوف با لبيت و انها لبدعة و نعمت البدعة و انها لمن احسن ما احدثه الناس وكان ابن مسعود رضى الله عنه يقول فى صلوٰة الضحیٰ يا عباد الله لا تحملو اا لناس على مالم يحملهم الله فان كنتم لا بد فا عليها فصلو ها فى بيوتكم وكل هذا لايدّل على رد ما قد ماذكر ہ من الفضائل الواردة فى فعلها انما اراد و ذلك لئلا يشتبه بصلوٰة الفرض فيعتقد الناس وجوبها وليس كل الناس سواءً فى نشاط العبادة فطلبوا التسهيل عليهم الیٰ آخره

نے فرمایا کہ میں نے یہ نماز اسلام لانے کے بعد انہیں کی سوائے اس صورت میں کہ بیت اللہ کا طواف کروں ۔ وہ بدعت ہے اور بڑی اچھی بدعت ہے ۔ لوگوں نے جن چیزوں کی ایجاد کی ہے یہ اُن میں احسن ترین ہے ۔ نماز چاشت کے بارے میں حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے ۔ خدا کے بندو! لوگوں پر وہ بار نہ رکھو جو ان پر اللہ نے نہیں رکھا ہے اگر تم پڑھنا ہی چاہتے ہو تو گھروں میں پڑھ لو یہ ساری باتیں اُن فضائل کا رد نہیں جو اس کی ادائیگی کے بارے میں وارد ہیں اور جن کا تذکرہ ہم پہلے کر چکے ہیں ۔ ان کی مراد یہ ہے کہ اس کا فرض نماز کے ساتھ اشتباہ نہ ہو اور لوگ اسکے وجوب کا اعتقاد نہ کریں نشاطِ عبادت میں سب یکساں تو ہیں نہیں ۔ اسلئے انہوں نے اُن پر سہولت چاہی ہے الخ ۔"

قولہٗ ۔ وكذلك لما بلغه ان الناس يتنا ولون الشجرة التى بويع تحتها الخ ۔

اقول ۔ از کتب معتمدہ بروایات معتمدہ ظاہر کہ شجرہ کہ بیعت تحت آن شدہ بود مشتبہ گردید و دو کس راہم از حاضرین بیعت اتفاق اجتماع بر آن نیفتادہ ۔

در صحیح بخاری شریف آوردہ

عن نافع قال قال ابن عمر رضى الله عنه رجعنا من العام المقبل فما اجتمع منا اثنان على الشجرة التى بايعنا تحتها كانت رحمة من الله الیٰ آخره ۔

قولہ ۔ اور یونہی جب فاروق اعظم کو اطلاع ملی کہ لوگ اس درخت کو تناول کرنے لگے ہیں جس کے نیچے بیعت ہوئی تھی تو انہوں نے اسے کٹوا دیا ۔

اقول ۔ معتمد کتابوں کی قابل اعتماد روایات سے یہ ظاہر ہے کہ جس درخت کے نیچے بیعت ہوئی تھی وہ مشتبہ ہو گیا تھا اور حاضرین بیعت میں سے دو فرد کا بھی اس درخت پر اتفاق نہیں ہو سکا ۔ صحیح بخاری شریف میں حضرت نافع سے مروی ہے ۔

راوی کہتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آئندہ سال جب ہم لوٹے تو ہم میں سے دو فرد کا بھی اُس درخت پر اتفاق نہ ہو سکا جس کے نیچے بیعت ہوئی تھی ۔ یہ من جانب اللہ ایک رحمت تھی الخ ۔

درحاشیہ نسخہ مطبوعہ دہلی از کرمانی
آوردہ فما اجتمع منا ای ما
وافق منا رجلان علی الشجرۃ
انہا ہی التی وقعت المبایعۃ
تحتہا بل خفی علینا مکانہا۔

وہمدران حاشیۃ است
کانت رحمۃ من اللہ ای کان
اخفاءہا علیہم رحمۃ من اللہ
لئلا یعظمہا الناس تعظیما
ممنوعاً شرعاً کذا قالہ
النووی وغیرہ۔

و نیز درصحیح بخاری از سعید بن
المسیب آوردہ،

حدثنی انہ کان فیمن
بایع رسول اللہ ﷺ تحت
الشجرۃ قال فلما خرجنا من
العام المقبل نسیناہا

دہلی میں مطبوعہ نسخہ کے حاشیہ
میں علامہ کرمانی سے منقول ہے:
"فما اجتمع منا" یعنی ہم
میں دو آدمی بھی اس درخت پر ہم
رائے نہیں ہوئے جس کے نیچے
بیعت ہوئی تھی۔ بلکہ اس کا محل وقوع
ہم پر مخفی ہوگیا اسی حاشیہ میں ہے:
"کانت رحمۃ من اللہ"
یعنی اس کا اُن پر مخفی کرنا من جانب
اللہ ایک رحمت تھی تا کہ لوگ اس کی
ایسی تعظیم نہ کرنے لگیں جو شرعاً
ممنوع ہو امام نووی وغیرہ نے یونہی
ارشاد فرمایا ہے۔"

نیز بخاری شریف میں حضرت
سعید ابن مسیّب رضی اللہ عنہ سے
منقول ہے:

"انہوں نے بیان کیا کہ وہ
رسول اکرم ﷺ کی بیعت کرنے
والوں میں تھے کہتے ہیں کہ جب ہم
اگلے سال نکلے تو اس درخت کو بھول

فلم نقدر علیہا الخ۔
و در روایت دیگر آمدہ فرجعنا
الیہا العام المقبل فعمیت
علینا (الحدیث)۔

پس قول بعض علماء کرام کہ قائل
قطع ہمان شجرۂ معینہ اند چرا بر شہادت
صحابۂ کرام کہ در صحیح بخاری شریف
موجود ست راجح گردد و روایات صحیح
بخاری قابل اعتماد نباشد۔

اما آنچہ در بعض روایات ذکر
امر قطع شجرہ نسبت حضرت امیر
المؤمنین مروی ست پس محققین
تحقیق فرمودہ اند کہ شجرۂ دیگر بود کہ
بعض کسان باوجود غائب گردانیدہ
شدن شجرۂ بیعت آنرا از غلطی ہمان
شجرۂ بیعت فہمیدہ بودند

گئے اور اس کی پہچان پر قادر نہ
ہوئے۔"

ایک دوسری روایت میں آیا
ہے کہ "آئندہ سال جب ہم لوگ
وہاں واپس ہوئے تو وہ درخت ہم
پر مخفی ہوگیا۔" صحیح بخاری شریف
میں موجود صحابہ کرام کی شہادت
کے برخلاف اُن بعض علماء کا قول
کیونکر راجح ہوگا جو اُسی متعین
درخت کے کاٹے جانے کے قائل
ہیں (جسکے نیچے بیعت ہوئی تھی) اور
صحیح بخاری شریف کی روایتیں کیوں
قابل اعتماد نہیں ہوں گی۔

رہ گئی یہ بات کہ بعض روایات
میں درخت کاٹنے کے حکم کی نسبت
حضرت امیر المؤمنین کیطرف کی گئی
ہے تو محققین تحقیق نے فرمایا ہے کہ
وہ دوسرا درخت تھا جسے لوگوں نے
"شجرۂ بیعت" کے مخفی کردئے جانے
کے باوجود غلطی سے شجرۂ بیعت سمجھ لیا

پس برائے رفع شیوع کذب وافتراء
امر بقطع گردیدہ۔

در رسالہ مکاتیب شاہ عبدالعزیز
صاحب دہلوی کہ جمع نمودۂ مولوی
حاجی رفیع الدین خان صاحب مراد
آبادی علیہاالرحمۃ است مرقوم۔

اقول الذی یظهر من
مجموع الروایات فی امر
الشجرة ان الشجرة غممت
علی الناس بعد وقوع البیعة
لحکمة مخفیة والمجمل انه
تعالیٰ لما علق الرضابالبیعة
تحت الشجرة کان مظنة ان
یسبق الیٰ ذهن العوام ان
لتلك الشجرة دخلا فی تعلیق
الرضا فرفع الله تعالیٰ تلك
الشجرة عن ابصارهم

تھا اس لئے جھوٹ اور افتراء کی
اشاعت روکنے کی غرض سے کاٹنے
کا حکم دیا گیا۔

مولوی حاجی رفیع الدین صاحب
مراد آبادی علیہ الرحمہ کی جمع کردہ
رسالہ مکاتیب شاہ عبدالعزیز محدث
دہلوی علیہ الرحمہ میں مرقوم ہے:

”میں کہتا ہوں درخت سے
متعلق تمام روایات کے مجموعہ سے
جوبات ظاہر ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ
اُس درخت کو، بیعت کے بعد ایک
مخفی حکمت کی وجہ سے لوگوں پر چھپا
دیا گیا تھا۔ ایک مجمل بات یہ ہے کہ
اللہ تعالیٰ نے جب اپنی رضا کو زیر
درخت بیعت پر معلّق کر دیا تو اس
گمان کی گنجائش تھی کہ کہیں عوام کے
ذہن میں یہ بات نہ آجائے کہ رضا
کی تعلیق میں اس درخت کا بھی دخل
ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اسے
لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل کر دیا۔

والقوم کانوا حدیثی عهد
بالجاهلیة و عبادة الانصاب
حتی قالوا یو ماً للرسول صلی
الله علیه وسلم اجعل لنا ذات
انواط کما کانت لهم فاخمل
ذکرها ثم لما عین بعض
الناس موضعها بالقیاس
والحدس وکانت تلك الشجرة
فی الحقیقة غیرها امر امیر
المؤمنین بقطعها لا لان
التبرك بآثار الصالحین
مذموم غیر محمود بل لان
الجعل والغش فی التبرکات
امر مذموم الیٰ قوله فالامر
بالقطع انما کان لاجل ان
عمر رضی الله عنه کان
یعلم ان الشجرة غممت عن
الابصار و ان هذه الشجرة
لیست تلك الشجرة التی من
شانها ان یتبرك بها وقول

اور قوم، جاہلیت اور استھانوں کی
عبادت کے عہد سے قریب تھی یہاں
تک کہ انہوں نے رسول اکرم ﷺ
سے عرض تھا کہ ہمارے لئے ”ذات
انواط“ بنادیجئے جیسا کہ پہلے تھا۔ تو
اس کی یاد گم کر دی گئی پھر جب لوگوں
نے اپنے قیاس اور حسن باطن سے
اس کا محل وقوع متعین کر لیا اور در
حقیقت وہ درخت دوسرا تھا تو امیر
المؤمنین نے اس کے کاٹنے کا حکم
دیدیا۔ اس لئے نہیں کہ صالحین کے
آثار سے تبرک حاصل کرنا مذموم
ہے محمود نہیں بلکہ اسلئے کہ تبرکات میں
فریب اور بناوٹ امر مذموم ہے
”الیٰ قولہ“ تو کاٹنے کا حکم اس وجہ
سے تھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ
جانتے تھے کہ اُس درخت کو نگاہوں
سے چھپا دیا گیا ہے اور یہ درخت وہ
نہیں جس سے برکت حاصل کرنا
شایانِ شان ہے ۔ اور حضرت

جابر رضی الله عنه لو كنت
ابصر اليوم لا ريتكم
مكان الشجرة لا يدل الاعلى
انه كان يضبط مكان الشجرة
وهو لا يدل على بقاء الشجرة
بل يدل علىٰ رفع معرفة
الشجرة الخ۔

وثانیاً اگر برخلاف شہادت صحابۂ
کرام قول بعض علماء تسلیم کردہ شود
ومحمول برسہو نکردہ آید و گفتہ شود کہ آں
شجرۂ مخصوصہ غائب ومخفی نکردہ شدہ بود
وہمان شجرہ راقطع کردند تاہم تبرک و
توسل بآثار و مساجد و تبرکات
آنحضرت ﷺ کہ ماثور از صحابۂ
کرام وسلف عظام ست چگونہ صرف
بایں دلیل حکم ممانعت آں و الزام
ضلالت برفاعل آں کہ مزعوم وہابیہ است

جابر رضی اللہ عنہ کا یہ قول کہ اگر آج میری
بینائی برقرار ہوتی تو میں تمہیں درخت
کی جگہ دکھا دیتا صرف اس بات پر
دلالت کرتا ہے کہ انہیں درخت کی
جگہ یاد تھی، اس پر دلالت نہیں کرتا
کہ درخت برقرار تھا بلکہ اس پر
دلالت کرتا ہے کہ درخت کی شناخت
ختم کردی گئی تھی۔

ثانیاً- اگر صحابہ کرام کی شہادت
کے برخلاف بعض علماء کا قول مان لیا
جائے اور بھول پر محمول نہ کیا جائے
اور کہا جائے کہ اُس مخصوص درخت
کو غائب اور مخفی نہیں کیا گیا تھا اور
اسی درخت کوانھوں نے کاٹا تاہم
صحابۂ کرام اور اسلافِ عظام سے
منقول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے تبرکات ، مساجد اور آثار سے
توسل کرنا اُن سے برکت حاصل
کرنا وہابیہ کے فاسد خیال کے
مطابق کیونکر ممنوع ہوگا اور اس کے

نمودہ آید کہ اگر بناء بر ضرورت دفع
وہم مداخلت آں در قبولیت و رضوان
بیعت بجہت قرب دخول اعراب و
عوام در اسلام و نیز بجہت عدم تدوین
احکام انکار بر التزام صلوٰۃ تحت آں
نمودہ آید یا آں را قطع نمودہ شود
بالاتر از ان نیست کہ حضرت ابن
مسعود وغیرہ انکار بر صلوٰۃ ضحیٰ میفر
مودند معہذا انکار شاں وہمچناں اطلاق
بدعت براں کہ بناء بر مصلحت تمیز
احکام بود مستلزم حرمت صلوٰۃ ضحیٰ و
ضلالت ملتزم ومداوم آں نگردیدہ۔

کرنے والوں پر گمراہی کا الزام کس
طرح لگایا جائے گا۔

اسلئے کہ اعراب اور عوام کی
اسلام میں آمد ابھی قریب میں ہونے
کی بناء پر اُن کے اس وہم کو ختم
کرنے کے لئے کہ بیعت سے رضا
اور اس کی قبولیت میں، اس درخت
کا عمل دخل ہے، اور اس وجہ سے بھی
کہ تب احکام کی تدوین نہیں ہوئی
تھی اُس درخت کے نیچے نماز کے
التزام کا انکار کیا جائے یا اسے کاٹ
دیا جائے یہ اُس انکار سے بڑھ کر
نہیں، جو حضرت عبداللہ ابن مسعود
رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز چاشت
کے تعلق سے فرمایا ہے اور اس کے
باوجود اُن کا وہ انکار اور اس پر اطلاق
بدعت جو احکام کے امتیاز کی مصلحت
کی بناء پر تھا نماز چاشت کی حرمت
اور اسکا التزام کرنے والے کی
گمراہی کو مستلزم نہ ہوا۔

قولہٗ-قیل لابن مسعود ان
قوما اجتمعوا فی المسجد
یھللون و یصلون علی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم و
یرفعون اصواتھم فی المسجد
لمخالفتھم برسول اللہ ﷺ
فما ظنک بالذین عقد و ا
مجالس مولد النبی الخ

اقول- اولا اگر حضرت ابن
مسعود رضی اللہ عنہ بر رافعین اصوات
در مسجد بہ تہلیل وصلوٰۃ انکار فرمود و معہود
نبودن رفع اصوات در عہد آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم بیان نمود مقصود از اں
رفع تشویش خاطر مصلیان بود اسماعیلیہ
را در ان چہ بہبود چون آنحضرت
ﷺ از رفع اصوات در مسجد منع
فرمودہ اند و در عہد صحابہٴ کرام

قولہ- حضرت عبداللہ ابن
مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کیا گیا
کہ ایک قوم مسجد میں اکٹھا ہو کر باآواز
بلند کلمہ پڑھ رہی ہے اور نبی ﷺ پر
درود بھیج رہی ہے کیوں کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کر رہے
تھے۔ پھر میلاد النبی کی مجلس منعقد
کرنے والوں کے بارے میں تمہار
کیا خیال ہے؟

اقول - اولاً حضرت عبداللہ
ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مسجد کے
اندر کلمہ اور درود کی آواز بلند کرنے
والوں پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا اور
بیان کیا کہ رفع صوت آنحضرت
ﷺ کے زمانہ میں معہود نہیں تھا اگر
اس سے مقصود نمازیوں کی پریشان
خاطری کو ختم کرنا تھا تو اسماعیلیوں کو
اس سے کیا فائدہ؟ جب خود حضور
ﷺ نے مسجد میں آواز بلند کرنے
سے روکا ہے اور صحابہٴ کرام کے

در مسجد شریف بکمال آہستگی و اسرار
متکلم بودہ اند پس اگر کدامی مجتہد
حسب اجتہاد خود رفع اصوات تہلیل
وتصلیہ را ہم نزد خود مخالف سنت قرار
دہد کئے مستلزم آں است کہ بر عمل مولد
کہ ائمہٴ دین استحسان آں فرمودہ اند و
معہود بودن اجزاء آں از سنت ثابت
نمودہ اند گو جمع آں چند عبادات ثابتہ
در جلسہٴ واحدہ بخصوصہا ماثور نباشد
اما ہیچ گونہ مخالفت بہ ہیچ سنت ندارد
خواہ مخواہ برائے تضلیل اکابر دین
تہمت مخالفت سنت سید المرسلین ﷺ
نہادہ آید منشاء ایں قیاس مع الفارق
جہالت از معنی لفظ مخالفت ست۔

و ثانیاً رفع صوت باذکار در
مساجد مسئلہٴ است فقہیہ فرعیہ

عہد میں مسجد شریف کے اندر پوری
آہستگی اور راز دارانہ طریقہ پر لوگ
گفتگو کرتے رہے ہیں۔ پھر اگر کوئی
مجتہد اپنے اجتہاد کے مطابق کلمہ اور
درود کی بلند آواز کو بھی سنت کے
مخالف قرار دے تو اس بات کو کب
مستلزم ہے کہ اُس عمل میلاد پر
خواہ مخواہ محض اکابر دین کو گمراہ قرار
دینے کیلئے سنتِ سید المرسلین ﷺ
سے مخالفت کی تہمت رکھی جائے
جس کا استحسان ائمہ دین نے فرمایا
ہے اور اس کے اجزاء کا معہود ہونا سنت
سے ثابت کیا ہے بھلے ایک نشست
میں ان ثابت عبادتوں کا اکٹھا کرنا
خصوصیت سے منقول نہ ہو لیکن کسی
بھی طرح کسی سنت کے مخالف بھی تو
نہیں ہے۔ لفظِ مخالفت کا مفہوم نہ
جاننا اس قیاس مع الفارق کی بنیاد ہے۔

ثانیاً- مساجد میں بذریعہٴ
اذکار آواز بلند کرنا ایک فقہی اور فرعی

که بعض فقهاء باستدلالِ احادیث
ممانعت رفع اصوات مکروه می پندارند
و دیگران جواب ازاں استدلال داده
بجهت دیگر دلائل جائز می پندارند و انکار
حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ را مانند
انکار بعض صحابہ کرام بر صلوٰۃ ضحیٰ و
اطلاق بدعت براں بغرض مصلحت
تعلیم و تمیز احکام می دارند پس قطع نظر
از انکہ قیاس عمل مولد براں درست
نبود در خصوص ایں مسئلہ ہم کہ استدلال
باں نموده مطلب اسماعیلیہ کہ تضلیل و
تکفیر ائمہ امت محمدیہ و الزام تہمت
مخالفت شریعت بر آنحضرات است
رونہ نمود۔

در اشباه و نظائر در احکام مسجد
جائیکہ نوشتہ و رفع الصوت
بالذکر الا للمتفقهۃ الخ

مسئلہ ہے بعض فقہاء ممانعت کی
احادیث سے استدلال کر کے آواز
بلند کرنا مکروہ سمجھتے ہیں اور دوسرے
اس استدلال کا جواب دیکر دوسرے
دلائل کی رو سے جائز سمجھتے ہیں
اور حضرت عبد اللہ ابن مسعود
رضی اللہ عنہ کے انکار کو بعض صحابۂ کرام
کے نماز چاشت پر انکار جیسا سمجھتے
ہیں اور اُس پر اُن کے بدعت کے
اطلاق کو مصلحتِ تعلیم اور تمیز احکام
کی غرض پر محمول کرتے ہیں۔

پس قطع نظر اس سے کہ عمل
میلاد کا قیاس اس پر درست نہیں ہے
خاص اس مسئلہ میں بھی اس سے
استدلال کر کے اسماعیلی لوگوں کا مقصود
یعنی ائمہ امتِ محمدیہ کی تکفیر و تضلیل
اور ان حضرات پر مخالفت شریعت
کی تہمت و الزام پورا نہیں ہوگا۔

اشباه و نظائر میں احکام مسجد کا
بیان کرتے ہوئے جہاں "و رفع
الصوت الا للمتفقه الخ لکھا ہے

علامہ حموی ایں قول فرموده :

قد اضطرب کلام
البزازی فی هذه المسئلة
فقال و فی فتاویٰ القاضی
الجهر بالذکر حرام وقد صح
عن ابن مسعود انه سمع قوما
اجتمعوا فی مسجد الیٰ قوله
ثم قال فان قلت المذکور فی
الفتاویٰ ان الجهر بالذکر و لو
فی المسجد لا یمنع احترازا
عن الدخول تحت قوله تعالیٰ
ومن اظلم ممن منع مساجد
الله ان یذکر فیها اسمه
وصنیع ابن مسعود رضی
الله عنه یخالف قولکم قلت
الاخراج من المسجد لو نسب
الیه بطریق الحقیقة

علامہ حموی اس قول کے متعلق
تحریر کرتے ہیں:

"اس مسئلہ میں بزازی کا کلام
مضطرب ہے انہوں نے کہا ہے کہ
فتاویٰ القاضی میں ہے۔ جہری ذکر
حرام ہے۔ اور حضرت ابن مسعود
رضی اللہ عنہ سے یہ روایت درجۂ
صحت کو پہونچی ہے کہ انہوں نے
جب سنا کہ ایک جماعت مسجد میں
اکٹھی ہے۔ الی قولہ۔ پھر کہا کہ اگر تم
اعتراض کرو کہ فتاویٰ میں یہ مذکور
ہے کہ باآواز بلند ذکر کرنے سے خواہ
مسجد ہی میں کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ
کے قول ومن اظلم الآیۃ کے
تحت دخول سے بچنے کے لئے روکا
نہیں جائے گا اور حضرت عبد اللہ
ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا عمل تو
تمہارے قول کے خلاف ہے۔ میں
جواب دوں گا۔ اگر مسجد سے اخراج
کی نسبت ان کی طرف بطور حقیقت

يجوز ان يكون لا عتقادهم العبادة و تعليم الناس بانه بدعة والفعل الجائز يكون غير جائز لغرض يلحقه فكذا غير الجائز يجوز ان يجوز لغرض كما لو ترك صلى الله عليه وسلم الافضل تعليما للجواز وما روى فى الصحيح انه عليه الصلوٰة والسلام قال لرافعى اصواتهم بالتكبير اربعوا على انفسكم انكم لا تدعون اصم ولا غائبا انكم تدعون سميعا قريبا انه معكم الحديث يحتمل انه لم يكن فى الرفع مصلحة فقد روى انه كان فى غزوة وعدم رفع الصوت نحو بلاد العدو خدعة

صحیح ہو تو ممکن ہے کہ اخراج اس بنیاد پر ہو کہ انہوں نے اس کے عبادت ہونے کا اعتقاد کر لیا تھا اور یہ بتانا ہو کہ وہ بدعت ہے اور جائز فعل کسی غرض کی بناء پر ناجائز ہو جاتا ہے یونہی ناجائز فعل کسی غرض کیوجہ سے جائز ہو جاتا ہے جیسا کہ حضور ﷺ نے جواز کی تعلیم کے لئے افضل امر کو ترک فرمایا ہے ، اور یہ جو صحیح روایت میں موجود ہے کہ حضور ﷺ نے بلند آواز سے تکبیر کہنے والوں کو کہا کہ رُک جاؤ! تم کسی بہرے یا غائب کو نہیں پکارتے تم اسے پکارتے ہو جو سمیع و قریب ہے اور تمہارے ساتھ ہے۔ (الحدیث) تو اس میں اس بات کا احتمال ہے کہ آواز بلند کرنے میں کوئی مصلحت نہ ہو۔ کیونکہ یہ روایت ہے کہ وہ ایک غزوہ میں تھے اور دشمن ملک کی طرف آواز بلند نہ کرنا ایک جنگی تدبیر تھی۔

واما رفع الصوت بالذكر فجائز كما فى الاذان والخطبة والحج والاختلاف فى عدد تكبير التشريق لا يدل على ان الجهر بدعة لان الخلاف بناء على كونه سنة زائدة على اصل الفعل كما اختلفوا فى ان سنة الاربع من الظهر بتسليمة ام بتسليمتين و ذلك لا يدل على انها لو لم تكن بتسليمتين يكون بدعة او حراما وفى تفسير الثعالبى لا يحب المعتدين اى الجهر بالدعاء فيدل على كراهته.

وقد ذكر الشيخ عبد الوهاب الشعرانى ما نصه اجمع العلماء سلفا و خلفا على استحباب ذكر الله جماعة فى المساجد وغيرها من

لیکن بلند آواز سے ذکر جائز ہے۔ جیسا کہ اذان، خطبہ اور حج میں عدد تکبیر تشریق میں اختلاف کی دلالت اس بات پر نہیں ہے کہ جہر بدعت ہے کیونکہ اختلاف کی بناء اصلِ فعل پر زائد چیز کے مسنون ہونے پر ہے ویسے ہی جیسے یہ اختلاف کہ ظہر میں چار رکعت والی سنت ایک سلام سے ہے یا دو سلام سے۔ اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ اگر دو سلام سے نہ ہو تو بدعت یا حرام ہے۔ تفسیر ثعالبی میں ہے۔ لا یحب اللہ المعتدین ''اللہ حد سے تجاوز کرنے والوں یعنی بآواز بلند دعاء مانگنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اس میں دلالت ہے کہ جہر بالدعاء مکروہ ہے۔

شیخ عبد الوہاب شعرانی نے ذکر کیا ہے کہ مساجد وغیرہ میں اکٹھا ہو کر ذکر اللہ کے استحباب پر علماء کا

غیر نکیر الاان یشوش
جهرهم بالذکر علی نائم او
مصل اوقار کما هو مقرر فی
کتب الفقه الخ ۔

قولہ- اذ لو کان وصف
العبادة فی الفعل المبتدع
یقتضی کونه بدعة حسنة لما
وجد فی العبادات ما هو
بدعة مکروهة الخ ۔

اقول- ایراد این نقل درین
مبحث خلاف عقل ست ائمہ دین کہ
تقسیم بدعت بسوئے حسنہ وسیئہ نمودہ
اند و استحسان عمل مولد فرمودہ اند
کئے گفتہ اند کہ مجرد وصف عبادت
برائے حسن کفایت می کند بلکہ
تصریح نمودہ اند کہ ہر امریکہ

سلفاً وخلفاً بلانکیر اجماع رہا ہے۔
ہاں اگر ان کا بلند آواز سے ذکر کرنا،
سونے والے، نمازی یا قاری کی
پریشان خاطری کا سبب بنے تب نہیں
جیسا کہ کتب فقہ میں ثابت ہے الخ"۔

قولہ- اس لئے کہ اگر بدعتی
کے فعل میں عبادت کی صفت فعل
کے بدعتِ حسنہ ہونے کا سبب بنے
تو عبادات میں بدعتِ مکروہہ کا
وجود ہوگا ہی نہیں الخ۔

اقول- اس بحث میں اس
نقل کو پیش کرنا خلاف عقل ہے۔
جن ائمہ دین نے بدعت کی تقسیم
حسنہ اور سیئہ کیطرف کی ہے اور عمل
میلاد کا استحسان فرمایا ہے انہوں نے
کب کہا ہے کہ محض فعلِ بدعت کا
عبادت سے متصف ہونا حسنہ
ہونے کے لئے کافی ہے بلکہ انہوں
نے تو صراحت کردی ہے کہ ہر وہ

در ان تغییر و مزاحمت کدامی واجب
وسنت باشد آں بدعت سیئہ وحرام و
مکروہ می باشد آری امریکہ ہیچگونہ
مزاحم ومغیر واجب وسنت نباشد و در
عبادات عامہ و مندوبات مطلقہ
شارع مندرج باشد گو ہیئت کذائیہ
خاصہ از آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
ماثور نباشد اما ائمہ دین استحسان آں
فرمودہ باشند ہچوامر را باعتبار اصل عام
سنت و باعتبار خصوص بدعت حسنہ فرمودہ
اند و بر حصول ثواب در بدعت حسنہ
اتفاق نقل نمودہ اند۔

قولہ- دلیل یازدہم علماء نوشتہ
اند کہ اتباع امر غیر صحیح روا نیست الخ۔

اقول- اولا کہ علماء محققین
نوشتہ اند کہ اصل در ہر مسئلہ
صحت است پس کسیکہ در

امر جس میں کسی واجب یا سنت کی
تبدیلی یا اس سے مخالفت ہو وہ
بدعت سیئہ، مکروہ اور حرام ہوگا۔
ہاں وہ امر جو کسی طرح کسی واجب یا
سنت کا مغیر اور مزاحم نہ ہو عام
عبادات میں اور شارع کے مطلق
مستحبات میں مندرج ہو۔ گو اس کی
خاص ہیئت کذائی آنحضرت ﷺ
سے منقول نہ ہو لیکن اس کا استحسان
ائمہ دین نے فرمایا ہو اس طرح کے
امر کو باعتبار اصل عام سنت اور
باعتبار ہیئتِ خصوصی بدعت حسنہ کہا
گیا ہے۔ اور بدعت حسنہ میں ثواب
کے حصول پر علماء کا اتفاق نقل کیا ہے۔

قولہ- گیارہویں دلیل-
علماء نے لکھا ہے کہ غیر صحیح امر کی
پیروی جائز نہیں الخ۔

اقول- اولاً- محققین علماء
نے تحریر فرمایا ہے کہ اصل ہر مسئلہ
میں صحت ہے اسلئے وہ آدمی جو کسی

خصوص عملی کہ فسادش منصوص نیست
قائل صحت گردد ہمان ست مستمسک
باصل کہ در اثبات آں حاجت دلیل
دیگر ندارد البتہ کسیکہ دعوے خلاف آں دارد
محتاج دلیل اقوی است برائے ابطال
خصوص آں عمل۔

ملاعلی قاری علیہ الرحمہ در رسالہ صحت
اقتداء بالمخالف فرمودہ۔

و من المعلوم ان الاصل
فی کل مسئلة هو الصحة من
غير الكراهة اما القول
بالفساد او الكراهة فيحتاج
الى حجة من الكتاب او السنة
او اجماع الامة الخ

وشکی نیست کہ علم بحرمت وبطلان
مجلس ذکر مولد شریف وضلالت
مجوزین خصوصِ ایں عمل تا حال حاصل

خاص ایسے عمل کے بارے میں صحت
کا قول کرے جس کا فساد منصوص
نہیں ہے وہی اصل پر عامل ہے جس
کے اثبات کے لئے کسی دوسری
دلیل کی اسے حاجت نہیں البتہ جو
اس کے خلاف کا دعویدار ہے وہ اس
خاص عمل کو باطل قرار دینے کے لئے
قوی ترین دلیل کا محتاج ہے۔

ملا علی قاری نے اپنے رسالہ
”صحة اقتداء بالمخالف“
میں فرمایا ہے کہ:

”اور یہ بات معلوم ہے کہ ہر
مسئلہ میں اصل صحت بلاکراہت ہے،
رہ گیا فساد یا کراہت کا قول تو اس
میں کتاب یا سنت یا اجماع امت کی
حجت درکار ہے۔

اور کوئی شک نہیں کہ مجلس ذکر
میلاد شریف کے بطلان وحرمت اور
اس عمل مخصوص کو جائز قرار دینے
والوں کی گمراہی کا علم ابتک حاصل

نیست زیرا کہ عدم ثبوت حرمت
خصوص ایں عمل وضلالت مجوزین آں
از نصوص کتاب و سنت مثل دیگر
ممنوعات مخصوصہ محتاج بیان نیست اما
عدم ثبوت تحریم وممانعت از قیاس پس
ازاں جہت کہ اجتہاد از شروط قیاس
ست وہمچناں ست عدم ثبوت از
اجماع چہ در تحریم وممانعت آں قول
مجتہد واحد نیز منقول نہ شدہ تا باتفاق
اہل اجتہاد چہ رسد پس متحقق شد کہ ایں
عمل حرام وممنوع نیست وادعاء تحریم
آں صرف از ہواء نفس ست وبس و
صاحب مدارک بذیل آیۂ کریمہ
قل لا اجد فیما اوحی الی– الآیة
– می نویسد۔

وفيه تنبيه على ان التحريم
انما يثبت بوحى الله و شرعه

نہیں ہے۔ اسلئے کہ دیگر مخصوص
ممنوعات کیطرح کتاب و سنت
سے تو اس خاص عمل کی حرمت اور
اسے جائز قرار دینے والوں کی
ضلالت کا عدم ثبوت محتاج بیان نہیں
یونہی قیاس سے بھی اس کی تحریم و
ممانعت کا ثبوت نہیں کیونکہ اجتہاد
قیاس کی ایک شرط ہے یونہی اجماع
سے بھی ثابت نہیں کیونکہ مجتہدین کا
اتفاق تو درکنار ایک مجتہد کا قول بھی
اس عمل کی تحریم وممانعت میں منقول
نہیں اسلئے بہ تحقیق ثابت ہوگیا کہ
یہ عمل ممنوع وحرام نہیں ہے۔ اس کی
حرمت کا دعویٰ محض نفسانیت ہے
اور کچھ نہیں۔

صاحب مدارک آیت کریمہ ”
قل لا اجد فیما اوحی الی “
الایۃ، کے تحت لکھتے ہیں ”اس آیت
میں اس بات پر تنبیہ ہے کہ تحریم کا
ثبوت اللہ کی وحی اور اس کی شریعت

لا بهو ی النفس الخ۔

اگر گوئی که درصورت نزاع
منازعان احتیاط درقول بکراهت ست
گویم اینهم مخالف تحقیق محققین ست
علامه شامی در ردالمحتار از علامه نابلسي
آورده۔

ولیس الاحتیاط فی
الافتراء علی الله تعالیٰ
باثبات الحرمة او الکراهة
الذین لا بدلهما من دلیل بل فی
الاباحة التی هی الاصل الخ۔

و اگر صاحب رساله برائے
اثبات تحریم ایں عمل و تضلیل مجوزین
آں به بعض احادیث که بطور عموم و
اطلاق در ذم بدعت وارد اند تشبث
نماید پس اولاً به تصریح اکابر او مراد از
عموم هرامری ست که مزاحم سنت باشد

سے ہوتا ہے ہوائے نفس سے نہیں“

اگر تم کہو کہ منازعین کی نزاع
کی صورت میں کراہت کا قول
کرنے میں احتیاط ہے میں کہوں گا
یہ بھی محققین کی تحقیق کے خلاف ہے
علامہ شامی ردالمحتار میں علامہ نابلسی
سے ناقل کہ :

” احتیاط ، حرمت یا کراہت
ثابت کر کے اللہ پر افتراء کرنے میں
نہیں ہے ، حرمت و کراہت کیلئے
دلیل ضروری ہے بلکہ احتیاط اباحت
میں ہے جو اصل ہے۔“

اگر صاحب رسالہ اس عمل کی
تحریم اور اسے جائز قرار دینے
والوں کی تضلیل کے لئے ان بعض
احادیث سے استدلال کرے جو
بطور عموم و اطلاق بدعت کی مذمت
میں وارد ہیں۔ پس اُسی کے اکابر کی
صراحت کے مطابق عموم سے مراد
ہروہ امر ہے جو سنت سے مزاحم ہو،

و جواب تفصیلی شبهه اطلاق بدعت
سابقاً گذشته و لاحقاً هم می آید خلاصه
اش آنکه بدعت بدان معنی که عموما
مذموم ست بر عمل مولد صادق نیست و
بدان معنی که اطلاق ایں لفظ می توان
نمود آں معنی مراد شارع از عموم و
کلیت در ذم بدعت نیست۔

و ثانیاً بریں تقدیر ادعا ٔ اینکه عدم
ثبوتش از کتاب و سنت محتاج بیان
نیست محض هذیان ست چه ایں عمل که
فردے از افراد تکریم نبی کریم ست و
مزاحمت با مور محدودهٔ شارع ندارد و
استحباب توقیر و تکریم که در امور غیر
منصوصة التحریم مطلقا و با تعمیم ست
برائے ثبوت افراد خاصه کفایت میکند
چنانچه سند ایں معنی که چیز یکه دراں
مقصود شارع مطلق ثناء و تعظیم باشد

اور بدعت کے اطلاق پر شبہ کا تفصیلی
جواب پہلے بھی گذر چکا اور بعد میں
بھی آرہا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ
بدعت اُس معنی کے لحاظ سے جو بطور
عموم مذموم ہے عمل میلاد پر صادق
نہیں اور جس معنی کے اعتبار سے
بدعت کا لفظ اُس عمل پر صادق ہے
وہ معنی مذمتِ بدعت کے عموم اور
کلیت میں شارع کی مراد نہیں۔

ثانیاً - اس تقدیر پر یہ دعویٰ کہ
کتاب وسنت سے اس کا عدم ثبوت
محتاج بیان نہیں ہے محض بکواس ہے
اسلئے کہ یہ عمل تکریم نبی کریم کا ایک
فرد ہے اور شارع کے متعین کردہ
حدود کے مزاحم نہیں ہے اور ان امور
میں توقیر و تکریم کا استحباب جن کی
حرمت منصوص نہیں ہے مطلقاً بطور
عموم ہے جو خاص افراد کے ثبوت
کے لئے کافی ہے۔ اور جس چیز سے
شارع کا مقصود مطلق ثناء و تعظیم ہو

زیادت بر قدرِ ماثور دراں جائز ست سابقاً از ہدایہ وغیرہ مرقوم گردیدہ وقطع نظر از آنہمہ استحباب اعادۂ ادائے شکر نعمت بعبادت کہ از مضمون حدیث صحیح بشہادت ایمۂ دین ثابت است پس ایں قاعدہ است ثابتہ از سنت کہ برائے ثبوت افراد مندرجہ تحت آں ہمیں قدر کفایت می کند پس در ثبوت و صحت جمع چندے از عبادات ثابتہ مثل ذکر شریف و دعوتِ اخوان و شکر نعمت ہیچ شکے باقی نیست۔

قولہٗ- دلیل دوازدہم فقہاء نوشتہ اند کل مباح ادی الی اعتقاد الواجب اوالسنة فھو مکروہ الخ

اقول-اولاً دریں قول ذکر امر مباح ست پس امور یکہ قربت اند مثل ذکر شمائل وارہاصات ومعجزات آنجناب

اُس میں مقدار ماثور پر زیادتی جائز ہے اس بات کی سند اس سے پہلے ہدایہ وغیرہ سے لکھی جاچکی۔ ان تمام سے قطع نظر، عبادت کر کے اعادۂ شکر نعمت کا استحباب صحیح حدیث کے مضمون اور ائمہ ٔ دین کی شہادت سے ثابت ہے پس اس استحباب کے تحت مندرج افراد کے ثبوت کے لئے اتنا ہی کافی۔ یہ وہ اصول ہے جو سنت سے ثابت ہے اسلئے ذکر شریف مومن بھائیوں کی دعوت اور شکر نعمت جیسی چند ثابت عبادات کے ثبوت و صحت میں کوئی شک باقی نہ رہا۔

قولہ- بارہویں دلیل -

"فقہاء نے لکھا ہے کہ ہر وہ مباح جو واجب یا سنت کے اعتقاد تک مؤدی ہو وہ مکروہ ہے"۔

اقول-اولاً اس قول میں امر مباح کا تذکرہ ہے اسلئے سرکار کے معجزات اور قبل نبوت کے محیر العقول

ودعوت احباب واعطاء صدقات وشکر نعمت و فرحت بذکر آنحضرت کئے مندرج دریں قول تواند شد کہ ہمہ ایں امور ثابت از سنت اند۔

وثانیاً ہمان فقہاء این ہم نوشتہ اند کہ استعمال مکروہ بچند معنی می آید مکروہ تحریمی ومکروہ تنزیہی وخلاف اولیٰ و نیز تصریح می نمایند کہ بے ثبوت دلیل خاص ممانعت حکم مکروہ تحریمی صرف بوجہ عدم ماثوریت از سنت بلکہ از ترک ہر سنت ہم لازم نمی گردد۔

در درمختار نوشتہ ۔

وکرہ التربع تنزیھا لترک الجلسة المسنونة۔

شامی در حاشیہ آوردہ غـــــلة

کارناموں اوران کے شمائل کا تذکرہ احباب کی دعوت صدقات کی داد و دہش نعمت کا شکر اور آنحضرت کا ذکر کر کے مسرور ہونے جیسی عبادتیں اس قول کے تحت کب مندرج ہوں گی جو سب سنت سے ثابت ہیں۔

ثانیاً وہی فقہاء یہ بھی لکھتے ہیں کہ مکروہ کا استعمال چند معنوں میں ہوتا ہے مکروہ تحریمی، مکروہ تنزیہی خلاف اولیٰ ۔ نیز اس بات کی بھی صراحت کرتے ہیں کہ ممانعت کی دلیل خاص کے ثبوت کے بغیر، صرف سنت سے منقول نہ ہونے بلکہ ہر سنت کے ترک سے بھی مکروہ تحریمی کا حکم لازم نہیں ہے۔

درمختار میں لکھا ہے جلسہ ٔ مسنونہ کے ترک کی بناء پر چار زانو بیٹھنا مکروہ تنزیہی ہے۔ شامی نے حاشیہ میں تحریر کیا کہ "لترک الجلسة المسنونہ" مکروہ تنزیہی ہونے کی علت ہے۔

لکونہ مکروھا تنزیھاً
اذ لیس فیہ نھی لیکون
مکروھا تحریما بحر انتھی۔
در فتح القدیر در بحث تنفل قبل
مغرب بعد ترجیح عدم سنیت نوشتہ ثم
الثابت بعد ھذا نفی المندوبیة
اما ثبوت الکراھة فلا الا ان
یدل دلیل آخر الخ۔
در احیاء العلوم آوردہ اما مجرد
السواد فلیس بمکروہ لکنہ
لیس بمحبوب اذا حب الثیاب
الی اللہ البیض الخ۔
در مواھب گفتہ فان
المکروہ ما ثبت فیہ نھی
وھذا لم یثبت فیہ ولعلھم
اراد وا بالکراھة خلاف
الاولیٰ الخ۔
پس در امر مباح ہم صرف
بدلیل مکروہ نوشتن باوجود عدم ثبوت

اسلئے کہ اس سلسلہ میں کوئی نہی
موجود نہیں کہ مکروہ تحریمی ہو۔ بحر انتہی
—— فتح القدیر میں قبل مغرب اداء
نفل کی بحث میں عدم سنیت کی ترجیح
کے بعد لکھا۔
"پھر اس کے بعد استحباب کی
نفی کا ثبوت ہوا کراہت کا نہیں مگر یہ
کہ کوئی دوسری دلیل کراہت پر
دلالت کرے۔"
احیاء العلوم میں منقول ہے:
"محض کالا کپڑا مکروہ نہیں ہے
لیکن پسندیدہ نہیں کیونکہ اللہ کے نزدیک
سب سے پسندیدہ سفید کپڑا ہے"
مواہب میں فرمایا:
"اسلئے کہ مکروہ وہ ہے جس کے
بارے میں نہی کا ثبوت ہو اور اس میں
ثبوت نہیں۔ شاید کراہت سے ان
کی مراد خلاف اولیٰ ہے۔
پس امر مباح میں بھی ان کے
صرف مکروہ لکھنے کی دلیل سے، خاص
نہی کے ثبوت کے بغیر کراہت تحریمی

نہی خاص حکم کراہت تحریمی
ہم لازم نخواہد بود چہ جائے آنکہ مزعوم
اسماعیلیہ اعنی تضلیل و تفسیق فاعل و
مجوز آں رونماید وقول بعض فقہاء
بکراہت صوم ایام بیض دلیل تام و
حجت عام نیست برائے اثبات تضلیل
مجوزین عمل مولد و فاعلین آں از علماء
کرام و ائمۂ اسلام چہ محققین فضیلت
مداومت امور خیر و مندوبات را عموماً
مسلم داشتہ اند صرف براعتقاد وجوب
ولزوم انکار نمودہ اند امام عینی در شرح
صحیح بخاری بذیل باب احب
الدین الی اللہ ادومہ فرمودہ
الثالث فیہ فضیلة
الدوام علی العمل

کا حکم لازم نہیں ہوگا۔ چہ جائیکہ
مزعوم اسماعیلیہ یعنی عمل میلاد کو جائز
سمجھنے والوں، اسے برتنے والوں کی
تضلیل و تفریق کا ثبوت ہو۔ اور
بعض فقہاء کا ایام بیض کے روزے
کو مکروہ قرار دینا، مجلس میلاد منعقد
کرنے والے اور اسے جائز سمجھنے
والے علماء کرام و ائمۂ اسلام کی
گمراہی ثابت کرنے کے لئے تام و
عام دلیل و حجت نہیں ہے۔ اسلئے کہ
محققین نے امور خیر اور مستحبات پر
مداومت کی فضیلت کو مسلّم رکھا ہے،
صرف ان کے وجوب ولزوم کے
اعتقاد کا انکار کیا ہے۔
امام عینی شرح صحیح بخاری میں
"باب احب الدین الی اللہ
ادومہ" کے تحت ارشاد فرماتے ہیں
"تیسری بات، اس میں عمل پر مداومت

والحث على العمل الذى يدوم ويثمر القليل الدائم على الكثير المنقطع اضعافا كثيرة الخ۔

وهمدراں است وقد ذم الله تعالىٰ من التزم فعل البر ثم قطعه بقوله و رهبانية ابتدعوها ما كتبنا ها عليهم الا ابتغاء رضوان الله فما رعوها حق رعايتها الا ترى ان عبد الله ابن عمر ندم على مراجعة النبى عليه السلام بالتخفيف عنه لما ضعف و مع ذلك لم يقطع الذى التزمه الخ ۔

قولہ- دلیل سیزدہم در حدیث شریف ست ما احدث قوم بدعة الا

کی فضیلت اوردائمی عمل پر برانگیختہ کرنا ہے۔ اور قلیل دائم، کثیر منقطع کے مقابلہ میں کئی گونہ بارآور ہے۔“

اسی میں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فرمان میں ان لوگوں کی مذمت فرمائی ہے جنہوں نے کسی نیک کام کا التزام کیا پھراسے ختم کردیا۔ ارشاد ہے۔ خدا کی خوشنودی کی خاطر رہبانیت کی ایجاد خود انہوں نے کی تھی ہم نے ان پر فرض نہیں کیا تھا پھر انہوں نے اس کی کما حقہ رعایت نہیں کی۔ تم دیکھتے نہیں کہ حضرت ابن عمر جب کمزور ہو گئے تو تخفیف کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف رجوع کرنے میں ندامت تو محسوس کی مگر جس کاالتزام کیا تھا اسے ترک نہیں کیا۔

قولہ - تیرہویں دلیل ۔ حدیث شریف میں ہے کوئی قوم جب کسی بدعت کی ایجاد کرتی ہے تو

رفع مثلها من السنة الخ ۔

اقول-کسیکہ مطالعۂ شروح حدیث از ائمۂ اہلسنت کردہ است نیک میداند کہ مراد دراحادیث شریفہ ذم ہر امرے ست کہ مخالف ومزاحم و مغیر کدامی سنت محدودہ مخصوصہ باشد درمرقاۃ بذیل حدیث ما احدث قوم بدعة نوشتہ ۔

ای مزاحمة لسنة الخ و بذیل ما ابتدع قوم بدعة ہم قید مزاحمة افزودہ است۔

اگر صاحب رسالہ را طاقت رجوع بشروح ائمۂ دین نباشد یابراں اعتمادش نیاید تا برائے تسلی او عبارت مظاہر حق کہ مولفۂ اکابر طائفہ است دریجا منقول میگردد در شرح حدیث اول نوشتہ۔

اس کی مثل سنت اٹھالی جاتی ہے۔“

اقول - جس نے بھی ائمۂ اہل سنت کی شروح حدیث کا مطالعہ کیا ہے وہ بخوبی جانتا ہے کہ احادیث شریفہ میں مراد ہر اس امر کی مذمت ہے جو کسی محدود و مخصوص سنت کے مزاحم اور اس کا مغیر ہو۔ مرقات میں حدیثِ ”ما احدث قوم بدعة“ کے تحت لکھا ہے کہ ای مزاحمة للسنة ”یعنی وہ بدعت جو سنت سے مزاحم ہو۔ اور ”ما ابتدع قوم بدعة“ کے بعد قید ”مزاحمة“ کا اضافہ فرمایا۔

اگر صاحب رسالہ کو ائمۂ دین کی شرحوں کی طرف رجوع کی طاقت نہ ہو یا اُن پر بھروسہ نہ ہو تو اس کی تسلی کیلئے اس کے گروہ کے اکابر کی تالیف ”مظاہر حق“ کی عبارت یہاں نقل کردی جارہی ہے۔ حدیث اول کی شرح میں انہوں نے لکھا ہے

"نہیں نکالی کسی قوم نے بدعت
یعنی جو بدعت کہ مزاحم سنت کی ہو" الخ۔
وبذیل حدیث دوم "گفتہ نہیں
نکالی کسی قوم نے بدعت ہیچ دین
اپنے کے یعنی بدعت سیئہ کہ مزاحم
سنت کے ہو" الخ۔
پس امریکہ مزاحم سنت نباشد و
مندرج عمومات مندوبات شرعیہ باشد
ہیچو امر را حکم احادیث مذکورہ شامل
نیست گو بمعنی دیگر براں اطلاق
بدعت کردہ آید مانند ذکر خلفاء کرام و
عمین مکرمین در خطبۂ جمعہ وعیدین و
رجعت قہقری برائے تکریم کعبۂ
شریفہ وقت وداع والتزام و اہتمام
جماعت تراویح ومداومت صلاۃ ضحیٰ و
اذان ثالث جمعہ وامثال ذٰلک واز
ہمیں قبیل است عمل مولد کہ قطع نظر
از ثبوت اجرائے آں از سنت

"نہیں نکالی کسی قوم نے بدعت یعنی
جو بدعت کہ مزاحم سنت کی ہو۔ الخ۔
اور دوسری حدیث کے ذیل میں کہا
کہ "نہیں نکالی کسی قوم نے بدعت
ہیچ دین اپنے کے یعنی بدعت سیئہ
کہ مزاحم سنت کے ہو الخ۔
پس وہ امر جو سنت کے مزاحم نہ
ہو اور شرعی مستحبات کے عموم میں
مندرج ہو ایسا امر، احادیث مذکورہ
کے حکم میں داخل نہیں۔ گو دوسرے
معنی کے اعتبار سے اس پر بدعت کا
اطلاق کیا جائے۔ جیسے خلفاء کرام
اور عمین کریمین کا خطبۂ جمعہ وعیدین
میں تذکرہ بوقت رخصت کعبہ
شریف کی تعظیم کے لئے پیٹھ کے بل
لوٹنا۔ جماعت تراویح کا التزام و
اہتمام نماز چاشت کی پابندی جمعہ کی
تیسری اذان، اور ان جیسے دیگر امور
اور اسی قبیل سے مجلس میلاد بھی

ہیئت کذائیہ کہ عبارت از جمع چند
عبادات متفرقہ در جلسۂ واحدہ است
ہیچ گونہ مزاحم و مخالف کدامی سنت
نیست و داخل عمومات مندوبات و
مندرج اطلاق مجالس اذکار ست و از
مستحسنات ائمۂ دین ست پس اول
اندراج آں تحت احادیث مذکورہ و
صدق معنی مراد ازاں احادیث براں
ثابت کنند سپس حکم آں لازم گردانند
ثبت العرش ثم انقش۔
اما خواہ مخواہ بر ہمگی عاقدین مجلس
مذکور و اصحاب محفل ترک فرض وواجب
لازم گردانیدن قطع نظر ازآنکہ کذبے
ست صریح اثبات اصل مقصد نمی کند
کلام در استحسان ائمۂ اعلام و ارکان
اسلام مثل صاحب حصن حصین و امام
قسطلانی و حافظ سیوطی و ملا علی قاری

ہے۔ کہ سنت سے اس کے اجزاء
کے ثبوت سے قطع نظر، اسکی ہیئت
کذائی جو ایک مجلس میں چند متفرق
عبادتوں کو اکٹھا کرنے کا نام ہے کسی
بھی طرح کسی سنت کے مزاحم ومخالف
نہیں مندوبات کے عموم میں داخل،
مجالس اذکار کے اطلاق میں
مندرج، اور ائمۂ دین کے مستحسنات
میں شامل ہے۔
اسلئے پہلے ان مذکورہ احادیث
میں عمل میلاد کا اندراج اور اس عمل
پر اُن احادیث کے معنیٔ مراد کا صدق
ثابت کریں پھر اس حکم کو لازم
گردانیں۔ پہلے تخت کا ثبوت پھر
اس کا نقش ونگار۔
خواہ مخواہ تمام بانیان مجلس مذکور
واصحاب محفل پر ترک فرض وواجب،
لازم قرار دینا اس سے قطع نظر کہ یہ
کھلا جھوٹ ہے۔ اصل مقصد ثابت
نہیں کرتا۔ گفتگو، صاحب حصن حصین،

وغیرہم ست کہ بریں حضرات تہمت بدمذہبی وضلالت نہادن وخود رامقدس قرار دادن باوجودیکہ خود ہم از ہماں اکابر استحسان میکند کمال حماقت ضلالت ست۔

قولہ۔ دلیل چہاردہم آنکہ ایں فعل درصدراول واقع نشدہ الخ۔

اقول۔ جواب ایں مغالطہ سابقاً بطور نقض وحل مرقوم گردیدہ و مستلزم بنودن ترک آنحضرت ﷺ وعدم فعل آنجناب وہمچناں عدم فعل اصحاب حرمت وکراہت را از تحقیق مستندین صاحب رسالہ بثبوت رسیدہ کہ اعادہ موجب تطویل ست۔

اما ایں قدر دریںجا دانستنی ست کہ ادعاء عام عدم وقوع علی الاطلاق درصدراول وقرون سابقہ

امام قسطلانی حافظ سیوطی، ملاعلی قاری علیہم الرحمہ وغیرہم جیسے ارکان اسلام اور سرکردہ ائمۂ عظام کے استحسان میں ہے۔ ان حضرات پر بدمذہبی اور گمراہی کی تہمت رکھنا اور اپنے آپ کو مقدس قرار دینا باوجودیکہ خود بھی انہیں اکابر سے استناد کرتا ہے کمال حماقت وگمراہی ہے۔

قولہ۔ چودھویں دلیل یہ ہے کہ یہ فعل صدراول میں نہیں ہوا الخ۔

اقول۔ اس مغالطہ کا جواب بطور نقض وحل تحریر ہوچکا اور صاحب رسالہ کے مستندین کی تحقیق سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ حضور ﷺ کا کسی فعل کو ترک کردینا یا نہ کرنا یونہی صحابہ کرام کا نہ کرنا حرمت وکراہت کو مستلزم نہیں ہے۔ اعادہ موجب تطویل ہے۔

لیکن اتنا یہاں جان لینا ہے کہ۔ صدر اول اور قرون سابقہ

بے احاطۂ علمی بجزئیات جمیع افعال جمیع اکابر صدر اول وقرون سابقہ محل کلام ست وچگونہ محل کلام نباشد کہ اجلۂ صحابۂ کرام وملازمین خیرالانام دربسیاری از مسائل باوجود آن قسم کمال اطلاع بحال باکمال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بنابر احتیاط از دعویٰ عدم وقوع فعل درسنت احترازمی نمودند وصرف برعدم علم وگمان خود اقتصار می فرمودند ازاں جملہ آنکہ در صحیح بخاری وغیرہ مروی ست کہ کسے از حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ استفسار نمود کہ آیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز چاشت میخواندند یانہ حضرت وی بر لفظ ''لا اخالہ'' اکتفاء فرمودند آخر احتیاط وی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مقرون بصواب بود کہ

کے تمام اکابر کے تمام افعال کی جزئیات کا علمی احاطہ کئے بغیر ان سے عدم وقوع کا عام دعویٰ کرنا محل کلام ہے اور محل کلام کیونکر نہ ہوگا۔ اسلئے کہ جلیل القدر صحابۂ کرام و ملازمین خیرالانام، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال باکمال پر پوری آگاہی کے باوجود بہت سارے مسائل میں احتیاطاً سنت میں فعل کے عدم وقوع کے دعویٰ سے احتراز کرتے ہیں اور صرف اپنے علم وظن کے عدم پر اکتفا فرماتے ہیں۔

اسی قبیل سے وہ روایت ہے جو صحیح بخاری وغیرہ میں مروی ہے کہ کسی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ چاشت پڑھی تھی یا نہیں تو انہوں نے ''لا اخالہ'' یعنی میرے خیال میں نہیں پر اکتفا فرمایا۔

ثبوت ہمان فعل از علم و شہادت دیگر
ان رونمود۔

قولہ- دلیل پانزدہم آنکہ
زمان امر سیال غیر قاراست الخ۔

اقول- ائمہ دیں ومحققین
شرع مبین بدلیل مضامین آیات کلام
رب العلمین و احادیث حضرت سید
المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم فضیلت و
شرف ازمنۂ لاحقہ کہ نظیر ازمنۂ سابقہ
اند بجہت آنچہ درآں ازمان از نعم الٰہیہ
ظاہر گردیدہ ثابت فرمودہ اند و نزول
نعمت را دریک زمان سبب تخصیص
وتشریف نظائر آں قرار دادہ اند و ایں
امر منافاتی بہ سیال وغیر قار بودن
زمان ندارد امام فخر الدین رازی
علیہ الرحمہ در تفسیر کبیر بذیل آیۂ
کریمہ شہر رمضان الذی
انزل فیہ القرآن ھدًی

آخران کا احتیاط درست رہا کہ اسی
فعل کا ثبوت دوسروں کے علم و
شہادت سے سامنے آیا۔

قولہ- پندرھویں دلیل یہ
ہے کہ زمانہ امر سیال غیر قارّ ہے۔

اقول- ائمہ دین ومحققین
شرع مبین، آیات کلام رب العالمین
کے مضامین اور حضرت سید المرسلین
صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کی
دلیل سے، اوقات گذشتہ کی نظیر،
اوقات آئندہ کی فضیلت وشرف اس
طور پر ثابت فرما چکے ہیں ۔ کہ اُن
اوقات میں اللہ کی نعمتوں کا ظہور ہوا
ہے اور ایک زمانہ میں نعمت کے
نزول کو اس زمانے کے نظائر کے
شرف وتخصیص کا سبب قرار دیا ہے۔
اور یہ بات زمانہ کے سیال اور غیر
قار ہونے کے منافی نہیں ہے۔
امام فخر الدین رازی علیہ الرحمہ
آیت کریمہ ”شہر رمضان

للناس و بینات من الھدیٰ
والفرقان۔ الآیۃ آوردہ اما قولہ
انزل فیہ القرآن اعلم ان اللہ
سبحانہ لما خص ھذ الشھر
بھذہ العبادۃ بین العلۃ
لھذا التخصیص و ذلك ھو ان
اللہ سبحانہ خصہ باعظم
آیات الربوبیۃ و ھو انہ انزل
فیہ القرآن فلا یبعد ایضا
تخصیصہ بنوع عظیم من
آیات العبودیۃ ۔ الیٰ قولہ
فثبت ان بین الصوم و بین
نزول القرآن مناسبۃ عظیمۃ
فلما کان ھذ الشھر مختصا
بنزول القرآن وجب ان
یکون مختصا بالصوم الخ۔
صاحب رسالہ بیان نماید کہ حصول
نعمت نزول قرآن را در یک رمضان
علت تخصیص وتشریف مطلق ماہ رمضان

الذی انزل فیہ القرآن ھُدیً
للناس وبیناتٍ من الھدیٰ
والفرقان "الآیۃ کے تحت لکھتے ہیں:
”ارشاد ربانی،“ ’انزل فیہ
القرآن“، تم جان لو کہ اللہ سبحانہٗ
نے جب اس ماہ کو اس عبادت سے
مختص کیا تو تخصیص کی علت بھی
بیان فرمائی اور وہ یہ ہے کہ اللہ سبحانہ
نے اسے ربوبیت کی سب سے
عظیم الشان نشانی سے مختص کیا یعنی
اس میں قرآن نازل فرمایا پھر اس
مہینہ کو عبودیت کی ایک عظیم الشان
نشانی سے مختص کرنا کیا بعید ہے۔الیٰ
قولہ-تو ثابت ہوا کہ روزہ اور نزول
قرآن میں بڑی مناسبت ہے اسلئے
جب یہ مہینہ نزول قرآن سے مختص
ہوا تو روزے سے بھی مختص ہونا
ضروری ہوا الخ۔
صاحب رسالہ بتائے کہ ایک
رمضان میں نزولِ قرآن کی نعمت

قرار دادن وقائل مناسبت آں
گردیدن مخالف عقل و موافق وہم
است یا معاملہ برعکس ست۔

وقال رسول الله صلى
الله عليه وسلم فى جواب من
سأل عن صوم الاثنين فيه
"ولدت الحديث"۔

ملا على قارى عليه
الرحمه درمرقاة آورده فيه ان
الزمان يتشرف بما يقع فيه
وكذاا لمكان۔

پس از نافہمی وجہالت خود
درمیدان تجہیل وتضلیل اکابر اسلام
تاختن وبمدعائے حدیث رسول مقبول
نرسیدن وعلم طعن وملام بر افراختن
سفاہت وضلالت ست وبس۔

کے حصول کو مطلق ماہ رمضان کے
شرف وخصوصیت کی علت قرار دینا،
اور اسکی مناسبت کا قائل ہونا عقل
کے خلاف اور وہم کے مطابق ہے یا
معاملہ برعکس ہے؟

"رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
نے اس شخص کے جواب میں فرمایا
جس نے دوشنبہ کے دن روزہ کے
تعلق سے ان سے دریافت کیا تھا
کہ اسی دن میری پیدائش ہوئی ہے۔

ملاعلی قاری علیہ الرحمہ مرقات
میں لکھتے ہیں کہ اس میں ثبوت ہے
کہ زمان ومکان اپنے اندر واقع
ہونے والے امورِ خیر سے شرف
والے ہوجاتے ہیں۔

پس اپنی نا سمجھی اور جہالت
سے اکابر اسلام کی تجہیل وتضلیل
کے میدان میں دوڑنا اور رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے
مدعاء تک نہ پہونچنا اور طعن و
ملامت کا جھنڈا بلند کرنا صرف

امام احمد در مسند امیر المؤمنین ابو
بکر رضی اللہ عنہ آورده عن عائشة
رضى الله تعالىٰ عنها قالت
ان ابا بكر لما حضرته الوفاة
قال اى يوم هذا قالوا يوم
الاثنين قال فان مت من
ليلتى فلا تنظروا بى الغد
فان احب الايام والليالى الىٰ
اقربها من رسول الله صلى الله
عليه وسلم۔

دراستیعاب فرموده:

كان نكاحه صلى الله
عليه وسلم بعائشة فى شوال و
ابتنائه بها فى شوال وكانت
تحب ان يدخل النساء من اهلها

حماقت وگمراہی ہے۔

امام احمد مسند امیر المومنین
ابوبکر رضی اللہ عنہ میں ناقل کہ:

"ام المؤمنین عائشہ صدیقہ
رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا
زمانۂ وفات جب قریب آیا تو انہوں
نے دریافت کیا کہ آج کون سا دن
ہے لوگوں نے عرض کیا دوشنبہ، فرمایا
کہ اگر میں آج ہی انتقال کر جاؤں
تو کل تک کے لئے میرا انتظار نہ کرنا
کیونکہ سب سے محبوب رات ودن
میرے نزدیک وہ ہیں جو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب ہیں۔

استیعاب میں فرمایا:

ام المؤمنین حضرت عائشہ
صدیقہ رضی اللہ عنہ سے حضور
صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح شوال میں ہوا تھا۔
رخصتی بھی شوال میں ہوئی تھی ام
المؤمنین بھی پسند کرتی تھیں کہ ان

فی شوال علیٰ ازواجهنّ
وتقول هل کان فی نسائه
عنده احظی منی وقد نکحنی
و ابتنیٰ بی فی شوال الخ۔

طحطاوی فرموده وفی منهاج
الحلیمی و شعب الایمان
للبیهقی ان الدعاء مستجاب
یوم الاربعاء بعد الزوال قبل
وقت العصر لانه صلی الله
علیه وسلم استجیب له علیٰ
الاحزاب فی ذٰلك الیوم وکان
جابر یتحریٰ ذٰلك فی مهماته
وذکرانه ما بدئ شئ یوم
الاربعاء الاتم فینبغی البدایة
بنحو التدریس فیه الخ۔

اما آنچہ گفتہ ولادت باسعادت

کے خاندان کی عورتیں اپنے شوہروں
کے گھر شوال ہی میں جائیں۔ اور
فرماتی تھیں کہ میری بہ نسبت سرکار
کے نزدیک ان کی ازواج مطہرات
میں کون زیادہ رتبہ والی تھی؟ مجھ سے
شوال میں نکاح فرمایا اور اسی مہینہ
میں رخصتی کرائی۔

علامہ طحطاوی نے فرمایا:
''منہاج حلیمی اور بیہقی کے
شعب ایمان میں مذکور ہے کہ کہ
بروز بدھ بعد زوال، قبل وقت عصر
دعاء مقبول ہوتی ہے کیونکہ احزاب
والوں کے خلاف حضور صلی اللہ علیہ
وسلم کی دعاء اسی دن قبول ہوئی تھی۔
حضرت جابر اپنے اہم معاملات
میں اس وقت کو بہتر سمجھا کرتے تھے
اور ذکر کیا ہے کہ بروز بدھ جو کام بھی
شروع کیا جائے گا وہ پورا ہوگا۔ اس
لئے تدریس جیسے امور کا اسی دن
آغاز مناسب ہے۔''

لیکن صاحب رسالہ نے یہ جو

حضرت نبوی در روزے شده بود الخ
پس ایں اعتراضی ست قبیح برارشاد
حضرت سید المرسلین کہ در حدیث صحیح
ست فیه ولدت الحدیث۔

صاحب رسالہ بیان نماید کہ بآں
اثنین کہ ولادت باسعادت دراں شده
بود دیگر ایام اثنین را مناسبتی هست یا
نہ وقول تحفہ اولاً خارج از مبحث ست
کہ یک چیز بعینہٖ دانستن چیزے
دیگرست واعتقاد بقاء شرف و برکت
در نظائر زمان نزول نعمت چیزے دیگر
ست وہمچناں عید گردانیدن امرے
ست خارج از مبحث۔

وثانیاً بر تقدیر تسلیم ایں کہ قول تحفہ
موافق مدعائے صاحب رسالہ باشد
معارض ست آنچہ در تفسیر عزیزی جابجا
مشرف گردیدن زمان لاحق بسبب
نزول نعمت در زمان سابق

کہا کہ ''حضرت نبوی کی ولادت
باسعادت جس دن ہوئی تھی۔ الخ یہ
صحیح حدیث میں مذکور حضرت سید
المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد
''فیہ ولدت'' پر قبیح اعتراض ہے۔
صاحب رسالہ بتائے کہ جس دوشنبہ
کو ولادت باسعادت ہوئی تھی اس
سے دوسرے دوشنبوں کو مناسبت
ہے یا نہیں؟

تحفہ کی بات اولاً خارج از بحث
ہے کہ بعینہٖ دونوں کو ایک ہی چیز سمجھنا
دوسری چیز ہے۔ اور زمانۂ نزول
نعمت کے نظائر میں شرف و برکت
کی بقاء کا اعتقاد دوسری چیز۔ یونہی
کسی امر کو عید قرار دینا بحث سے
خارج ہے۔

ثانیاً۔ یہ تسلیم کر لینے کی تقدیر
پر کہ صاحب تحفہ کا قول صاحب
رسالہ کے دعویٰ کے مطابق ہے تفسیر
عزیزی کے مندرجات کے معارض

بیان نمودہ از آنجملہ در وجوہ خصوصیات
وقت ضحیٰ نوشتہ اند۔

''سیوم آنکہ ایں وقتی ست کہ
کلام حق تعالیٰ با حضرت موسیٰ علیہ
السلام دریں وقت شدہ بود چہارم آنکہ
ساحران فرعون درہمیں وقت بدیدن
معجزہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ایمان
آوردہ اند پس ایں وقت وقت کمال ظہور
نورحق بر ظلمات باطل ست کہ درامت
سابقہ اثر آں واقع شدہ الخ۔

ودر خصوصیات شب قدر گفتہ ایں
شب بہ جہات چند شرف وارد الیٰ قولہ
سوم آنکہ نزول قرآن مجید دریں شب
واقع ست وایں شرفی ست کہ نہایت
ندارد و چہارم آنکہ خلقت فرشتگان
نیز دریں شب ست الخ۔

ہے۔ جس میں جگہ، جگہ زمانہ سابق
میں نزولِ نعمت کے سبب زمانہ لاحق
کا مشرف ہونا بیان کیا ہے۔ وقت
چاشت کی خصوصیات کے اسباب
میں لکھا ہے۔

''سوم یہ کہ اسی وقت اللہ تعالیٰ
کی حضرت موسیٰ علیہ السلام سے
گفتگو ہوئی چہارم یہ کہ فرعون کے
جادوگر موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ دیکھ
کر اسی وقت ایمان لائے تھے۔
پس یہ وقت باطل کی تاریکیوں کے
بالمقابل نورحق کے کمالِ ظہور کا وقت
ہے۔ جس کا اثر امت سابقہ میں
واقع ہوا ہے الخ

اور شبِ قدر کی خصوصیات
میں فرمایا۔ ''یہ شب چند جہتوں سے
شرف رکھتی ہے الیٰ قولہ۔ سوم یہ کہ
قرآن مجید کا نزول اسی شب میں ہوا
ہے اور یہ وہ شرف ہے جس کی انتہا
نہیں۔ چہارم یہ کہ فرشتوں کی پیدائش
اسی شب میں ہوئی۔

و ثالثاً استحسان و التزام مجلس
شریف و اعراس کبراء خویش از جد
صاحب تحفہ ووالد و مرشد صاحب تحفہ
وخود صاحب تحفہ و برادران و تلامذہٗ
راشدین ایشان نہ چنان ست کہ بر
کسے مخفی تواند شد اینکہ انتباہ و انفاس
العارفین و فیوض الحرمین و رسائل و
فتاویٰ صاحب تحفہ مثل رسالہ ذبیحہ و
رسائل مولوی رفیع الدین صاحب و
رسائل مولوی رشید الدین خاں صاحب و
مفتی صدر الدین خان صاحب استاد
صاحب رسالہ وغیرہم معروف ومشہور اند۔

فما ھو جواب صاحب
الرسالہ عن جانب صاحب
التحفۃ و اسلافہ و اخلافہ فھو
جوابنا عن سائر الائمۃ
السابقین۔

طرفہ آنست کہ مولوی رفیع الدین صاحب

ثالثاً مجلس شریف، اور اپنے
بزرگوں کے عرس کے التزام کا
استحسان صاحب تحفہ کے دادا، اُن
کے والد و مرشد اور خود صاحب تحفہ
کیطرف سے ایسا امر نہیں کہ کسی پر
پوشیدہ ہو سکے یہ ساری باتیں۔
انتباہ، انفاس العارفین، فیوض
الحرمین، صاحب تحفہ کے فتاویٰ و
رسائل مثلاً رسالہ ذبیحہ میں۔ مولوی
رفیع الدین صاحب مولوی رشید
الدین خاں صاحب مفتی صدر
الدین خان صاحب استاذ صاحب
رسالہ، کے رسائل میں اور ان کے
علاوہ دوسروں کے رسائل میں
معروف ومشہور ہیں۔

اسلئے صاحب تحفہ اور ان کے
اسلاف و اخلاف کی جانب سے
صاحب رسالہ کا جو جواب ہوگا وہی
جواب ہم اپنے باقی ائمہ اسلام
کیطرف سے دے لیں گے۔

طُرفہ یہ کہ مولوی رفیع الدین صاحب

درر سالۂ خود ایں وسوسہ صاحب رسالہ
را بتصریح مردود ساختہ اند۔ چنانچہ در
رسالہ مسائل فرمودہ۔

''زمان اگر چہ سیال غیر
قارست۔ اما انچہ باں تقدیر کردہ میشود
زمان راازشب وروز وماہ وسال اینہا
را شرعا وعرفا دورہ مقررست چوں
یک دورہ تمام میشود باز از سر شروع
میشود وہمیں حساب رمضان شہر صوم
وذی الحجہ شہر حج وہمچنیں شہور دیگر را در
دورہ حکم اتحاد بانظیر دادہ می شود
چنانکہ در حدیث ست کہ یہود عرض
کردند در حضور جناب نبوت کہ حق
تعالیٰ نجات حضرت موسیٰ علیہ السلام
وغرق فرعون دریں روز کردہ ست
برائے شکرانہ روزہ میگیرم

نے اپنے رسالہ میں صاحب رسالہ
کے اس وسوسہ کو صراحت کے ساتھ
رد کر دیا ہے جیسا کہ رسالہ مسائل
میں فرمایا ہے۔

''زمانہ اگر چہ سیال اور غیر قار
ہے لیکن اس تقدیر پر جو کچھ کیا جاتا
ہے وہ اس لئے کہ زمانہ کے روز و
شب اور ان کے ماہ وسال کا شرعا
اور عرفاً دورہ مقرر ہے جب ایک
دورہ کی تکمیل ہوتی ہے از سر نو دوسرا
دورہ شروع ہو جاتا ہے اور اسی حساب
سے رمضان ماہِ روزہ، ذوالحجہ شہر
حج اور یونہی دوسرے مہینوں کو دورہ
میں اپنی نظیر کے ساتھ اتحاد کا حکم دیا
جاتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے
کہ جناب نبوت کی بارگاہ میں
یہودیوں نے عرض کیا کہ حق تعالیٰ نے
حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نجات اور
فرعون کو غرقاب اسی دن فرمایا ہے۔ شکرانہ
میں ہم لوگ روزہ رکھتے ہیں ۔

جناب نبوت صلی اللہ علیہ وسلم فرمودہ
انا احق من تبع بموسی
فصام یوم عاشوراء و
امر الناس بصیامہ ونیز حضرت
نبی صلی اللہ علیہ وسلم بلال را وصیت
کردند بصوم روز دوشنبہ فرمودند
''فیہ ولدت وفیہ انزل وفیہ
ھاجرت وفیہ اموت'' الیٰ
آخرہ۔

قولہ - وجوب صوم یوم عاشوراء
بفرضیت صوم رمضان وانفرادش بسبب
فرمودن سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کہ
اگر سال آیندہ زندہ بمانم روزہ نہم
راباآں ضم کنم تا ملت ما از ملت موسیٰ
علیہ السلام مختلف باشد منسوخ شد
واستحباب صوم عاشوراء بانضمام صوم
دیگر اگر چہ باقی ست الیٰ آخرہ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا
۔ حضرت موسیٰ کے پیروکاروں کی بہ
نسبت اس کے ہم زیادہ حقدار ہیں
۔ پھر سرکار نے بروز عاشوراء خود
روزہ رکھا اور لوگوں کو روزہ رکھنے کا
حکم دیا۔ نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
حضرت بلال کو وصیت فرمائی کہ
دوشنبہ کو روزہ رکھنا اسی دن میری
پیدائش ہوئی، اسی دن مجھ پر نزول
وحی ہوا، اسی دن میں نے ہجرت کی
اسی دن میرا وصال ہوگا۔ الخ''

قولہ - روزِ عاشوراء کے روزہ کا
وجوب روزۂ رمضان کی فرضیت سے اور
اس کا انفراد سرکار دو عالم ﷺ کے اس
فرمان سے۔ ''کہ اگر سال آئندہ زندگی
رہی تو نویں کا روزہ اس کے ساتھ ملا
دوں گا تاکہ ہمارا دین موسوی سے
مختلف رہے،'' منسوخ ہو چکا ہے اگر
چہ روزۂ عاشورہ کا استحباب روزۂ دیگر کے
انضمام کے ساتھ باقی ہے الخ''

اقول- ہرگاہ کہ بہ بجا آوردن
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صوم
عاشوراء بموافقت یہود بوجہ احیائے
سنت موسیٰ علیہ السلام اعتراف نمود
وسوسۂ طعن صاحب رسالۂ ائمۂ اسلام
باطل گردید گو وجوب صوم عاشوراء
بفرضیت صوم رمضان منسوخ شدہ چہ
اگر نظائر را باہم در ازمنۂ لاحقہ وسابقہ
ہیچ علاقہ ومناسبت نمی بود، بعد گذشتن
صدہا سال از یوم حصول نعمت نجات
حضرت موسیٰ علیہ السلام روزہ داشتن
آنجناب درآں روز برائے شکر نعمت
باز اعادۂ شکر ان نعمت و احیائے
آں سنت بعد وفات حضرت موسیٰ
علیہ السلام چہ معنی داشت کہ حصول
نعمت نجات حضرت موسیٰ علیہ السلام

اقول- جب صاحب رسالہ
نے، یہودیوں کی موافقت، اور
حضرت موسیٰ علیہ السلام کی سنت کو
زندگی دینے کی غرض سے حضور صلی
اللہ علیہ وسلم کا عاشوراء کے دن روزہ
رکھنا مان لیا تو ائمۂ اسلام پر اس کے
طعن کا وسوسہ باطل ہوگیا۔

صوم عاشوراء کی فرضیت گو کہ
صوم رمضان سے منسوخ ہوگئی، پھر
بھی اگر نظائر کا باہم ازمنۂ سابقہ
سے کوئی علاقہ اور مناسبت نہیں ہے
پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے
حصول نعمت نجات کے دن سے
سیکڑوں سال گذر جانے اور حضرت
موسیٰ علیہ السلام کے وصال کے بعد
ان کی سنت کا احیاء، اعادۂ شکر نعمت اور
شکر نعمت کی خاطر آں جناب کا روزہ
رکھنا کیا معنی رکھتا ہے؟ کیونکہ بہ قول
آپ کے اُس دن میں، جس میں
حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نعمتِ نجات

وصوم آنجناب در روزی شدہ بود کہ از
عاشورائے عہد حضرت خاتم رسالت
صلی اللہ علیہ وسلم فاصلۂ صدہا سال
داشت واحکام ماضی جداست واحکام
حال واستقبال جداو اعادۂ معدوم
مستحیل الیٰ آخر المغالطہ۔

اما آنچہ گفتہ کہ در مولد اتباع
صاحب ملت محمدی مفقود است الخ
ایں قولش حسب تحقیق متسندین او
مردود ست تا آنکہ در قول علامہ ابن
حاج ہم از مضمون حدیث شریف
شرف و عظمت ایام ولادت و
استحباب اعادۂ شکر آن نعمت بتصریح
موجود ست۔

قولہ- دلیل شانزدہم جماعتے
از اہل علم و دیانت الیٰ قولہ احمد بن محمد
مصری در کتاب خود اتفاق علمائے ہر
چہار مذہب بر منع ایں نقل کردہ الخ

ملی اور عہد رسالت مآب ﷺ کے
اُس روز عاشوراء میں، جس دن
آپ نے روزہ رکھا صدیوں کا
فاصلہ ہے۔ اور ماضی کا حکم الگ ہے
، حال و استقبال کا الگ اور اعادۂ
معدوم محال الیٰ آخر المغالطہ۔

صاحب رسالہ کی یہ بات کہ
میلاد میں صاحب ملت محمدی کی
اتباع نہیں خود صاحب رسالہ کے
مستندین کی تحقیق کے مطابق مردود ہے
یہاں تک کہ علامہ ابن حاج کے قول
میں بھی، حدیث شریف کے مضمون
سے ایام ولادت کا شرف و عظمت اور
اس نعمت کے اعادہ شکر کا استحباب
صراحت کے ساتھ موجود ہے۔

قولہ- سولہویں دلیل- اہل
علم و دیانت کی ایک جماعت اس
عمل کی کراہت و بدعت کی صراحت
کر چکی ہے۔ الیٰ قولہ- احمد بن محمد
مصری نے اپنی کتاب میں اس عمل
کی ممانعت پر مذاہب اربعہ کے علماء
کا اتفاق نقل کیا ہے۔ الیٰ آخرہ

اقول-الحق تعصب ونفسانیت
دیدۂ بصیرت را کور می سازد و سب و
شتم ائمۂ امت انسان را در چاہ کذب و
ضلالت می اندازد وجہ تصحیح استناد
بکتاب مجہول مصری مجہول و موجب
ترجیح آں بر ائمہ مشہورین شرع
محمدی بوجہیکہ مثبت تجویز حکم ضلالت بر
متبعین آنحضرات باشد چیست۔

وعجب آنکہ سابقاً حکم جہالت شیخ
عمر بن محمد ملا باآں زور و شور نمودہ کہ ہیچ
کئے از مشائخ وصوفیہ وعلماء کرام اورا
نمی شناشد و در ہیچ کتاب از و استناد
مروی نیست الخ باوجودیکہ در سیرت
شامی کہ کتابے ست معروف و مشہور و
صاحب رسالہ وکبرائے طائفہ

اقول-حق ہے کہ تعصب اور
نفسانیت نگاہِ بصیرت کو اندھا کر
دیتی ہے اور ائمہ امت کو برا بھلا کہنا
انسان کو جھوٹ اور گمراہی کے کنویں
میں ڈال دیتا ہے۔ مصریٔ مجہول کی
کتاب مجہول سے تصحیح استناد کا، اور
شرع محمدی کے ائمہ مشہورین پر اس
کے قول کی اس طور پر ترجیح کا سبب
کیا ہے؟ کہ اس کے قول سے اُن
مشہور ائمہ کے پیروکاروں پر حکمِ
ضلالت کی تجویز کا ثبوت ہو۔

حیرت یہ ہے کہ اس سے پہلے
شیخ عمر ابن محمد ملاؔ کے مجہول ہونے کا
حکم اس زور و شور سے لگا چکا ہے کہ
مشائخ، صوفیہ اور علماء کرام میں سے
کوئی بھی اسے نہیں پہچانتا اور کسی
کتاب میں اس سے استناد مروی
نہیں ہے" باوجودیکہ مشہور و معروف
کتاب سیرتِ شامی جس سے
صاحبِ رسالہ کے کبراء گروہ بھی

ہم از وسند می آرند صراحۃً استناد و
شہادت صلاحیت و شہرت شیخ مذکور
ست واینجا کہ استناد بمصری می نماید
ہرگز مجہولیت مصنف و مصنف بخیال
نمی آرد وقطع نظر از ہمہ ایں وآں بحث
وکلام کہ دراں بیان ست بطلان و
کذب قول مصری از ماۃ مسائل
اسحاقیہ عیان ست بلکہ صاحب تفہیم
بکثرت اقوال جانب استحسان و
تجویز اعتراف میکند و آنرا مسلم می
دارد گو بمقتضائے آنکہ دروغ گورا
حافظہ نباشد درانجا بر خلاف دیگر
مقامات کثرت را سبب ترجیح نمی
پندارد۔

بالجملہ اگر دریں مقام فقرۂ
"کفی اللّٰہ المؤمنین
القتال" کہ صاحب رسالہ

استناد کرتے ہیں۔ اُس میں صراحت
کے ساتھ شیخ سے استناد، شہادت اور
صلاحیت و شہرت مذکور ہے۔ اور
یہاں ایک مصری سے استناد کرتا ہے
اور مصنف اور اس کی تصنیف کی
مجہولیت، خیال میں نہیں لاتا؟ اس
کتاب میں موجود بیان ایں و آں
اور بحث وکلام سے قطع نظر قولِ
مصری کا کذب و بطلان "ماۃ
مسائل اسحاقیہ" سے ظاہر ہے۔ بلکہ
صاحبِ تفہیم، کثرتِ اقوال کے
سبب جانب استحسان و تجویز کا
اعتراف کرتا ہے اور اسے مسلم رکھتا
ہے۔ گو "دروغ گورا حافظہ نہ باشد"
کی مقتضاء کے مطابق اس مقام پر
دیگر مقامات کے برخلاف کثرت کو
سبب ترجیح نہیں سمجھتا۔

الحاصل اس مقام پر "کفی
اللہ المومنین القتال" کا وہ
جملہ میں تحریر کردوں جسے صاحب

برائے اشعار تکفیر ائمہ امت محمدیہ
بکمال بیباکی نوشتہ برنویسم باکے ندارد
اما احقر ہمچو تطویل را کہ خارج از تحقیق
مبحث ست بے فائدہ می پندارد۔

قولہٗ قال ابن الحاج الخ۔

اقول قول ابن حاج را بحذف
آنچہ وساوس صاحب رسالہ را از بیخ
وبن بر میکند حجت گردانیدن و بناء
تضلیل اکابر دین برآں نہادن بر علم و
دیانت خود خط کشیدن و در ضلالت و
اضلال کشادن ست ابن حاج مذکور
در خلال ہمان قول منقول و مسطور
بعد از انکہ ترک نمودن آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم عمل را برحمت خود بخوف
فرضیت و سزا وار بودن شہر مولد
بزیادت عبادت باوجود عدم زیادت
حضرت بیان فرمودہ می فرماید۔

رسالہ نے امت محمدیہ کی تکفیر کی
جانب اشارہ کرنے کے لئے کمال
بیباکی سے لکھا ہے تو کوئی حرج نہ ہوگا
۔لیکن احقر اس طرح کی خارج از
بحث تطویل کو بے فائدہ سمجھتا ہے۔

قولہٗ-ابن الحاج نے کہا ہے الخ۔

اقول- صاحب رسالہ کے
وسوسوں کو بیخ وبن سے اکھاڑ پھینکنے
والے حصہ کو حذف کر کے ابن الحاج
کے باقی قول کو، حجت قرار دینا اور
اس پر اکابر دین کی تضلیل کی بنیاد رکھنا
اپنے علم و دیانت پر خط کھینچنا اور
گمراہی ، گمراہ گری کا دروازہ کھولنا
ہے ۔ اپنی رحمت اور فرضیت کے
خوف سے کسی فعل کے ترک کرنے
اور اس بات کا بیان کرنے کے بعد
کہ ماہ میلاد اپنے اندر عبادت کی زیادتی
کا سزاوار ہے بھلے حضور نے اس میں
زیادتی نہیں کی ہے، ابن حاج اپنے
اسی قول میں فرماتے ہیں۔

"لكن اشار عليه الصلوٰة
والسلام الىٰ فضيلة هذا الشهر
العظيم بقوله للسائل الذى
سأله عن صوم يوم الاثنين
ذلك يوم ولدت فيه فتشريف
هذا اليوم متضمن لتشريف
هذا الشهر الذى ولد فيه
فينبغى ان يحترم حق
الاحترام و يفضل بما فضل
الله به الاشهر الفاضلة و
فضيلة الامنكة والازمنة بما
خصها الله من العبادات
التى تفعل فيها لما قد علم
ان الامكنة والازمنة لا
شرف لها لذاتها وانما
يحصل لها التشريف
بماخصت به من المعانى
فانظر الىٰ ما خص الله به

لیکن حضور ﷺ نے روز دوشنبہ
کے اپنے روزہ سے متعلق سوال
کرنے والے کو یہ جواب دیکر کہ
" اسی دن میری ولادت ہوئی تھی"
اس عظیم مہینہ کی فضیلت کی طرف
اشارہ فرمادیا ہے۔اس لئے کہ اس
دن کا مشرف ہونا اس مہینے کے
مشرف ہونے کو متضمن ہے جس میں
ان کی ولادت ہوئی اسلئے اس مہینہ کا
احترام اور اس کی فضیلت کا اُس
بنیاد پر اعتراف کرنا چاہئے جس
بنیاد پر اللہ نے فضیلت والے مہینوں
کو فضیلت دی ہے۔ زمان و مکان
کی فضیلت ان کے اندر اللہ کی خاص
کردہ عبادتوں کی ادائیگی کی بناء پر
ہوتی ہے کیونکہ یہ پتہ ہے کہ زمان و
مکان کو بالذات کوئی شرف نہیں
ہے۔ان کو شرف ان معانی کی بناء پر
حاصل ہوتا ہے جس سے وہ مخصوص
ہیں تو غور کرے کہ اللہ رب العزت

هـذالشهـر الشـريف ويـوم
الاثـنين الاترىٰ ان صوم هذا
اليوم فيـه فـضـل عظيم لانه
صلـى اللـه عليـه وسلم ولد
فيه۔

فـعلى هذا ينبغي انه اذا
دخـل هـذا الشهر الشريف
الـكـريم ان يكـرم و يـعظم
ويـحتـرم بـالاحترام اللائق به
اتبـاعـاًلـه ﷺ فی كونه يخص
الاوقـات الـفـاضـلـة بزيـاده فعل
البر فيها وكثـرة الخيرات الخ۔

ازیں عبارت خرافت بسیاری از
خرافات صاحب رسالہ و دیگر
اسماعیلیہ ظاہر گردیدہ۔

حالا از صاحب رسالہ استفتاء
می رود کہ صاحب رسالہ بیان
ابن حاج را مردود می انگار دیا مسلم
میدارد و قائل قول مذکور را از اصحاب
جہل و ضلالت می شمار د

نے اس مہینہ اور اس دن کو کس
خصوصیت سے مختص کیا ہے۔تم دیکھتے
نہیں اس دن روزہ رکھنے ہیں عظیم
فضیلت ہے اسلئے کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم اسی دن پیدا ہوئے۔

اس بنیاد پر مناسب ہے کہ
جب یہ مشرف ومکرم مہینہ آئے تو اس
کی تعظیم وتکریم کی جائے اور شایانِ
شان احترام کیا جائے۔اس میں سرکار
کی اتباع ہے کیونکہ وہ بھی فضیلت
والے اوقات کو نیک کاموں کی زیادتی اور
خیرات کی کثرت سے مختص کیا کرتے
تھے الخ۔

اس عبارت سے صاحب
رسالہ اور دیگر اسماعیلی لوگوں کے
بہت سارے خرافات ظاہر ہوگئے۔

اب صاحب رسالہ سے یہ
سوال ہے کہ ابن حاج کے بیان کو
مردود سمجھتا ہے یا مسلم اسے اصحاب
جہل وضلالت میں شمار کرتا ہے

یا از ارباب علم و دیانت می پندارد بر
تقدیر اول حجت ابن حاج آوردن
مغالطۂ محض ست و بر تقدیر ثانی حکم بہ
تضلیل مجوزین عمل مولد سفسطۂ بحت
ست فـافهـم ولا تـكـن من
المتعصبين اولى العناد فا ن
التـعـصـب والعـنـاد اصل
الشقاق و الفساد۔

و نیز حافظ سیوطی کہ مستند طائفہ
است جرح و تنقیح تقریر ابن حاج
فرمودہ چنانکہ از سیرت شامی ظاہر
ست پس آوردن عبارت مجروحہ بی
نقل رفع آں جرح از دیگر ائمۂ
مشہورین کار ارباب دیانت نیست و
نیست مگر خاصۂ لازمۂ وہابیہ کہ مدار
مذہب شان بر امثال ہمیں امور
ست۔

و نیز محققین بر کتاب مدخل
ابن الحاج کلامہا نمودہ اندوبس
ست برائے اسکات مخالفین

یا ارباب علم ودیانت میں پہلی تقدیر
پر ابن حاج کی حجت پیش کرنا محض
مغالطہ ہے اور دوسری تقدیر پر عمل
میلاد کو جائز قرار دینے والوں پر
گمراہی کا حکم لگانا خالص سفسطہ ہے ۔
تو سمجھو متعصب اور معاند مت بنو
کیونکہ عناد اور تعصب فساد اور
جھگڑے کی جڑ ہے“

نیز اس گروہ کے بھی مستند حافظ
سیوطی نے ابن حاج کی تقریر و تنقیح
پر جرح فرمایا ہے جیسا کہ سیرت شامی
سے ظاہر ہے ۔ اس لئے مجروح
عبارتوں کی ،دوسرے ائمۂ مشہورین
کی جرح ذکر کئے بغیر نقل، دینداروں
کا کام نہیں یہ تو وہابیہ کا خاصۂ لازمہ
ہے،جن کے مذہب کا مدار اسی طرح
کے امور پر ہے۔

نیز ابن الحاج کے مدخل پر
محققین کے بہت سارے کلام ہیں
مخالفین کو خاموش کرنے کے لئے

آنچه شاه عبدالعزیز صاحب در بستان المحدثین فرموده ''ابن مرزوق حفید در شرح مختصر خلیل بتقریبی آورده که۔

ان ابن ابی حمزة و تلمیذه ابن الحاج لا یعتمد علیهما فی نقل المذهب وغرض اوازیں کلام اعتراض ست بر صاحب مختصر خلیل زیرا که اعتماد او در نقل مذهب بیشتر بر مدخل ابن الحاج ست انتهی۔

وسیوطی در شرح ابن ماجه در حال مدخل نوشته۔

علی ان فیه مواضع لا یسلم به انکار ها وفی عزمی ان شاء الله تعالی ان اختصره و اهذبه واجرده'' الیٰ آخره۔

قولہٗ - قال الشیخ تاج الدین الیٰ آخره۔

بُستان المحدثین میں مذکور، شاہ عبد العزیز صاحب کا فرمان کافی ہے۔ فرماتے ہیں ابن مرزوق حفید، مختصر خلیل کی شرح میں ایک تقریب کے تحت فرماتے ہیں۔کہ

''نقل مذہب میں ابن حمزہ اور ان کے شاگرد ابن الحاج پر اعتماد نہیں کیا جاتا۔ اس کلام سے ان کا مقصود صاحب مختصرِ خلیل پر اعتراض کرنا ہے کیونکہ انہوں نے نقل مذہب میں زیادہ تر ابن الحاج کے مدخل پر اعتماد کیا ہے انتہیٰ''

امام سیوطی شرح ابن ماجہ میں مدخل کا حال تحریر کرتے ہیں۔

'' علاوہ ازیں اس میں کچھ جگہیں ایسی ہیں جہاں انکار قابل تسلیم نہیں میرا پختہ ارادہ ہے کہ انشاء اللہ اس کی تہذیب و تجرید اور اختصار کروں گا۔

قولہٗ - شیخ تاج الدین نے فرمایا الخ۔

اقول - اولاً قول فاکہانی که بر عدم علم ایشان مبتنی ست چنانکه علامه مذکور از انصاف تصریح بدان فرموده کئے بر اقوال دیگر محققین ترجیح میدارد که صاحب رساله بنا بر تضلیل ائمهٔ دین ازاں حجت می آرد۔

وثانیاً قول مذکور باوجودیکه بے دلیل محض ست متندین صاحب رساله مثل حافظ سیوطی و علامه ابن حجر ردآں نموده اند که در انسان العیون مذکور و رد تفصیلی سیوطی بر فاکهانی در سبیل الهدیٰ والرشاد مسطور و هرگاه که حال قول فاکهانی که از مشهورین ست وقولش در کتب مشهوره برائے رد مذکور ست چنین ست پس چه جائے ذکر ذخیرة السالکین و تحفة القضاة و سبیل السنة و نور الیقین ست۔

اقول - انصاف سے منقول علامہ سیوطی کی صراحت کے مطابق فاکہانی کا وہ قول محققین کے اقوال پر کب راجح ہوگا؟ جس کا مدار ان کی لاعلمی پر ہے۔ کہ صاحب رسالہ ائمہ دین کی گمراہی کے لئے اس سے دلیل پکڑے۔

ثانیاً - مذکورہ قول باوجودیکہ محض بے دلیل ہے پھر بھی اس کی تردید صاحب رسالہ کے متندین مثلاً حافظ سیوطی اور علامہ ابن حجر نے کردی ہے۔ جس کا تذکرہ انسان العیون میں ہے اور فاکہانی پر علامہ سیوطی کا تفصیلی رد ''سبیل الھدیٰ والرشاد'' میں مرقوم ہے اور جب فاکہانی جیسے مشہور آدمی کے قول کا یہ حال ہے کہ اسے رد کے لئے اُن مشہور کتابوں میں ذکر کیا گیا۔ پھر ذخیرۃ السالکین، تحفۃ القضاۃ، سبیل السنۃ اور نور الیقین کے تذکرہ کا کیا محل؟

اولاً اثبات اعتماد ایں کتب از
حوالۂ کتب مشہورہ۔
وثانیاً تصحیح نقول مذکورہ۔
وثالثاً بیان وجہ ترجیح اقوال کتب
مسطورہ بر تحقیقات محققین مشہورین
مستندین صاحب رسالہ برذمۂ وے
ضرورست۔
ورابعاً معہذا کلہ حکم بہ تفسیق و
تضلیل دیگر ائمۂ دین کہ مجوزین ایں
عمل اند ومتبعین ایشان از دیانت و
انصاف نہایت دورست۔

قولہ۔ مجدد الف ثانی الخ۔

اقول۔ ایں چہ جرأت وبی باکی وچہ
مغالطہ وچالاکی ست اگر صاحب رسالہ
راحظی از عقل وانصاف می بود کلام شیخ راکہ

اولاً مشہور کتابوں کے حوالہ
سے ان کتابوں کا معتمد ہونا ثابت
کرے۔
ثانیاً۔ مذکورہ نقول کی تصحیح پیش
کرے۔
ثالثاً۔ صاحب رسالہ کی ذمہ
داری ہے کہ مشہور محققین و مستندین
کی تحقیقات پر مذکورہ کتابوں کے
اقوال کی ترجیح کا سبب بیان کرے۔
رابعاً ان تمام باتوں کے
باوجود دوسرے ان ائمۂ دین اور ان
کے متبعین کی تضلیل و تفسیق کا حکم
لگانا انصاف و دیانت سے انتہائی
بعید ہے جو حضرات اس عمل کو جائز
قرار دینے والے ہیں۔

قولہ۔ مجدد الف ثانی الخ

اقول۔ یہ کیا جرأت و بیباکی
ہے؟ اور کیا مغالطہ اور چالاکی ہے؟
اگر صاحب رسالہ کو عقل وانصاف کا
کچھ بھی حصہ ملا ہوتا تو شیخ کے اُس

از مبحث نزاع خارج ست برائے
اثبات تضلیل ائمۂ دین پیش نمی نمود
عبارتیکہ مرتبط بہ اول باشد اقتصار ذکر
آخر آں نمودن کہ صراحۃً منع خاص از
مولد مجوث عنہ دراں مسطور نیست ہیچ
مفید نیست ہماں شیخ در مکتوب صد و ہفتم
از جلد ثالث مکاتیب خود نوشتہ اند دیگر
آنچہ در باب مولد خوانی اندراج یافتہ
بود در نفس قرآن خواندن وصوت حسن
و در قصائد نعت ومناقب خواندن چہ
مضائقہ است ممنوع تحریف و تغییر
حروف قرآن ست و التزام رعایات
مقامات نغمہ الخ۔

قولہ۔ در تحفۂ اثناعشریہ است الخ

اقول۔ جوابش بہ تفصیل بالا
گذشتہ۔

کلام کو ائمۂ دین کی گمراہی ثابت
کرنے کے لئے پیش نہیں کرتا جو
متنازع فیہ بحث سے خارج ہے۔ وہ
عبارت جو اول حصہ سے مربوط ہو
اس کے آخری حصہ کے ذکر پر اکتفاء
کرنا جس میں صراحۃً زیر بحث میلاد
شریف کی خاص ممانعت نہیں ہے۔
کسی طرح مفید نہیں۔ وہی شیخ اپنے
مکتوبات کے تیسرے حصہ کے مکتوب
نمبر ایک سو سات میں لکھتے ہیں۔
”دوسرے وہ جو میلاد خوانی
کے باب میں مندرج ہو گئے ہیں۔
محض قرآن پڑھنے، اور اچھی آواز
میں، نعت منقبت اور قصائد پڑھنے
میں کیا مضائقہ ہے ممنوع قرآن
کے حروف کی تغییر و تحریف اور راگ
کے قواعد کی رعایتوں کا التزام ہے۔

قولہ، تحفۂ اثناعشریہ میں ہے۔

اقول اوپر کی تفصیل میں اس
کا جواب گذر گیا۔

قولہ- مولوی عبد الحیٔ در بعض
مکاتیب خود بمیر احمد بریلوی پیر خود
نوشتہ اند الخ۔

اقول- ذکر ہیچو کس در مقابلۂ
أیمہ محققین خصوصاً اساتذہ وشیوخ
خودش در دین کار ارباب حیاء نیست۔

قولہ- بعض شافعیہ ہیچو ابوالخیر
سخاوی وابوشامہ وظہیر الدین جعفر وشیخ
نصیر الدین کہ ایں عمل را بدعت حسنہ
گفتہ اند مدفوع ست بعدم تقسیم بدعت
بسوئے حسنہ وسیئہ اول قسمت بدعت
باستحسان واساءت ثابت کنند سپس
ایں عمل را بدعت حسنہ گویند۔

اقول- ثبوت استحسان
بدعات حسنہ از صحابۂ کرام ودیگر ائمہ
عظام از حنفیہ وشافعیہ وغیرہم از ماسبق
بوضوح رسیدہ و موجب ثواب

قولہ مولوی عبدالحیٔ صاحب
نے اپنے پیر میر احمد بریلوی کو اپنے
بعض مکتوب میں لکھا ہے۔

اقول- ائمہ محققین بالخصوص
اپنے اساتذہ اور شیوخ کے مقابلہ
میں، ایسے شخص کا تذکرہ کرنا دین
میں حیاداروں کا کام نہیں۔

قولہ - بعض شافعیہ جیسے
ابوالخیر سخاوی، ابوشامہ، ظہیر الدین
جعفر اور شیخ نصیر الدین جنہوں نے
اس عمل کو بدعتِ حسنہ کہا ہے۔ حسنہ
اور سئیہ کی طرف تقسیم بدعت کے
معدوم ہونے کے سبب مدفوع ہے
پہلے استحسان و اساءت کی طرف
بدعت کی تقسیم ثابت کریں بعد میں
بدعت حسنہ کا قول۔

اقول- صحابہ کرام و دیگر حنفی و
شافعی وغیرہ ائمہ عظام سے۔ ماسبق
میں بدعات حسنہ کے استحسان کا ثبوت
واضح ہو چکا۔ اور صاحب رسالہ

وعدم ملام بودنش بدلیل اتفاق محققین
از مستندین صاحب رسالہ نقل گردیدہ
بلکہ صاحب تنبیہ السفیہ بنقل اجماع
فرق اسلامیہ براں پرداختہ کہ قولش
شجرۂ خبیثۂ وسوسۂ روافض واسماعیلیہ
وہابیہ را از بیخ و بن قطع ساختہ۔

وثانیاً تلفظ بلفظ بعض شافعیہ محض
برائے تغلیط عوام ست چہ استحسان ایں
عمل بتصریح محققین شافعیہ و حنفیہ
وغیرہم تا استاذ صاحب رسالہ بنقول
مشہورہ معتمدہ ثابت و معلوم و اسماء
چندے از علماء کرام و محققین اعلام در ما
سبق ہم مرقوم۔

قولہ- استناد باشخاص مقلدین
مجتہد دیگر معتبر نیست۔

کے مستندین و محققین کی دلیل اتفاق
سے اس کا موجبِ ثواب ہونا اور نا
قابل ملامت ہونا منقول ہو چکا بلکہ
صاحب تنبیہ السفیہ نے اس بات
پر اسلامی فرقوں کا اجماع تک لکھ ڈالا
ہے۔ جن کے قول نے روافض اور
اسماعیلیہ وہابیہ کے وسوسوں کے
خبیث درخت کو بیخ و بن سے کاٹ
ڈالا۔

ثانیاً- ’’بعض شافعیہ‘‘ کے لفظ
کا تلفظ محض عوام کو مغالطہ میں ڈالنے
کیلئے ہے ورنہ اس عمل کا استحسان،
محققینِ شافعیہ، حنفیہ وغیرھم یہانتک
کہ صاحب رسالہ کے استاذ کی
صراحت سے مشہور اور قابل اعتماد
نقول سے ثابت و معلوم ہو چکا۔
چند علماء کرام و محققین اعلام کے اسماء
ماسبق میں بھی مرقوم ہوئے۔

قولہ - دوسرے مجتہد کے
مقلد افراد سے استناد معتبر نہیں،

خاصۂ مقلدان مذہب حنفی راکہ قائل با
فقہ بودن امام خود اند واگر عاملین عمل
مولد دریں مسئلہ غیر مدلل اقتداء
بشافعیہ کیف ما کان جائز دارند باید
کہ در امور دیگر معمول شوافع کہ مدلل
اند بدلائل بسیار ہمچو تامین بالجہر و رفع
الیدین و ترجیع فی الشہادتین وغیرہا
من العبادات نیز اقتداء بآنحضرات
نمایند الخ۔

اقول- اولاً کہ دریں مسئلہ
اقتداء الشافعیہ چہ ضرورست چنانکہ
علماء شافعیہ قائل جواز ایں عمل اند
ہمچنان محققین عظام از علماء حنفیہ کہ
حاویٔ فروع و اصول مذہب خود محقق
و مدقق طریق خود اند تصریح باستحسان
ایں عمل فرمودہ اند و استناد بہ محققین
شافعیہ برائے تائید کلام چیزے
دیگر ست و تقلید مذہب شان
امرے دگر ست۔

بالخصوص مذہب حنفی کے مقلدین
کے لئے جو اپنے امام کو سب سے
بڑا فقیہ کہتے ہیں۔اور اگر عمل میلاد
کرنے والے اس غیر مدلل مسئلہ میں
شافعیہ کی اقتداء کسی طرح جائز رکھیں
تو انہیں چاہئے کہ دیگر معاملوں میں
بھی شوافع کے اُن معمولات پر عمل
کریں جو بہت سارے دلائل سے
مدلل ہیں ۔ مثلاً آمین بالجہر و رفع
یدین،شہادت میں ترجیع وغیرہ۔

اقول- اولاً - اس مسئلہ میں
شافعیہ کی اقتداء کیا ضروری ؟ جس
طرح شافعی علماء اس عمل کے جواز
کے قائل ہیں اسی طرح اپنے طریق
کے محقق و مدقق اپنے مذہب کے اصول
و فروع پر حاوی علماء احناف کے بڑے
بڑے محققین نے بھی اس عمل کے
استحسان کی صراحت فرمائی ہے۔کلام کی
تائید میں محققین شافعیہ سے استناد اور
چیز ہے اور ان کے مذہب کی تقلید
دوسری چیز۔

و ثانیاً در امریکہ از مجتہد مذہب
خود منقول نباشد امامخالفت باصول ہم
نداشتہ باشد اگر بعلماء محققین از دیگر
مذاہب حقہ اہلسنت کہ آنحضرات ہم
ائمۂ دین متین و ارکان شرع مبین
اند استناد نمودہ آید بلکہ اقتداء جائز
داشتہ شود مستلزم آن نیست کہ امور یکہ
صریح مخالف ارشاد و اجتہاد مجتہد
مذہب یا مخالف اصول مذہب خود
باشند واز تحقیق مجتہدین مذہب خود نسخ
آں امور یا مرجوحیت آں بروایت معتمدۂ
صحابۂ کرام بثبوت رسیدہ باشد درہمچو امر
ہم ترک اتباع مجتہد مذہب خود و تقلید
مذاہب دیگر لازم گردانیدہ شود ایں بحکم
صاحب رسالہ الزام مالا یلزم و قیاس
مع الفارق ست۔

ثانیاً ایسے امر میں جو اپنے
مذہب کے مجتہد سے منقول نہ ہو لیکن
اصول کے مخالف بھی نہ ہو اگر ان
علماء محققین سے استناد، بلکہ اقتداء
جائز رکھی جائے جو اہلسنت کے
دوسرے مذاہب سے متعلق ہیں کہ
کہ وہ بھی ائمۂ دین متین اور ارکان
شرع مبین ہیں ۔ اس سے کہاں
لازم کہ ان امور میں جو اپنے مذہب
کے مجتہد کے اجتہاد و ارشاد کے صریح
مخالف ہیں اور اپنے مذہب کے
مجتہدین کی تحقیق سے ان مور کی
منسوخیت یا مرجوحیت صحابہ کرام
کی قابل اعتماد روایات سے پایۂ
ثبوت کو پہونچ چکی ہو، ایسے امر میں
اپنے مذہب کے مجتہد کی اتباع ترک
کر دی جائے اور دیگر مذاہب کی
تقلید کی جائے یہ بات صاحب
رسالہ کے مخالف ہیں یا اپنے مذہب
کے اصو مطابق الزام مالا یلزم اور
قیاس مع الفارق ہے۔

قولہ- حیف است کہ در عمل
بدعت اقتدائے غیر روا دارند و در عمل
سنت سخن غیر نہ پذیرند الخ۔

اقول- منشاء ایں طعن قبیح جہل
صریح ست محل نزاع کہ تجویز و استحسان
عمل مولد است و استاد صاحب رسالہ
و اساتذہ و اساتذۂ اساتذۂ شان وہلم
قائل آں اند ہیچ گو نہ از نصوص
احادیث و تصریح مجتہدین ممانعت یا
مرجوحیت آں ثابت و امور یکہ آنھا را
سنت قرار دادہ ایں طعن می نماید اجلۂ
مجتہدین بسیاری از ان امور مخصوصۂ
خود ممانعت و منسوخیت آں از احادیث
شریفہ خاصۃً مستنبط نمودہ و در
بسیاری از اں مرجوحیت سنیت آں

قولہٗ حیف کہ عمل بدعت
میں تو غیر کی اقتداء جائز رکھتے ہیں
اور عملِ سنت میں دوسروں کی بات
قبول نہیں کرتے۔

اقول اس قبیح طعنہ کی بنیاد کھلی
جہالت ہے۔ محل نزاع عمل میلاد کا
استحسان اور اس کی تجویز ہے جس
کے قائل صاحب رسالہ کے استاذ،
استاذ کے استاذ، استاذ کے استاذ کے
استاذ آگے تک رہے ہیں جس کی
مرجوحیت وممانعت مجتہدین کی
صراحت اور احادیث کے نصوص
سے ثابت نہیں ہے۔ اور صاحب
رسالہ جن امور کو سنت قرار دیکر یہ طعنہ
دیرہا ہے ان میں سے بہت سارے
مخصوص امور کی ممانعت اور منسوخیت
خاص احادیث ہی سے جلیل القدر
مجتہدین نے مستنبط کی ہے
اور بہت سارے امور میں ان کے
مسنون ہونے کی مرجوحیت صحابۂ

بدیگر آثار صحابۂ کرام ثابت فرمودہ اند
پس طعن عدم پذیرائے سنت کہ
برائے اظہار تضلیل ائمہ دین بلفظ
حیف آوردہ جواب ایں حیف کہ مسکت
طائفۂ صاحب رسالہ باشد بجز از سیف
چیست۔

قولہٗ: بانیان بدعات
ومحدثات الخ

اقول- درحق قائلین استحسان
عمل مکرم و عاقدین مجلس ذکر معظم
بایں طعن فاسد و ناصواب پرداختن ترد
اولی الالباب خاک بر آفتاب
انداختن ست بودن امام جزری
صاحب حصن حصین و امام قسطلانی و
ملا علی قاری و محدث دہلوی و شیخ عبد
الوہاب متقی وغیرہم از محبان و
محبوبان بار گاہ صاحب لولاک

کرام کے دوسرے آثار سے ثابت
فرمائی۔ اسلئے ائمہ دین کی تضلیل کا
اظہار کرنے کے لئے سنت قبول نہ
کرنے کا جو طعنہ صاحب رسالہ نے
لفظ ''حیف'' سے دیا ہے۔ صاحب
رسالہ کے گروہ کو خاموش کرنے کیلئے
اس ''حیف'' کا جواب ''سیف'' کے
سوا ہے ہی کیا ؟

قولہٗ- بانیان بدعات و
محدثات'' الخ

اقول- اس عمل کے استحسان
کا قول کرنے والوں اور مجلس ذکر
معظم منعقد کرنیوالوں کے حق میں
اس فاسد اور غیر درست طعنہ میں
مشغول ہونا عقل والوں کے نزدیک
آفتاب پر خاک ڈالنا ہے۔ امام
جزری صاحب حصن حصین امام
قسطلانی، ملا علی قاری، محدث دہلوی
اور شیخ عبدالوہاب متقی وغیرہ کا بارگاہ
صاحبِ لولاک کا محبّ و محبوب ہونا،

و وارثان درگاہ پیغمبر پاک و پیشوائے
دین وقدوۂ شرع مبین نزد کافۂ اہل
دیانت وایقان زیادہ از آفتاب روشن
وعیان ست اگر کسی از کور باطنی خود ایں
ائمۂ ہدیٰ را از اہل ضلالت انگار دیا از
مبغضان و مبغوضان جناب خاتم
رسالت شمارد فی الحقیقت روئے خود سیاہ
می سازد و خود را در خارستان ضلالت
می اندازد۔

گر نہ بیند بروز شپرۂ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

قولہ۔ فصل دوم در پاسخ
شبہات مجوزین عمل مولد الخ۔

اقول۔ تقریر علماء اہلسنت را کہ
از تزویر خود بحذف بعض مقدمات
وقلت بعض وعدم فہم مراد در بعض

درگاہ پیغمبر پاک کا وارث ہونا، دین
کا پیشوا اور شرع مبین کا مقتدا ہونا،
تمام اہلِ ایقان و دیانت کے
نزدیک آفتاب سے زیادہ روشن اور
ظاہر ہے۔ اگر کوئی شخص ہدایت کے
ان اماموں کو اپنی کور باطنی سے اہلِ
ضلالت سمجھے یا جناب خاتم رسالت
سے بغض رکھنے والا یا ان کا مبغوض
سمجھے تو فی الحقیقۃ وہ اپنا چہرہ سیاہ
کر رہا ہے اور اپنے آپ کو گمرہی
کے خار زار میں ڈال رہا ہے۔ اگر
چمگاڈر جیسی آنکھ والا دن میں نہ دیکھ
سکے تو آفتاب کے ٹکیہ کا کیا قصور؟۔

قولہ۔ دوسری فصل عمل میلاد
کو جائز قرار دینے والوں کے شبہات
کے جواب میں ہے۔ الخ

اقول۔ علماء اہلسنت کی تقریر
کو اس کے بعض مقدّمات اپنے
فریب سے حذف کر کے، بعض میں
کمی کر کے، بعض کی مراد بے سمجھے،

بلفظ شبہ تعبیر می نماید و بنام جواب ہر چہ
در دلش می آید بے باکانہ می سراید واز
غایت بے شرمی حقوق حضرات
مستندین خود یاد نمی آرد و از
مردود گردیدن اقوال خود باک نمی دارد
کہ بہمین حضرات جابجا برائے نام
استناد می سازد۔

طرفہ آنکہ بر شاگردئ سند العالمین
فی العالمین می نازد و بر کلام اوشان نظر نمی
اندازد کہ سہام طعن وملام جواب شبہات
ہمہ بر کلام اوشان متوجہ میگردد۔

از انجا کہ ہمہ جواباتش از قبیل
خرافات وہمہ تقریراتش مزخرفات
پس احقر الطلبہ دریں رسالہ کہ اصل
مقصد صرف دفع اوہام ہیچو جہلہ
واظہار لغویت دعاوئ سفلہ است بہ
بسط تقاریر علماء دیں کہ از کتب شان در

لفظ شبہ سے تعبیر کر رہا ہے اور جواب
کے نام پر جو کچھ اس کے دل میں آتا
ہے بے باکانہ گاتا ہے۔ اور نہایت
بے شرمی سے، اپنے مستندین حضرات
کے حقوق کو بھی یاد نہیں کرتا نیز اپنے
قول کے مردود ہونے کا خوف بھی
نہیں کرتا کہ انہیں حضرات سے جابجا
برائے نام استناد کرتا ہے۔

طرفہ یہ کہ سند العالمین فی
العالمین کی شاگردی پر ناز بھی کرتا
ہے اور ان کے کلام پر نظر نہیں ڈالتا۔
کہ شبہات کے جواب میں ملامت
اور طعنوں کے تیر کا رخ ان کے کلام
کی طرف بھی ہے۔

چونکہ اس کے تمام جوابات از
قبیل خرافات اور ساری تقریریں
مزخرفات ہیں اسلئے احقر الطلبہ
جن علماء کی کتابوں سے عمل میلاد کا
استحسان ظاہر و باہر ہے ان کی
تقریروں کی تفصیل کی ضرورت اس
رسالہ میں نہ سمجھتے ہوئے صاحب

استحسان عمل مولد عیان و مستبین ست
حاجتی ندیده متوجه بیان فسادات اجوبہ
صاحب رسالہ گردیدہ۔

قولہ- تحقیق بدعت در مقدمہ
گذشت الخ۔

اقول- ازما سبق ثابت
گردیدہ کہ ایں آنچہ در مقدمہ بنام
تحقیق آوردہ مخالف تحقیق محققین بلکہ
مخالف اتفاق ست پس حوالہ اش محض
کاسد و بناء الفاسد علی
الفاسد است ثبت العرش ثم
انقش۔

قولہ- اگر وجود آں فعل از
حضرت مقدس نبوی واقع
شود بہماں سنت گردد و اگر آں
فعل باوجود مقتضی و عدم مانع بوجود
نیامد ترک آں فعل از سنن ہدیٰ بود الخ۔

رسالہ کے جوابات میں فساد کے
بیان کی طرف توجہ کر رہا ہے کیونکہ
رسالہ کا مقصود، صرف اس طرح کے
جاہلوں کے اوہام کا دفاع اور نیچ
لوگوں کے دعوؤں کی لغویت کا
اظہار ہے۔

قولہ- تحقیق بدعت مقدمہ
میں گذر چکی۔

اقول- ماسبق سے ثابت ہو
چکا کہ تحقیق کے نام پر مقدمہ میں جو
کچھ نقل کیا ہے وہ نہ صرف محققین کی
تحقیق کے خلاف بلکہ اتفاق کے
مخالف ہے اسلئے اس کا حوالہ کھوٹا اور
فاسد پر فاسد کی بناء ہے ''ثبت
العرش ثم النقش''۔

قولہ- اگر اُس فعل کا وجود
حضرت مقدس نبوی سے ثابت ہو تو
اسی بنیاد پر حسن ہو جائیگا اور اگر وہ
فعل مقتضی اور عدم مانع کے باوجود
واقع نہ ہو تو اس کا ترک سنتِ ھدیٰ
ہوگا۔ الخ۔

اقول- واجب بود کہ اولاً معنی
مانع و مقتضی دریافت می نمود من بعد
قدم در ردّ و ابطال اقوال ائمہ اعلام می
فرسود از شہادت صحابہ کرام واضح کہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بسیاری از
امور خیر را باوجودیکہ محبوب طبع مبارک
می بود صرف شفقۃً علی الامۃ ہم
بکراہت لزوم حرج بر ایشان ترک
میفرمود پس ادراک ایں معانی کہ
ائمہ دین را میسر و پیدا است اعتراض
بران حضرات بدیں خرافات محض بے
سروپاست۔

بالجملہ ترک آنحضرت را
علی الاطلاق تحریم و ممانعت لازم
نیست البتہ در صورتیکہ کدامی
قرینہ خاصہ حسب فہم مجتہدین بر کف
واجتناب از کدامی فعل دلالت کند
آنوقت البتہ ترک آنحضرت بایں
معنی دلیل ممانعت می تواند شد۔

اقول- ضروری تھا کہ پہلے
مانع اور مقتضی کا معنی معلوم کرتا بعد
میں ائمۂ اعلام کے اقوال کی تردید
وابطال میں قدم رکھتا۔ صحابہ کرام
کی شہادت سے واضح کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم بہت سارے امور
کو امت پر شفقت اور ان پر لزوم
حرج کو ناپسند سمجھنے کے سبب ترک
فرما دیا کرتے تھے باوجودیکہ وہ امور
مبارک، طبیعت کو محبوب ہوتے۔ پس
ان معانی کا ادراک جن ائمہ دین
کے لئے میسر اور ظاہر ہے اُن
حضرات پر ان خرافات سے
اعتراض کرنا محض بے سروپا ہے۔

الحاصل آنحضرت کا ترک علی
الاطلاق مستلزم تحریم وممانعت نہیں۔
البتہ اس صورت میں جب کوئی
خاص قرینہ مجتہدین کی سمجھ کے
مطابق کسی فعل سے کف اور
اجتناب پر دلالت کرے اس وقت
البتہ آنحضرت کا ترک اس معنی کے
لحاظ سے ممانعت کی دلیل ہو سکے گا۔

قولہٗ - چوں ذکر الٰہی ہمچو اذان
عیدین و نماز نفل بعید گاہ الخ۔

اقول - اولاً ذکر رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم را کہ علی الاطلاق مرغوب
شارع ست و مقید بہ ہیئتی و مخصوص بہ
قیدے نیست بر خصوص تقریر سنت
اذان برائے عیدین کہ سنت مخصوص
فرائض ست قیاس نمودن و از آں حکم
ضلالت استنباط کردن قیاس مع
الفارق ست کہ در تعیین سنن خاصہ
برائے صلوات مخصوصہ البتہ خصوصیت
قول و فعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
ضرورست و امریکہ از قول و فعل
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

قولہ - جب ذکر الٰہی مثلاً اذان
عیدین اور عیدگاہ میں نماز نفل الخ

اقول - اولاً رسول اللہ ﷺ
کا تذکرہ جو علی الاطلاق شارع کو
مرغوب ہے، کسی ہیئت سے مقید اور
کسی قید سے مخصوص نہیں، اس کا
قیاس عیدین کے لئے اُس اذان کی
تقریر سنت کے خصوص پر کرنا جو
فرائض کی مخصوص سنت ہے اور اس
سے گمرہی کا حکم مستنبط کرنا قیاس مع
الفارق ہے۔ کیونکہ مخصوص نمازوں
کیلئے خاص سنتوں کی تعیین میں البتہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و
فعل کی خصوصیت ضروری ہے۔ اور جو
امر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے

ثابت نباشد اعتبار آں امر مخصوص
بطور سنیت برائے کدامی نماز نمی تواں
نمود علماء تصریح فرمودہ اند کہ اگر در
عیدین ہم بجائے اذان کدامی ذکر
دیگر نہ بطور سنیت بلکہ بلحاظ دعائے
خلق گفتہ شود البتہ حسن ست کہ مندرج
ست در عمومات شارع۔

ملا علی قاری علیہ الرحمہ در مرقاۃ از
باب العیدین در فصل ثالث در شرح لا
اذان ولا اقامۃ ولا نداء گفتہ۔

فینبغی ان یفسر النداء
بالاذان لانہ یستحب ان
ینادی لھا الصلوٰۃ جامعۃ
بالاتفاق و عن ابن الزبیر
رضی اللہ عنہ انہ اذن لھما
وقال ابن المسیب اول
من اذن لصلوٰۃ العیدین

قول و فعل سے ثابت نہیں ہے اُس کا
اعتبار کسی نماز کی سنت کے بطور نہیں
کر سکتے علماء نے صراحت فرمائی
ہے کہ۔ اگر عیدین میں بھی اذان
کے بجائے کوئی دوسرا ذکر بطور سنت
نہیں بلکہ لوگوں کو بلانے کی غرض سے
کیا جائے یقیناً مستحسن ہے اسلئے کہ
شارع کے عمومات میں مندرج ہے۔

ملا علی قاری علیہ الرحمہ نے
مرقات باب العیدین کی تیسری
فصل میں ''لااذان ولا اقامۃ
ولا نداء'' کی شرح میں فرمایا۔

''پس نداء کی تفسیر اذان سے کرنی
چاہئے کیونکہ نماز عیدین کے لئے
''الصلوٰۃ جامعۃ'' کہنا بالاتفاق
مستحب ہے اور حضرت ابن زبیر
رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں
نے عیدین کے لئے اذان دی تھی
اور حضرت ابن مسیّب نے کہا ہے
کہ حضرت امیر معاویہ پہلے وہ آدمی

معاوية رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه
الخ۔

وثانیاً در خصوص اذان عید ہم کہ
از مجتہدات بعض صحابۂ کرام بودہ
اطلاق ضلالت بطوریکہ داخل عقائد
نجدیہ ست محل کلام ست وحال بطلان
قیاس بر تنفل قبل عید وصحیح نبودن اطلاق
ضلالت بر فاعل ومجوز ومستحسن آں و
تعارض روایت منقولہ صاحب رسالہ
بروایت ممانعت نفرمودن حضرت امیر
المؤمنین کرم اللہ وجہہ ازاں کہ دیگر
مفسرین وفقہاء نقل فرمودہ اند از ما
سبق ظاہر ست۔

قطع نظر از آنہمہ میگویم کہ
ہماں حضرت امیر کرم اللہ وجہہ قایل
تجویز و استحسان جہر تکبیر در عید
فطر بودہ اند باوجود یکہ

ہیں جنہوں نے عیدین کے لئے
اذان کہی ہے۔

ثانیاً بعض صحابۂ کرام کا مجتہد،
خاص عید کے اذان میں بھی ضلالت
کا ایسا اطلاق جو عقائد نجدیہ میں
داخل ہے محل کلام ہے اور نماز عید
سے پہلے نفل کی ادائیگی پر قیاس کا
بطلان اور اس کو مستحسن اور جائز سمجھنے
والوں اور کرنے والوں پر ضلالت
کے اطلاق کی عدم صحت اور صاحب
رسالہ کی منقول روایت کا حضرت
امیر المؤمنین کرم اللہ وجہہ کی عدم نہی
والی اُس روایت سے تعارض ماسبق
سے ظاہر ہے جس روایت کو دوسرے
فقہاء اور مفسرین نے نقل فرمایا ہے۔

ان تمام باتوں سے صرف نظر
کرکے میں کہتا ہوں کہ یہی حضرت
امیر المؤمنین کرم اللہ وجہہ عید الفطر
میں بالجہر تکبیر کے استحسان و تجویز
کے قائل رہے ہیں اس کے باوجود

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم در عید فطر
ترک آں فرمودہ اند وصرف در عید اضحیٰ
جہر نمودہ اند بلکہ بعض فقہاء را در ثبوت
جہر از آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام در
عید اضحیٰ ہم کلام ست۔

در غنیۃ المستملی در بحث اختلاف
حضرت امام اعظم وصاحبین وے رضی
اللہ تعالیٰ عنہم در جہر تکبیر فطر وعدم آں بعد
ذکر دلائل طرفین واجوبۂ آں فرمودہ۔

"والذی ینبغی ان یکون
الخلاف اف فی استحبا ب
الجهر و عد مها لا فی کر اهته
وعد مها فعند هما یستحب
الجهرو عنده الاخفا ء افضل
لان الجهر قد نقل عن کثیر
من السلف کا بن عمر رضی اللہ عنہ
وعلی رضی اللہ عنہ وابو امامة البا
هلی رضی اللہ عنہ الخ۔

کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
عید الفطر میں جہر ترک فرمایا ہے اور
صرف عید الضحیٰ میں جہر کیا ہے۔ بلکہ
بعض فقہاء کا عید الضحیٰ میں بھی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جہر کے
ثبوت میں کلام ہے۔

غنیۃ المستملی میں۔امام اعظم
اور صاحبین رضی اللہ عنہم کے مابین۔
عید الفطر میں تکبیر کے جہر میں اختلاف
کی بحث میں طرفین کے دلائل اور ان
کے جوابات نقل کرنے کے بعد فرمایا:

" اختلاف جہر کے استحباب
اور عدم استحباب میں ہونا چاہئے،
کراہت اور عدم کراہت میں نہیں۔
اس بناء پر صاحبین کے نزدیک جہر
مستحب ہوگا اور امام کے نزدیک
اخفاء افضل ہوگا۔ کیونکہ جہر بہت
سارے اسلاف جیسے حضرت ابن عمر
حضرت علی اور حضرت ابو امامہ باہلی
رضی اللہ عنہم سے مروی ہے" الخ

حالا صاحب رسالہ را باید از
خرافات خود توبہ نماید کہ از قول فاسدش
حکم ضلالت صحابۂ کرام لازم می آید
معا ذالله من ذالك الفساد.

قولہ وتخریج ابن حجر وتمثیل
آن بصوم عاشوراء قیاس مع الفارق
است الی قولہ دریںجا احیای سنت
موسوی نیست تسمیۂ ایں استنباط
غفلت مناط بقیاس محض بے اصل وبی
اساس ست الخ۔

اقول۔ منشاء ایں طعن وملام
برکلام ائمہ اعلام خود رائی وہرزہ سرائی
ست باید دریافت کہ غایت تگاپوی
وہم مبطلین شرف ایام ولادت
با سعادت ومنکرین استحباب اعادۂ
شکر نعمت ہمیں ست کہ ایام لاحقہ را
باز مان سابقہ موافقتے پیدا نیست

اب صاحب رسالہ کو اپنے
خرافات سے توبہ کر لینی چاہئے
کیونکہ اس کے فاسد قول سے صحابۂ
کرام پر گمراہی کا حکم لازم آتا ہے۔
اس فساد سے خدا کی پناہ۔

قولہ۔ اور ابن حجر کی تخریج
اور اس کی روزۂ یوم عاشورہ سے
تمثیل قیاس مع الفارق ہے۔ الیٰ
قولہ۔ اور یہاں سنت موسوی کا احیاء
نہیں ہے پس اس غفلت آمیز
استنباط کا قیاس نام رکھنا محض بے
اصل وبے بنیاد ہے۔

اقول۔ ائمۂ اسلام کے کلام
پر اس طعنہ اور ملامت کا منشاء خود بینی
اور بے ہودگی ہے۔ معلوم ہونا چاہئے
کہ ایام ولادتِ باسعادت کے شرف
کو باطل قرار دینے والوں، اور اعادۂ
شکر نعمت کے استحباب کے منکروں
کے وہم کی انتہائی تگ ودو یہ ہے کہ
زمانۂ لاحقہ کو زمانۂ سابقہ
سے کوئی یکسانیت ظاہر نہیں

وبرای ادای شکر نعمت بعد مرور زمان
اصلی بہ شرع ہویدا نیست۔

امام حافظ ابو الفضل۔ ابن حجر
بجہت دفع این وہم اصلے برای
استحباب اعادۂ شکر نعمت وادای
آں بعد مرور زمان در نظیر آن یوم
از شرع شریف ذکر فرمودہ۔

حالا خرافات صاحب رسالہ باید
دید کہ چقدر سرگردان گردید ویک لفظ
ہم نفہمید وباوجود آن الفاظ تشنیع ائمہ
دین مستندان مقتدایان خود کہ سنت جا
ہلان ست بر زبانش رسید اما حیف کہ
مضمون ایں شعر از کسے نہ شنید۔

یا ناطح الجبل الراس لتصد عه
ارحم على الراس ولا ترحم على الجبل

اور اصلی زمانہ گذر جانے کے بعد شکر
نعمت کی ادائیگی کے لئے شریعت میں
کوئی دلیل موجود نہیں۔

امام حافظ ابو الفضل ابن حجر
نے اعادۂ شکر نعمت کے استحباب اور
زمانہ گذر جانے کے بعد اس دن کی
نظیر میں اس کی ادائیگی کو شرع
شریف سے اسی لئے ذکر فرمایا تا کہ
اس وہم اصلی کا دفاع ہو جائے۔

اب صاحب رسالہ کے
خرافات کو دیکھنا چاہئے کہ کس قدر سر
گرداں ہوا اور ایک لفظ بھی سمجھ نہ
سکا۔ اس کے باوجود جاہلوں کی روش
کے مطابق اپنے پیشواؤں اور
مستندین ائمۂ دین کے لئے تشنیع
کے الفاظ اس کی زبان پر آئے۔ مگر
افسوس کہ اس شعر کا مفہوم کسی سے
نہیں سنا

پہاڑ کو توڑنے کے لئے اس
سے اپنا سر ٹکرانے والے! اپنے سر
پر رحم کھا۔ پہاڑ پر نہیں۔

از منسوخیت افراد صوم عاشوراء
ومشروعیت ضم تاسع مع العاشر بودن
علتش موافقت جناب موسوی علیه
السلام مضرتی باامام عسقلانی نرسیده پس
همه تطویل لاطائل صاحب رساله عبث
گردیده حضرت موسی علیه السلام که
برائ شکر نعمت پروردگار عبادت او
تعالی ادا نمودند وجناب حضرت خاتم
رسالت بعد مرور دهور از وفات
حضرت موسی علیه السلام درنظیر آن یوم
اعادۂ شکر نعمت بعبادت بقصد موافقت
حضرت موسی علیه السلام فرمودند اصلے
اصیل برائ استحباب اعادۂ شکر نعمت
بعد زمان طویل درنظیر آن زمان
بثبوت رسیده وقول مبطلین ومنکرین
مردود گردیده دانا نیک میداند که
اعتراض فاسد مبطلین معاذاللّٰه

صرف یوم عاشوراء کے روزہ
کی منسوخیت اور دسویں تاریخ کے
روزہ کے ساتھ نویں تاریخ کا روزہ
ملا دینے کی مشروعیت اور اس کی
علت جناب موسوی سے موافقت کی
بناء پر امام عسقلانی کو کوئی ضرر نہ
پہونچا۔ اسلئے صاحب رسالہ کی تمام
تطویل لا طائل بے کار ہوگئی۔
حضرت موسیٰ علیہ السلام جنہوں نے
پروردگار کی نعمت کے شکریہ میں اس
کی عبادت ادا کی اور جناب خاتم
رسالت نے حضرت موسیٰ علیہ السلام
سے موافقت کی نیت سے عبادت کر
کے اعادہ شکر نعمت فرمایا ایک لمبے
زمانے کے بعد اس کی نظیر میں اعادۂ
شکر نعمت کے استحباب کے لئے اس
عمل کا ایک مستحکم اصل ہونا پایۂ
ثبوت کو پہونچ گیا اور مُبطلین و
منکرین کا قول مردود ٹھہرا۔
عاقل بخوبی جانتا ہے کہ
مبطلین کا فاسد اعتراض معاذ اللہ

برحدیث جناب خاتم رسالت هم وارد
می توان شد که آن عاشوراء که حضرت
موسیٰ علیه السلام دران نعمت نجات یا
فتند و ادائے شکر آن نعمت دران
عاشوراء نمودند صدها سال قبل گذشته
پس این عاشوراء را بآن عاشوراء چه
مناسبت واین شکر راکه بعد مرور دهور
ازظهور نعمت بود به شکر موسیٰ علیه السلام
چه موافقت الیٰ غیر ذلك من
الخرافات والوساوس عصمنا
الله تعالیٰ من تلك
الاوهام والهوا جس۔
باقیماند احتمال اینکه صاحب
رساله قدم برجعت قهقری انداز دو
متنبه گردیده از ثبوت بودن صوم
آنحضرت صلی الله علیه وسلم بقصد
ادائے شکر نعمت و اعادۂ آں

جناب خاتم رسالت کی حدیث پر
بھی وارد ہوسکتا ہے کہ وہ عاشورہ
جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام
نے نجات پائی اور اس نعمت کا شکریہ
جس عاشوراء میں ادا کیا گیا۔
سیکڑوں سال پہلے گذرا ہے۔ پس
اس عاشوراء کو اُس عاشوراء سے کیا
مناسبت اور اس شکر کو جو نعمت کے
ظہور کے طویل زمانہ کے بعد ہوا
موسیٰ علیہ السلام کے شکر سے کیا
موافقت الیٰ غیر ذلك من
الخرافات والوساوس ۔ اللہ
رب العزت ہمیں ان اوہام و
خیالات سے محفوظ رکھے۔
رہ گیا اس کا احتمال کہ صاحب
رسالہ الٹے پاؤں واپس ہوتا ہے
جناب موسیٰ علیہ السلام کی موافقت
ادائے شکر نعمت و اعادۂ شکر نعمت کی
نیت سے آنحضرت ﷺ کے روزہ
کے ثبوت پر آگاہ ہوتے ہوئے بھی

وموافقت جناب موسوی علیہ السلام نیز انکار سازد چنانکہ چندے از سفہاء بدان تفوہ می نمایند گویم ایں احتمال مخالف روایت کثیرہ از احادیث صحیحہ و تحقیقات ائمہ دین از شراح حدیث ست علامہ عینی در شرح صحیح بخاری آوردہ۔

قال الامام الطحاوی بعد ان روی الحدیث ففی ھذا الحدیث ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما صامہ شکراً للہ عزو جل فی اظھارہ موسیٰ علیہ السلام علی فرعون فذلک علی الاختیار لا علی الفرض و فیہ بحث لانہ لقائل ان یقول لانسلم ان ذلک علی الاختیار دون الفرض لانہ علیہ السلام امر بصومہ والامر المجرد عن القرائن یدل علی الوجوب وکونہ ﷺ

اس کا انکار کرتا ہے جیسا کہ چند احمقوں نے ایسا کہنے کی جرأت بھی کی ہے۔ میں کہوں گا کہ یہ احتمال احادیث صحیحہ کی کثیر روایتوں اور حدیث کے شارحین ائمہ دین کی تحقیقات کے خلاف ہے۔ علامہ عینی نے شرح صحیح بخاری میں نقل کیا ہے۔

"امام طحاوی نے حدیث کی روایت کرنے کے بعد فرمایا کہ اس حدیث میں یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اللہ عزوجل کا اس بناء پر شکر ادا کرنے کے لئے روزہ رکھا کہ اس نے فرعون کے مقابلہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو غلبہ عطا فرمایا۔ تو یہ روزہ مستحب ہے فرض نہیں۔ اور اس میں بحث ہے کوئی کہہ سکتا ہے کہ ہمیں تسلیم نہیں کہ وہ مستحب ہے فرض نہیں۔ اس لئے کہ حضور ﷺ نے اس روزہ کا امر فرمایا اور قرائن سے مجرد امر وجوب پر دلالت کرتا ہے اور حضور ﷺ کا

صامہ شکراً للہ لا ینافی کونہ للوجوب کما فی سجدۃ صٓ فان اصلھا للشکر مع انھا واجبۃ الخ۔

ایں ست حال جواب تخریج حافظ ابن حجر کہ صاحب رسالہ بکمال جاں فشانی باظہار تبحر خود واشعار غفلت علامہ ممدوح دراں پرداختہ و بیباکانہ کلمات طعن و تشنیع تحریر ساختہ و ہمبریں قیاس حال رد تخریج حافظ سیوطی باید فہمید کہ صاحب رسالہ باوجود تطویل کلام باصل مرام نرسید۔

قولہ۔ تخفیف عذاب ابولہب بر تقدیر صحت فعل حضرت الٰہی ست بندہ را اقتداء با فعال حق جل وعلا و قیاس نمودن براں مشروع نیست الخ۔

بطور شکر روزہ رکھنا اس کے وجوب کے منافی نہیں ویسے ہی جیسے سجدۂ "صٓ" میں کہ اصلاً وہ شکر کیلئے ہے اس کے ساتھ ساتھ واجب بھی۔ الخ

یہ رہا حال حافظ ابن حجر کی تخریج کے جواب کا جس میں صاحب رسالہ اپنی قابلیت کے اظہار کے لئے کمال جانفشانی سے علامہ موصوف کی غفلت بتانے میں مشغول ہوا ہے اور بے باکی سے طعن و تشنیع کے کلمات بولے ہیں اور اسی قیاس پر حافظ سیوطی کی تخریج کی تردید کا حال سمجھنا چاہئے کہ تطویل کلام کے باوجود اصل مقصود تک صاحب رسالہ کی رسائی نہیں ہو سکی ہے۔

قولہ۔ صحت کی تقدیر پر، ابو لہب کے عذاب کی تخفیف حضرت الٰہی کا فعل ہے بندہ کو اللہ تعالیٰ کے فعل کی اقتداء اور اُس پر قیاس کرنا مشروع نہیں ہے۔ الخ

اقول- بر تقدیر تسلیم صحت روایت تخفیف عذاب ایں مقال فاسد ست چه ازاں روایت که ظهور اثر نعمت بابرکت در ہر یوم الاثنین و پسندیدگی حق تعالیٰ اظهار فرحت ولادت را ظاہر ست پس البتہ برائے دفع قول منکرین و اثبات برکت ایام ولادت حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم و بقاء آں برکت در نظایر یوم ولادت اصلے بثبوت رسیده وجواب صاحب رساله کئے متوجه گردیده کجا ثبوت بقائے شرف ولادت در نظائر ایام ولادت وبرکت فرحت وجود آں نعمت وکجا اقتداء بنده بافعال خاصه الٰہیہ۔

قولہٗ- ادعائے توارث غلطیٔ فاحش است الخ۔

اقول- روایت تخفیف عذاب کی صحت مان لینے کی تقدیر پر یہ گفتگو فاسد ہے۔اسلئے کہ ہر دوشنبہ کو نعمت بابرکت کے اثر کا ظہور، اور اللہ تعالیٰ کا اظہارِ شادمانئ ولادت کو پسند کرنا ،جس روایت سے ثابت ہے، اُس سے ،منکرین کے قول کا دفاع اور حضرت سید المرسلین ﷺ کے ایام ولادت کی برکت اور یومِ ولادت کے نظائر میں اس برکت کی بقاء ثابت کرنے کے لئے ایک اصل کا ثبوت ہوتا ہے۔اور صاحب رسالہ کا جواب کب متوجہ ہے ایام ولادت کے نظائر میں شرف ولادت اور اس نعمت کے وجود پر برکتِ فرحت کی بقاء کہاں اور کہاں بندہ کا اللہ کے خاص افعال کی اقتداء کرنا۔

قولہٗ- توارث کا دعویٰ کھلی غلطی ہے۔الخ

اقول- ایں جواب متوجه نیست که استدلال به توارث علمائے اعلام و اعاظم دین و اکابر مسلمین و جم غفیر از اعاظم عرب و عجم بوده پس گو معنیٔ اصطلاحیٔ اصولیٔ اجماع براں صادق نیاید اما انکار از ثبوت توارث از جم غفیر و جماعت کثیر علماء اعلام و قضاۃ و مفتیان اسلام و اعاظم دین و اکابر مسلمین نتواں نمود۔

مگر آنکه صاحب رساله وطائفه او آنہمه حضرات کرام را جہال وضلال گویند و بحسب ظاہر تصریح ایں کلمه از صاحب رساله مستبعد ست که خود ہم آنحضرات را داخل فقہاء و محدثین میدارد و سندمی آرد پس بر تقدیر تسلیم اختلاف ہم حکم ضلالت در مسئلهٔ فرعیه باطل خواہد بود۔

اقول- یہ جواب متوجہ نہیں اسلئے کہ علماء اعلام، اعاظم دین، اکابر مسلمین اور عرب وعجم کے اعاظم کی بھاری جماعت کے توارث سے استدلال پر بھلے اجماع کا اصولی اور اصطلاحی معنی صادق نہ آئے لیکن علماء اعلام، قضاۃ ومفتیانِ اسلام، اعاظم دین اور اکابر مسلمین کی کثیر جماعت کے توارث سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔

مگر چونکہ صاحب رسالہ اور اس کی جماعت کے لوگ، اُن تمام حضرات کو جاہل وگمراہ کہتے ہیں اور باعتبار ظاہر اس بات کی صراحت صاحب رسالہ سے بعید ہے کیونکہ خود بھی ان حضرات کو فقہاء اور محدثین میں شامل مان کر ان سے استناد کرتا ہے پس اختلاف مان لینے کی تقدیر پر بھی ایک فرعی مسئلہ میں گمراہی کا حکم لگانا باطل ہوگا۔

وثانیاً صاحب رسالہ بنام جواب
تطویل می ساز د و برکتب مستند ین
خویش نظر نمی انداز د محققین مستندین
صاحب رسالہ کہ در مسائل مختارۂ خود
بادلیل توارث حسن آں ثابت می نمایند
و ماخوذ مفتیٰ بہ حسن آں قرار مید ہند کجا
اجماع تمام امت از صدر اول وغیرہم
ثابت نمودہ اند و کئے بریں شرط عمل
فرمودہ اند در درمختار در بحث تکبیر
بعد نماز عید آوردہ۔

لا بأس به عقب العيد
لان المسلمين توارثوه
فوجب اتباعهم و عليه
البلخيون ولا يمنع العامة من
التكبير في الاسواق في
الايام العشر وبه ناخذ بحر و
و مجتبى وغيره۔

ثانیاً صاحبِ رسالہ جواب کے
نام پر تطویل تو کرتا ہے مگر اپنے مستندین
کی کتابوں پر نظر نہیں ڈالتا۔ صاحب
رسالہ کے وہ مستندین محققین جنہوں
نے اپنے مختار مسائل کا حسن،
توارث کی دلیل سے ثابت کیا ہے
اور حسن کے سبب سے ہی ان کے
ماخوذ اور مفتیٰ بہ ہونے کا قول کیا ہے
انہوں نے صدر اول وغیرہ سے تمام
امت کا اجماع کہاں ثابت کیا ہے؟
اور کب اس شرط پر عمل پیرا ہوئے ہیں۔
بعد نماز عید تکبیر کی بحث میں درمختار
میں منقول ہے۔

"عید کے بعد تکبیر میں کوئی
حرج نہیں اسلئے کہ مسلمانوں کا اس
پر توارث ہے اور ان کی اتباع
واجب ہے، بلخیوں کا یہی مسلک
ہے اور عام لوگوں کو ذوالحجہ کے دس
دنوں میں، بازاروں میں تکبیر سے
منع نہیں کیا جائے گا۔ ہم اسی سے
اخذ کرتے ہیں۔ بحر مجتبیٰ وغیرہ۔"

وہم در بحر در بیان خطبہ آوردہ

"وفي التجنيس و ذكر الخلفاء
الراشدين مستحسن بذلك جرى
التوارث و بذكر العمين" الخ

قولہ- باید کہ اہل اجماع
کسانے باشند کہ مجتہد بوند الخ۔

اقول ایں قول ہم متوجہ نیست
اگر چہ اجتہاد شرط اجماع اصطلاحی اہل
اصول ست اما در مسائل فرعیہ اتفاق
محققین ہم باوجود مرا عصار برائے
حجیت مثل اجماع مصطلح کفایت میکند۔
در مسلم در بحث اجتہاد فی
المذاہب آوردہ۔

على ان اتفاق العلماء
المحققين على ممر الاعصار
حجة كالاجماع الخ۔

قولہ- نیت آں بزرگواران کہ
باستحسان و استحباب ایں عمل قائل اند

نیز بحر کے بیان خطبہ میں
منقول ہے۔

"تجنیس میں ہے۔ خلفاء
راشدین اور عمین کریمین کا خطبہ
میں ذکر مستحسن ہے توارث اسی پر رہا
ہے۔"

قولہ- اہل اجماع مجتہدین کو
ہونا چاہئے الخ

اقول- یہ قول بھی متوجہ نہیں۔
اگر چہ اجتہاد اہل اصول کے اجماع
اصطلاحی کی شرط ہے، لیکن فرعی
مسائل میں محققین کا اتفاق بھی
مرور ازمنہ کے باوجود حجت کیلئے
اصطلاحی اجماع کی طرح کافی ہے۔
مسلّم میں اجتہاد فی المذاہب
کی بحث میں منقول ہے۔

"مرورِ زمانہ کے باوجود محققین علماء
کا اتفاق اجماع کی طرح حجت ہے۔"

قولہ- اس عمل کے استحباب و
استحسان کا قول کرنے والے بزرگوں

بخیر است و در تورع و طہارت ایں
کرام شک نیست لیکن ایں قول مردود
ست باینکہ کلام عباد و زہاد بے اجتہاد و
استنباط شرعی ہرگز صالح عمل نیست الخ۔

اقول۔ چنانکہ در تورع و
طہارت ایں کرام شکی نیست در بودن
ایں حضرات از ائمۂ اعلام و محققین
دین اسلام وارکان شرع مبین حضرت
سید الانام ﷺ ہم ہیچگونہ شکی
نیست و گوا جتہاد مطلق استقلالی ایشا
نرا حاصل نیست اما تبحر علوم دینیہ و
جامعیت اصول و فروع مذاہب
خود ہا و بلکہ تحقیق و تدقیق برطبق
اصول مجتہدین حاصل بالیقین ست
پس استحسان ایں ائمہ کرام کہ
موافق بکتاب و سنت و مندرج
در عمومات مندوبات شریعت

کی نیت بہ خیر ہے۔ اور ان کی
طہارت وتقویٰ میں شک نہیں لیکن
یہ قول مردود ہے کیونکہ شرعی اجتہاد و
استنباط کے بغیر، عابدوں اور
زاہدوں کا کلام ہرگز قابل عمل نہیں۔
الخ

اقول۔ جسطرح ان حضرات
کی طہارت وورع میں کوئی شک
نہیں ہے یونہی ان کے ائمۂ اعلام،
محققین دین اسلام اور حضرت سید
المرسلین ﷺ کے شرع مبین کے
ارکان ہونے میں بھی کوئی شک نہیں۔
گو مطلق اور مستقل اجتہاد انہیں
حاصل نہیں لیکن علوم دینیہ میں
مہارت، اپنے مذاہب کے اصول و
فروع کی جامعیت اور مجتہدین کے
اصول کے مطابق تحقیق و تدقیق کا
ملکہ یقیناً حاصل ہے پس اپنے ائمۂ
کرام کا وہ استحسان جو کتاب وسنت
کے موافق، مستحبات شریعت کے

وغیر مزاحم ومخالف بکدامی سنت ست
البتہ صالح عمل ست ونسبت ضلالت و
تہمت معارضۂ کتاب وسنت براں
ائمۂ امت محض بیجا و مہمل ست۔

قولہٗ۔ ومن ثم قال فی
مجالس الابرار ومن لیس من
اهل الاجتهاد من الزهاد و
العباد فهو فی حکم العوام لا
یعتد بکلامه انتهیٰ۔

اقول۔ استناد بکلام مجالس
الابرار ہمان مثل ست کہ جہلہ
لا تقربوا الصلوٰۃ راپیش نظر
دارند وکریمہ و انتم سکاریٰ را
پس پشت انداختہ کان لم یکن
انگارند ایں قدر خیال نکردہ کہ صاحب
مجالس دریں قول استثناء ہم نمودہ
ومتصل ہمیں قول نوشتہ الا ان یکون
موافقا للاصول والکتاب
المعتبر الخ۔

عموم میں مندرج اور کسی بھی سنت
کے غیر مزاحم وغیر مخالف۔ ہے یقیناً
عمل کے قابل ہے اور ان ائمۂ دین
کی طرف گمراہی کی نسبت، اور
کتاب وسنت سے معارضہ کی تہمت
محض بے جا اور مہمل ہے۔

قولہٗ۔ اور اسی بناء پر مجالس
ابرار میں کہا ہے کہ جو عابدین و
زاہدین اہل اجتہاد نہ ہوں وہ حکم عوام
میں ہیں ان کا کلام معتد بہ نہیں ہے۔

اقول۔ مجالس ابرار کے کلام
سے استناد کی مثال ویسی ہی ہے
جیسا کہ جاہل لا تقربوا الصلوٰۃ
تو دیکھتے ہیں اور "وانتم سکاریٰ
" کو پس پشت ڈال کر یوں سمجھتے ہیں
کہ وہ ہے ہی نہیں اتنا بھی خیال نہیں
کیا کہ صاحب مجالس نے اس قول
میں استثناء بھی کیا ہے، اور اسی قول
سے متصل تحریر کیا ہے کہ مگر یہ کہ اصول
اور کتابِ معتبر کے موافق ہو۔ الخ

پس ایں عمل کہ اولیاء کرام التزام و
اہتمام آں فرمودہ اند موافق کتب
معتبرہ مشہورۂ ائمۂ اعلام ست کہ حاوی
فروع و اصول و محقق معقول و منقول
بودہ اند۔

قولہ- استدلال بایں حدیث
دریں محل بے محل ست الخ۔

اقول-حال کمال حضرات
نجدیہ قابل تماشا ہست امرے را کہ
برائے اثبات مدعیات خود بجوش و
خروش دلیل میگردانند ہماں دلیل را
وقت ذکر مخالف ذلیل میگردانند بر
اہل دانش مخفی مباد کہ وہابیۂ دہلی و
قنوج در رسالہ تفہیم المسائل کہ بکمال
جدو جہد برائے حفظ آبروئے
مقتدایان خود در سالہا سال بتالیف
آں پرداختہ اند در مسئلۂ استمداد

پس یہ عملِ میلاد جس کا اہتمام
و التزام اولیاء کرام نے کیا ہے اُن
ائمہ اعلام کی مشہور و معتبر کتابوں کے
موافق ہے جو حاوی فروع و اصول
اور محقق معقول و منقول رہے ہیں۔

قولہ- اس حدیث یعنی اذا
اختلف الناس فعلیکم بالسواد الاعظم
سے یہاں استدلال بے محل ہے الخ

اقول- نجدی حضرات کے
کمال کی حالت قابل تماشہ ہے۔
جس امر کو اپنے دعووں کے اثبات
کے لئے جوش و خروش کے ساتھ
دلیل بناتے ہیں اسی دلیل کو مخالف
کے ذکر کے وقت ذلیل گردانتے
ہیں۔ اہل علم پر مخفی نہ رہے کہ دہلی
اور قنوج کے علماء نے، رسالہ تفہیم
المسائل میں، جس کی تالیف اپنے
پیشواؤں کی آبرو بچانے کے لئے
سالہا سال میں پوری جدوجہد کے
ساتھ کی ہے استمداد کے مسئلہ میں

باوجود اقرار اختلاف صرف لفظ
بسیاری از فقہاء را کہ در یک کلام محدث
دہلوی واقع گردیدہ سند خود فہمیدہ و از
دیگر تصریحات وی علیہ الرحمہ کہ در ہماں
مقام و در کتاب الجہاد از اں کتاب۔
وکتاب جامع البرکات و جذب
القلوب و تکمیل الایمان وغیرہا برائے
ارغام منکرین بہ تفصیل تمام نوشتہ اند چشم
پوشیدہ چہ قدر بلند آہنگی ساختہ اند۔

حیث قالو اتباع عامۂ فقہاء و
جماعت ایشان واجب ست زیرا کہ
امام احمد در مسند خود از معاذ بن جبل
رضی اللہ عنہ آوردہ۔

قال رسول اللہ ﷺ ان
الشیطان ذیب الانسان
کذیب الغنم یاخذ الشاذة
والقاصیة وایاکم والشعاب

اقرار اختلاف کے باوجود، محدث
دہلوی کے صرف ایک کلام میں واقع
لفظ ''بسیاری از فقہاء'' کو اپنی سند
سمجھ کر اور انہیں کی دوسری اُن
صراحتوں سے، جو اسی مقام میں اور
اس کتاب کے کتاب الجہاد میں،
کتاب جامع البرکات میں، جذب
القلوب اور تکمیل الایمان
وغیرھا میں، منکرین کو دھول
چٹانے کی خاطر کی ہیں۔ آنکھ بند کر
کے کیسا شور مچا رکھا ہے؟

انہوں نے کہا ہے کہ عام فقہاء
اوران کی جماعت کی پیروی واجب
ہے اسلئے کہ امام احمد اپنی مسند میں
معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ سے
روایت کرتے ہیں کہ:

''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
نے ارشاد فرمایا کہ شیطان انسان کا
بھیڑیا ہے، جس طرح بکریوں کا
بھیڑیا ریوڑ سے دور رہنے والی بکری
کو پکڑتا ہے، تم بھی گھاٹیوں سے بچو،

و علیکم بالجماعة والعامة۔
وابن ماجہ در سنن خود از انس رضی
اللہ عنہ می آرد قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اتبعوا السواد الاعظم
فانہ من شذ شذ فی النار ۔
و ابو داود از ابو ذر رضی اللہ عنہ
روایت میکند قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
من فارق الجماعة شبرا فقد
خلع ربقة الاسلام من عنقه۔
شیخ عبد الحق در ترجمۂ مشکوٰۃ
بذیل حدیث اول می نویسد اشارت
ست بآنکہ معتبر اتباع اکثر و جمہور ست
چہ اتفاق کل در ہمہ احکام واقع بلکہ ممکن
نیست۔
و در شرح حدیث ثانی حسین بن
عبد اللہ طیبی ناقلا عن
المفردات می نویسد۔

جماعت اور علمۃ المسلمین کو لازم پکڑو۔"
ابن ماجہ اپنی سنن میں حضرت
انس سے نقل کرتے ہیں کہ:
"سواد اعظم کی پیروی کرو۔ جو
الگ ہوگا۔ جہنم میں جائے گا۔"
ابوداؤد نے حضرت ابوذر سے
روایت کی ہے۔
"رسول اکرم ﷺ نے ارشاد
فرمایا جو جماعت سے ایک بالشت
بھی علیحدہ ہوا اس نے اپنی گردن
سے اسلام کا پٹہ اتار پھینکا۔"
شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ
الرحمہ مشکوٰۃ کے ترجمہ میں پہلی
حدیث کے تحت لکھتے ہیں کہ:
اس بات کی طرف اشارہ ہے
کہ اکثر اور جمہور کی اتباع معتبر ہے،
کیونکہ تمام احکام میں تمام کا اتفاق
واقع بلکہ ممکن نہیں ہے۔
دوسری حدیث کی شرح میں
حسین ابن عبد اللہ طیبی مفردات
سے نقل کرکے لکھتے ہیں۔

والسواد یعبر بہ عن
الجماعة الکثیرة – الیٰ ان قال۔
پس ازیں مذکور صاف واضح شد کہ
اتباع کثیر و جماعت لازم است الیٰ
آخرہ۔
افسوس کہ صاحب رسالہ
برسائل مسائل فارسیہ مؤلفہ مقتدایان
مذہب خود ہم نرسیدہ بے فائدہ درپئے
تجہیل و تحقیر بلکہ تضلیل و تکفیر ائمۂ اہل
حق گردیدہ اما انچہ نوشتہ آرد حمقاء
جہالت کیش و سفہاء ضلالت اندیش
فریب میخورند و میدانند کہ اینقدر انبوہ
کثیر از علماء چگونہ بر راہ باطل و
ناصواب سلوک خواہند کرد، الیٰ قولہ
حدیث اتبعوا السواد الاعظم
از اہل کتاب خود شنیدہ توثیق عقیدۂ
خویش می کنند الیٰ آخرہ۔

"سواد کی تعبیر جماعتِ کثیرہ
سے کی جاتی ہے۔ الیٰ ان قال۔ پس
اس مذکور سے صاف واضح ہوگیا کہ
کثیر لوگوں اور جماعت کی اتباع
لازم ہے الخ۔"
افسوس کہ صاحب رسالہ اپنے
مذہب کے مقتداؤں کی تالیف کردہ
فارسی زبان کے رسائل مسائل تک
بھی نہ پہونچا اور بے فائدہ ائمۂ
اہل حق کی تذلیل و تجہیل بلکہ تضلیل
و تکفیر کے درپئے ہوگیا۔
صاحب رسالہ کی یہ تحریر کہ
"جہالت کیش احمق اور ضلالت
اندیش بے وقوف دھوکہ کھاتے ہیں
کہ اسقدر کثیر علماء کی جماعت کس
طرح باطل اور غلط راہ پر چل سکتی
ہے۔ الیٰ قولہ- اپنے اہل کتاب
سے "اتبعوا السواد الاعظم"
کی حدیث سنکر اپنے عقیدہ کی توثیق
کرتے ہیں۔ الخ

جواب ایں امر ہمیں بس ست
کہ اہل مذہب صاحب رسالہ ہم
بحوالۂ شروح ائمہ دین از احادیث
حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
لازم بودن اتباع کثیر و عامۂ علماء
جمہور محققین ثابت کردہ اند فما ھو
جوابکم فھو جوابنا۔

قولہ۔ نمیدانند کہ ارباب حق
ازقدیم اندک بودہ اند وخواہند بود کما
فی التنزیل الا الذین آمنوا و
عملوا الصالحات و قلیل ماھم
الخ ۔

اقول۔ برائے ابطال استدلال
برائے اتباع سواد اعظم بذکر آیات
کریمہ بے فہم مطالب آنہا پرداختن
وایں امر کہ ارباب حق اندک بودہ
اند وخواہند بود از ان ثابت ساختن
و خود را از ارباب حق

اس کا جواب اتنا ہی کافی ہے
کہ صاحب رسالہ کے ہم مذہب
حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
کی احادیث اور ائمۂ دین کی شروح
کے حوالے سے کثیر لوگوں اور عام
علماء و جمہور محققین کی اتباع کا لزوم
ثابت کرتے ہیں جو جواب تمہارا وہی
جواب ہمارا۔

قولہ۔ جانتے نہیں کہ ارباب
حق عہد قدیم سے ہی کم رہے ہیں
اور رہیں گے جیسا کہ قرآن کریم میں
ہے۔ ”سوائے ان کے جو ایمان
لائے اور نیک اعمال کئے اور وہ
بہت تھوڑے ہیں“

اقول ۔ سواد اعظم سے
استدلال باطل کرنے کی خاطر مطلب
سمجھے بغیر آیات کریمہ کے تذکرہ میں
مشغول ہونا، اُس سے یہ ثابت کرنا
کہ ارباب حق تھوڑے رہے ہیں
اور رہیں گے۔ اپنے آپ کو اہل حق

قرار دادن و ائمہ مشہورین و محققین
دین متین را کہ اصول ایں مبتدعین ہم
باشند در زمرۂ اہل ضلالت نہادن اتباع
روافض ست کہ ایں وسوسہ پیش نمودہ
واہل حق ابطال وردآں فرمودہ اند۔

در تحفہ اثنا عشریہ در فصل ثانی از
باب مکاید گفتہ۔

کید یازدہم آنکہ گویند مذہب
اثنا عشریہ حق است و مذہب اہلسنت
باطل زیرا کہ اثنا عشریہ در اکثر اوقات و
اکثر بلدان قلیل و ذلیل ماندہ
اند واہلسنت کثیر وعزیز وخدا تعالیٰ
درحق اہل حق می فرماید وقلیل
ماھم ونیز فرماید وقلیل من
عبادی الشکور ودریں تقریر
تحریف کلام اللہ است و تغلیط
مدلول آں زیرا کہ حق تعالیٰ

قرار دینا، اور ان مشہور ائمہ و محققین
دین متین کو اہل ضلالت میں رکھنا جو
ان مبتدعین کے بھی مستند رہے ہیں۔
روافض کی اتباع ہے۔ جنہوں نے یہ
وسوسہ پیش کیا اور اہل حق نے اس
کا رد وابطال فرمایا۔

تحفۂ اثنا عشریہ ، فصل ثانی،
باب مکائد میں ارشاد فرمایا۔

”گیارھواں مکر یہ ہے کہ وہ
مذہب اثنا عشریہ کو حق کہتے ہیں اور
مذہب اہلسنت کو باطل۔ اسلئے کہ
اثناعشریہ اکثر اوقات اور اکثر شہروں
میں ذلیل رہے ہیں اور اہلسنت کثیر
غالب اور اللہ تعالیٰ اہل حق کے
بارے میں فرماتا ہے ”اور وہ بہت
تھوڑے ہیں“ نیز فرماتا ہے ”اور
میرے بندوں میں شکر والے کم ہیں
“ اور اس تقریر میں کلام اللہ کی
تحریف اور اس کے مدلول کو غلط قرار
دینا ہے۔ اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس

در حق اصحاب الیمین ایں امت فرمودہ ست ثلة من الاولین و ثلة من الاخرین وجائے کہ بقلت وصف کردہ است کما قال ولا تجد اکثرھم شاکرین۔

وفی الواقع شکر کہ صرف العبد جمیع ما انعم الله علیه الیٰ ما خلق لا جله است مرتبۂ ایست عزیز الوجود دریں جا بیان حقیت و بطلان مذاہب نیست بیان قلت شاکرین وکثرت غیر آنہاست وہمچنیں درآیۂ ''قلیل ماھم '' بیان آنست کہ عامل بجمیع اعمال صالحہ کمیاب ست الا الذین اٰمنوا و عملو الصالحات و قلیل ماھم دریں آیت ہم ذکر عقاید حقہ غیر حقہ نیست و اگر قلت و ذلت موجب حقیت شود باید کہ نواصب وخوارج وزیدیہ وابطحیہ

امت کے اصحابِ یمین کے بارے میں فرمایا ہے ''اگلوں میں سے ایک گروہ اور پچھلوں میں سے ایک گروہ'' اور جہاں قلت سے متصف کیا ہے فرمایا ''اور تو ان میں سے اکثر کو شکر گذار نہ پائے گا''

در حقیقت شکر کا یہ مرتبہ نادر الوجود ہے کہ بندہ اللہ کی عطا کردہ تمام نعمتوں کا استعمال انہیں مقاصد میں کرے جن کیلئے ان کی تخلیق ہوئی ہے یہاں مذاہب کی حقانیت اور بطلان کا بیان نہیں ہے، شاکرین کی قلت و کثرت کا بیان ہے۔ اسی طرح آیت ''قلیل ما ہم'' میں بھی اس بات کا بیان ہے کہ تمام اعمال صالحہ پر عمل کرنے والے کمیاب ہیں عقائد حقہ اور غیر حقہ کا بیان نہیں ہے۔

اگر قلت و ذلت حقانیت کا موجب بن جائے تو نواصب ، خوارج'' زیدیہ ابطحیہ، اور

و ناؤسیہ احق و اولیٰ بحق باشند از اثنا عشریہ کہ بسیار قلیل اند۔

بلکہ حق تعالیٰ در کتاب عزیز خود جا بجا ظہور وغلبہ وتسلط درشان اہل حق وعدہ می فرماید:

و لقد سبقت کلمتنا لعبادنا المرسلین انهم لهم المنصورون وان جند نا لهم الغالبون۔

وجائے فرمودہ:

ولقد کتبنا فی الزبور من بعد الذکر ان الارض یرثها عبادی الصالحون۔

وجائے دیگر وعد الله الذین اٰمنوا منکم و عملوا الصالحات لیستخلفنهم فی الارض کما استخلف الذین من قبلهم

فاؤسیہ کو بدرجۂ اولیٰ ، برحق ہونا چاہئے کیونکہ وہ اثنا عشریہ کے مقابلہ میں بہت قلیل ہیں۔

بلکہ اللہ تعالیٰ اپنی کتابِ عزیز میں جا بجا اہل حق کی شان میں ظہور، غلبہ اور تسلط کا وعدہ فرماتا ہے ۔ ارشاد ہے:

''اور بے شک ہمارا کلام گذر چکا ہے کہ یقیناً ہمارے بھیجے ہوئے بندوں کی ہی مدد ہوگی اور بلاشبہ ہمارا لشکر ہی غالب آئے گا''۔

دوسری جگہ فرمایا:

''اور بے شک ہم نے زبور میں نصیحت کے بعد لکھ دیا کہ اس زمین کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے''

اور دوسرے مقام پر فرمایا ''جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور اچھے کام کئے انہیں اللہ نے وعدہ دیا کہ وہ انہیں زمین میں ضرور خلافت عطا فرمائے گا ویسی ہی جیسی ان سے پہلے والوں کو دی ۔

ولیمکنن لهم دینهم الذی
ارتضی لهم۔ الی غیر ذلك من
الآیات۔

ودر احادیث جابجا باتباع سواد
اعظم امت وموافقت باجماعت تاکید
فرمودہ اندالیٰ آخرہٖ انتہی۔

قولہ-اگر مفہوم متبادر ایں لفظ
مراد باشد کفار نسبت اسلامیان سواد
اعظم اند اتباع ایشان واجب ست و
اگر مقید ست بامت پس دریں امت
مرحومہ نیز اصحاب ملل باطلہ نسبت
باہل حق سواد اعظم چہ در حدیث وارد
ست ستفترق امتی (الحدیث)
وپیداست کہ ہفتاد و دوملت نسبت بہ
یک سواد اعظم است پیروی آنہا
نمائیند الخ۔

اقول- قطع نظر از انکہ علماء
محققین ازفقہاء ومحدثین بنابرحکم اتباع

اور اُن کے لئے ان کے اس دین کو
جمادے گا جو اسے پسند ہے‘‘
اور احادیث میں جابجا امت
کے سواد اعظم کی اتباع اور جماعت
سے موافقت کی تاکید فرمائی گئی
ہے۔الخ انتہی۔

قولہ- اگر اس لفظ کا متبادر
معنیٰ مراد ہو تو مسلمانوں کی بہ نسبت
کفار سواد اعظم ہیں۔ ان کی اتباع
واجب ہوگی اور اگر امت سے مقید
ہے تو اس امت مرحومہ میں بھی،
باطل مذہب والے، اہل حق کی بہ
نسبت،سواد اعظم ہیں اسلئے کہ حدیث
میں آیا ہے۔ کہ میری امت تہتر فرقوں
میں بٹ جائے گی بہتر جہنمی ہوں گے
اور ایک جنتی ہوگا اور ظاہر ہے کہ بہتر
فرقہ ایک کی بہ نسبت سواد اعظم ہیں
انہی کی پیروی کرنی چاہیئے۔

اقول-اس سے قطع نظر، کہ
علماء محققین فقہاء ومحدثین نے جمہور
علماء دین اور ان کی اکثریت کی

جمہور علماء دین واکثر ایشان استدلال
بایں ارشاد حضرت سید المرسلین ﷺ
فرمودہ اند صاحب رسالہ ہمیں قدر
فہمد کہ کبراء او ہم استناد بدان نمودہ اند
پس بر صاحب رسالہ است دفع ایں
تعارض و جواب ازیں تناقض اما
احقر راکہ مرام بیان مطلب ست نہ
قصد مجادلہ وشغب پس مختصرا میگویم کہ
ایجاد احتمال اول در ارشاد آنحضرت
بامت اذا اختلف الناس
فعلیکم بالسواد الاعظم محض
الحاد است اما انچہ بر احتمال ثانی لازم
گردانیدہ وانچہ دردلش آمدہ بے باکانہ
بقلم رسانیدہ جوابش آنکہ در مسلم و
شرح آں موجود است۔

اقول کثرة الفرق لا
یستلزم کثرة الاشخاص

اتباع کے حکم پر حضرت سید المرسلین
صلی اللہ علیہ وسلم کے اسی ارشاد سے
استدلال کیا ہے صاحب رسالہ اتنا
بھی نہیں سمجھتا کہ اس کے بزرگوں
نے بھی اسی حدیث سے استناد کیا
ہے۔ اسلئے اس تعارض اور تناقض کا
اٹھانا اور جواب دینا صاحب رسالہ
کی ذمہ داری ہے لیکن احقر کا مقصود
مطلب کا بیان ہے جھگڑا اور فتنہ
نہیں اسلئے مختصراً عرض کرتا ہوں کہ
آنحضرت کے امت سے اس ارشاد
میں کہ ’’جب لوگوں کا اختلاف ہو تو
سواد اعظم کو لازم پکڑو‘‘ پہلے احتمال
کی ایجاد الحاد ہے اور احتمال ثانی کی
تقدیر پر جس چیز کو لازم گردانا ہے اور
جو کچھ دل میں آیا ہے بے باکانہ تحریر
کیا ہے اس کا جواب وہ ہے جو مسلم
اور اس کی شرح میں موجود ہے۔

’’میں کہتا ہوں فرقوں کی
کثرت، ان کے افراد کی کثرت کو

بل یجوز ان یکون اشخاص
الفرقة الواحدة اکثر من
اشخاص سائر الفرق
فوحدة الفرقة الناجیة لا
یوجب کون الحق مع الاقل
الخ۔

پس اصحاب فرق باطلہ رانسبت
باہل حق سواداعظم قراردادن باطل ست۔

ودر انجاح الحاجہ حاشیہ ابن ماجہ
کہ در دہلی مطبوع گردیدہ است و
معتمد ایں طائفہ است نقل نمودہ۔

فھذالحدیث معیار عظیم
لا ھل السنة والجماعة شکر
اللہ سعیھم فانھم ھم السواد
الاعظم و ذلك لا یحتاج الیٰ
برھان فانك لو نظرت الی
اھل الاھواء باجمعھم لا یبلغ
عدد ھم عشر اھل السنة
والجماعة اما اختلاف
المجتھدین فیما بینھم و کذلك
اختلا اف الصوفیة الکرام و
المحدثین العظام والقراء
الاعلام فمع اختلافھم

مستلزم نہیں بلکہ ایسا ممکن ہے کہ ایک
فرقہ کے افراد باقی تمام فرقوں کے
افراد سے زائد ہوں تو فرقۂ ناجیہ کا
واحد ہونا اس بات کو مستلزم نہیں ہے
کہ حق اول کے ساتھ ہوالخ۔

پس فرقۂ باطلہ والوں کو اہل حق کی
بہ نسبت سواد اعظم قرار دینا باطل ہے۔

انجاح الحاجۃ شرح ابن ماجہ جو
دہلی میں چھپی ہے اور اس گروہ کی
معتمد ہے۔اس میں منقول ہے۔

یہ حدیث اہلسنت و جماعت
شکر اللہ سعیھم کا عظیم معیار
ہے کیونکہ وہی سواد اعظم ہیں اور یہ
بات محتاج دلیل نہیں اس لئے کہ اگر
تم تمام اہل اھواء کو دیکھو تو ان کی
تعداد اہلسنت و جماعت کے دسویں
حصہ کو بھی نہیں پہونچے گی رہ گیا۔
مجتہدین کا آپسی اختلاف یونہی
صوفیاء کرام، محدثین عظام اور قراء
اعلام کا اختلاف تو اختلاف کے

لا یضلل احدھم الآخر الیٰ
قوله کذا فی بحر المذاھب
انتھی۔

قولہ- چہ قسم ثابت شد کہ مثبتین
افضل و سواد اعظم اند نسبت مانعین عمل
مولد الخ۔

اقول اولاً کہ افضلیت و
اعظمیت و اکثریت مجوزین در عامہ
امصار علی ممر الاعصار از کتب معتمدہ
علماء دین ثابت ست و اگر کسے را شک
و شبہہ افتادہ ست محققین قولش مردود
ساختہ اند اگر صاحب رسالہ را رجوع
بآں کتب کبیرہ و صغیرہ مثل سیرت
شامی و موردروی و ماثبت بالسنۃ و غیرہا
دشوار باشد تا برسالۂ استاد خود رجوع
نماید و مختصر آں در ماسبق دریں رسالہ
ہم منقول ست۔

و ثانیا کبرائے طائفہ ہم

باوجود وہ ایک دوسرے کی تضلیل
نہیں کرتے۔

قولہ - ترجمہ۔ کسطرح یہ
بات ثابت ہوئی کہ مثبتینِ عمل میلاد
مانعین کی بہ نسبت افضل اور سواد
اعظم ہیں۔

اقول- اولاً- مرورِ ازمنہ
کے باوجود، عام شہروں میں عمل
میلاد کو جائز قرار دینے والوں کا اکثر
، اعظم اور افضل ہونا علماء دین کی
قابل اعتماد کتابوں سے ثابت ہے
اگر کسی کو شک وشبہ ہوا تو محققین نے
اس کے قول کو مردود کردیا ہے۔اگر
صاحبِ رسالہ کو سیرتِ شامی،
موردروی اور ماثبت بالسنۃ وغیرھا
جیسی چھوٹی بڑی کتابوں کی طرف
رجوع دشوار ہو تو اپنے استاذ ہی کا
رسالہ دیکھ لے، جس کا اختصار اسی
رسالہ میں پہلے منقول ہو چکا ہے۔
ثانیاً اس گروہ کے بزرگ بھی

از ان انکار نمودن نہ توانستند از ہمیں
جاست کہ در تفہیم المسائل بمقتضائے
آنکہ دروغ گو را حافظہ نہ باشد لاچار
گردیدہ واز تناقض وتہافت کلام ہم
نااندیشیدہ دریں مسئلہ نوشتہ کہ مارا نظر
برقوت دلیل باید نہ بر کثرت اقوال۔

قولہ - سکوت صدر اول دریں
باب اشخاص آں عہد را با مانعین
یکذات کردہ است الخ۔

اقول - اولاً ہرگاہ سکوت
شارع در بیان احکام مستلزم منع مسکوت
عنہ نیست پس تادیگران چہ رسد۔

و ثانیاً میگویم کہ بدلیل
استحسان اجلۂ صدر اول بسیاری از
امور خیر را باوجود اطلاق محدث و
بدعت و اقرار عدم ثبوت بخصوصہا
از سنت گنجائش آنست کہ بجہت

اس سے انکار نہیں کر سکے۔ اور اسی
وجہ سے تفہیم المسائل میں بمقتضائے
"دروغ را حافظہ نہ باشد" مجبور ہو کر
اور اپنے کلام کی تھافت و تناقض کا
اندیشہ نہ کر کے اس مسئلہ میں لکھا
ہے کہ "ہمیں دلیل کی قوت پر نظر
کرنی چاہئے نہ کہ کثرتِ اقوال پر"

قولہ - اس باب میں صدر
اول کے سکوت نے اُس عہد کے
افراد کو مانعین کے ساتھ ایک ذات
بنا دیا ہے۔

اقول - اولاً - بیانِ احکام میں
جب خود شارع کا سکوت مسکوت عنہ
کی ممانعت کو مستلزم نہیں۔ پھر
دوسروں کے سکوت کی کیا حیثیت؟۔

ثانیاً عرض ہے محدَث و بدعت
کے اطلاق اور خصوصیت کے ساتھ
سنت سے عدم ثبوت کے اقرار کے
باوجود، بہت سارے امور کو صدرِ
اول کے جلیل القدر لوگوں کے
مستحسن کہنے کی دلیل سے اس بات
کی گنجائش ہے کہ صدر اول سے

ثبوت استحسان بدعت حسنہ از صدر
اول صدر اول را با مجوزین دریں باب
یکذات گفتہ آید۔

قولہ - پس متعین شد کہ نیست
مراد از سواد اعظم مگر جماعت اصحاب یا
جماعت علماء راسخین الخ۔

اقول - بعد از انکہ صاحب
رسالہ سرگردانیہا در تعیین مراد نمودہ قرار
بدیں قول کرد حالا اگر چیزے انصاف
دارد ایں قدر دیگر بخیال آرد کہ بودن
امام ابن جزری وقسطلانی وسخاوی و
عسقلانی و صاحب مجمع البحار و ملا علی
قاری وغیرہم در اعصار خود ہا از علماء
راسخین دین متین وحامیان شرع مبین
و بہترین مردم روشن چوں آفتاب
ست پس امریکہ ایں حضرات
محققین و امثال اینہا از علماء کبار

بدعتِ حسنہ کے استحسان کے ثبوت
کی جہت سے، عملِ میلاد کو جائز
قرار دینے والوں کے ساتھ صدرِ
اول کو یک ذات کہا جائے۔

قولہ - پس متعین ہو گیا کہ
سواد اعظم سے مراد صرف اصحاب کی
جماعت ہے یا علماء راسخین کی الخ۔

اقول - اس کے بعد کہ
صاحب رسالہ نے تعیین مراد میں سر
گرداں ہونے کے بعد اس قول کا
اقرار کیا ہے۔ اب اگر کچھ بھی
انصاف رکھتا ہے تو اتنا دوبارہ خیال
کر لے کہ امام ابن جزری امام
قسطلانی امام سخاوی امام عسقلانی،
صاحب مجمع البحار اور ملا علی قاری
وغیرہم کا اپنے اپنے زمانہ میں دین
متین کے علماء راسخین، حامیان
شرع مبین اور لوگوں میں بہترین
ہونا آفتاب کی طرح روشن ہے پھر
مرور زمانہ کے باوجود، قرناً بعد قرنٍ
یہ محققین حضرات اور ان جیسے بڑے

علی ممر الاعصار قرناً فقرناً در کتب مشهوره معتمده استحسان آں فرمایند وحسن آں از مضامین احادیث شریفه استنباط نمایند و اگر شاذ و نادر بر خلاف آں رفته قولش در کتب مشهوره معتمده مردود فرمایند در ثبوت آں از سواد اعظم چه ارتیاب ست۔

اگر گوئی که اینها مجتهد مطلق نبوده اند و منصب اجتهاد استقلالی نداشتند گویم بجهت تجریکه در جامعیت اصول و فروع مذاهب مجتهدین و ملکهٔ راسخه در تحقیق احکام دین متین داشتند اگر بالفرض استحسان جمهور ایں حضرات عصراً بعد عصر موجب حسن ایں امر نباشد لااقل حکم ضلالت بر مجوزین آں چگونه جائز خواهد بود۔

بڑے علماء، اپنی اپنی قابل اعتماد اور مشہور کتابوں میں جس امر کا استحسان فرمائیں اور جس کا حسن احادیثِ شریفہ کے مضامین سے مستنبط کریں اور اگر شاذ و نادر کوئی اس کے خلاف جائے تو مشہور و معتمد کتابوں میں اس کی تردید فرمائیں، اُس امر کا سواد اعظم سے ثابت ہونے میں کیا شبہ ہے۔؟

اگر تم کہو کہ یہ حضرات مجتہد مطلق نہیں رہے اور اجتہاد استقلالی کا منصب ان کے پاس نہیں رہا۔ میں کہوں گا اس جہت سے کہ وہ حضرات مجتہدین مذاہب کے اصول و فروع کی جامعیت میں مہارت تامہ اور دین متین کے احکام کی تحقیق میں ملکۂ راسخہ رکھتے تھے اگر بالفرض عصراً بعد عصر ان حضرات کے جمہور کا استحسان اس امر کے حسن کا سبب نہ بھی بن سکے تاہم اسے جائز قرار دینے والوں پر ضلالت کا حکم لگانا کیونکر جائز ہوگا۔

قولہ - وبریں قیاس ست جواب از حدیث من سن فی الاسلام سنة حسنة الحدیث که سن بمعنی احیی است نه بمعنی ابدع و اوجد الخ۔

اقول - شراح حدیث از محققین تصریح فرموده اند که "سن" بمعنی مطلق روج واتی بطریقة است که شامل ست احیاء طریقهٔ سابقه و ایجاد طریقهٔ مبتدعه را و مفهوم سن منافی ابدع نیست علامه شامی در رد المحتار آورده۔

قال العلماء هذه الاحادیث من قواعد الاسلام و هو ان کل من ابتدع شیأ من الشر کان علیه مثل وزر من اقتدی به فی ذلك

قولہ - حدیث "من سن فی الاسلام سنةً حسنةً" کا جواب اسی قیاس پر ہے کہ "سَن" کا معنی "زندہ کرنا" ہے نہ کہ ایجاد اور اختراع کرنا۔

اقول - حدیث کے محقق شارحین نے صراحت کے ساتھ فرمایا ہے کہ "سنّ"، مطلق رواج دینے اور راہ نکالنے کے معنی میں ہے، جو مشتمل ہے طریقۂ سابقہ کے احیاء اور طریقۂ جدیدہ کی ایجاد پر اور "سَن" کا مفہوم "ابدع" کے مفہوم کے منافی نہیں۔

علامہ شامی نے رد المحتار میں نقل کیا ہے

"علماء نے فرمایا ہے کہ یہ حدیثیں اسلام کے اصول ہیں، اور وہ یہ کہ جو کوئی کسی شر کی ایجاد کریگا تو اس کو ان تمام لوگوں کے برابر گناہ ہوگا جو اس کی اس شر میں اقتدا کریں

وکل من ابتدع شیئاً من
الخیر کان له مثل اجر کل من
یعمل الیٰ یوم القیٰمة و تمامه
فی آخر عمدة المرید
وہمچناں ست در شرح صحیح مسلم از امام
نووی ومجمع البحار وغیرہا۔

طرفہ آنکہ اینجا از بودن "سن"
بمعنی "اوجد" انکاردارد وخوددر
رسالہ قول الحق نام می نگارد۔

درحدیث شریف آمدہ است من
سن سنة سئیة فله وزرها
ووزرمن عمل بها یعنی ہر کہ طریقۂ
بدایجاد کند بروے گناہ ست الخ۔

قولہ- استدلال بہ تعامل بلاد
چہ عرب و چہ عجم محض بیجا و ناصواب
است الخ۔

اقول-بسیاری از ائمۂ دین و
علماء راسخین تصریح فرمودہ اند کہ البتہ
تعامل واعتیاد مسلمین در بلاد خود ہا
اگر چہ بعد عصر صدر اول باشد

گے اور ہروہ آدمی جو کسی خیر کی ایجاد
کرے گا تو اسے اس پر قیامت تک عمل
کرنے والوں کے برابر اجر ملے گا۔ پورا
حصہ عمدۃ المرید کے اخیر میں ہے۔

شرح صحیح مسلم امام نووی اور
مجمع البحار وغیرہ میں اسی طرح ہے۔

طرفہ یہ کہ یہاں "سنّ" کے
"اوجد" کے معنی میں ہونے کا انکار
کرتا ہے اور خود اپنے رسالہ قول الحق
میں لکھتا ہے کہ۔ حدیث شریف
میں آیا ہے۔من سن سنة
سیئةً فله وزرها وو زرمن
عمل بها۔ یعنی جو کوئی طریقۂ بد ایجاد
کرے گا اس پر گناہ ہے الخ۔

قولہٗ-عجمی چاہے عربی
مما لک کے تعامل سے استدلال
محض بے جا اور نادرست ہے الخ

اقول - بہت سارے ائمۂ
دین اور علماء راسخین نے صراحت
فرمائی ہے کہ کہ اپنے اپنے مما لک
میں مسلمانوں کی عادت اور ان کا
تعامل اگر چہ صدر اول کے بعد ہو۔

داخل استحسان واستحباب بلکہ بموجب
ارشاد حدیث شریف حکماً داخل سنت
ست در عین العلم فرمودہ ۔

والاسرار بالمساعدة
فیما لم ینه عنه وصارمعتا
داًبعد عصرهم حسن و ان
کان بدعة الخ۔

حجۃ الاسلام در کیمائے سعادت
دراعراب وجد فرمودہ وایں ہمہ اگر چہ
بدعت ست و از صحابہ و تابعین نقل
نکردہ اند ولیکن نہ ہر چہ بدعت بود
نشاید کہ بسیارے بدعت نیکو باشد پس
بدعتی کہ مذموم است آں بود کہ مخالف
سنتی بود اما حسن خلق ودل مردم شاد
کردن در شرع محمود ست و ہر قومی را
عادتی ست و بایشان مخالفت در اخلاق
ایشان بدخوئی بود ورسول ﷺ فرمود:

خالقو الناس باخلاقهم

نہ صرف یہ کہ استحسان واستحباب میں
داخل بلکہ حدیث شریف کے ارشاد
کے مطابق حکماً داخل سنت ہے ۔
عین العلم میں فرمایا کہ—— "ایسے
غیر منہی امور میں لوگوں کی موافقت
کر کے انہیں خوش کرنا مستحسن ہے
جو عہد صحابہ کے بعد رائج ہوں اگر
چہ بدعت ہے الخ

کیمائے سعادت میں حجۃ اسلام
اعراب کے وجد کے تعلق سے فرماتے
ہیں کہ یہ سب اگر چہ بدعت ہے، صحابہ
وتابعین سے منقول نہیں لیکن ایسا نہیں
ہے کہ جو بھی بدعت ہو اسے کرنا نہیں
چاہئے کیونکہ بہت ساری بدعتیں نیک
ہوتی ہیں پس مذموم بدعت وہ ہوتی
ہے جو کسی سنت کے خلاف ہو لیکن
حسن اخلاق اور لوگوں کا دل شاد کرنا
شریعت میں محمود ہے۔اور ہر قوم کی کوئی
نہ کوئی عادت ہوتی جس میں اُس کی
مخالفت بداخلاقی ہوگی۔ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں کے
اخلاق کے مطابق ان سے برتاؤ کرو

وچوں این مردم بایں موافقت شاد شوند
موافقت ایشان سنت بود الخ۔

وصاحب رسالہ کہ بحوالۂ فتاویٰ
غیاثیہ وغیرہا حجت نبودن تعامل خاص
وشرط بودن اتفاق جمیع بیان نمودہ وباز
علم آنرا محال قرار دادہ قطع نظر از انکہ
ایں دعوی اولاً بر تقدیر تسلیمش از حجیت
تعامل انکار ساختن ست۔

و ثانیاً علماء مذکورین کہ اعتبار
اتفاق و بودنش از صدر اول شرط میکنند
مراد ایں ست کہ تعاملی کہ صلاحیت
وتقیید اطلاق داشتہ باشد ہماں ست کہ
از صدر اول بالاتفاق استمرار داشتہ
باشد پس اگر در عصری در کدامی
بلدہ عرف خاص امر یکہ تحریم آں از
شرع ثابت باشد مروج گردد البتہ
ایں تعامل و عرف موجب صحت
تقیید اطلاق نمی تواند شد و

اور جب یہ لوگ اس موافقت سے
خوش ہوتے ہیں تو ان کی موافقت
سنت ہوگی۔الخ

صاحب رسالہ نے فتاویٰ
غیاثیہ وغیرہ کے حوالے سے، خاص
تعامل کا حجت نہ ہونا اور تمام لوگوں
کے اتفاق کا شرط ہونا بیان کیا اور پھر
اُسے محال قرار دیا ہے قطع نظر اس
سے کہ اس دعویٰ کو تسلیم کر لینے کی
تقدیر پر اولاً تعامل کے حجت ہونے
کا انکار ہے۔

ثانیاً-وہ علماء مذکور جنہوں نے
صدر اول سے اتفاق کا اعتبار شرط
قرار دیا ہے ان کی مراد یہ ہے کہ وہ
تعامل جو اطلاق کی تقیید کی صلاحیت
رکھے وہ وہی ہے جو صدر اول سے
بہ اتفاق مستمر رہا ہو پس اگر کسی عہد
میں کسی شہر میں ایسا امر رواج پا جائے
جس کی تحریم شریعت سے ثابت ہو تو
یقیناً ایسا تعامل اور عرف تقیید اطلاق
کی صحت کا موجب نہیں ہوسکتا اور

اگر علی الاطلاق بے اعتباریٔ عرف
خاص وتعامل بعد صدر اول مراد داشتہ
شود مخالف تحقیقات محققین است علامہ
شامی در حاشیہ۔ در مختار در شرح قول وی
کہ از اشباہ نقل نمودہ۔

المذهب عدم اعتبار
العرف الخاص لكن افتىٰ
كثيرون باعتباره و عليه
فيفتىٰ بجواز النزول عن
الوظائف بمال الىٰ آخره می
نویسد قال فی المستصفىٰ
التعامل العام ای الشائع
المستفيض والعرف
المشترك لا يصح الرجوع
اليه مع التردد و فی محل
آخر منه ولا يصلح مقيدا لانه
لما كان مشتركا كان
متعارضا الخ البيری وفی
الاشباه عن البزازية

اگر مطلقاً صدر اول کے بعد کے
تعامل اور عرف خاص کا غیر معتبر ہونا
مراد لیا جائے تو یہ محققین کی تحقیقات
کے خلاف ہے۔

در مختار میں اشباہ سے منقول
ہے۔کہ مذہب،عرف خاص کا عدمِ
اعتبار ہے لیکن کثیر علماء نے اس کے
معتبر ہونے کا فتویٰ دیا ہے اور اسی
بنیاد پر فتویٰ دیا جاتا ہے کہ مال کے
عوض میں ملازمت چھوڑنا جائز ہے۔

علامہ شامی حاشیہ میں اس کی
شرح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں
مستصفیٰ میں فرمایا۔کہ تعامل عام
شائع مشہور، اور عرفِ مشترک کی
جانب تردد کے ساتھ رجوع صحیح نہیں
ہے۔اور اسی میں دوسری جگہ ہے۔
کہ وہ مقید بننے کی صلاحیت نہیں
رکھتا اس لئے کہ جب وہ مشترک
ہے تو متعارض ہوگا الخ،البیری۔

اور اشباہ میں بزازیہ سے
منقول ہے۔

وكذا اى تفسد الاجارة
لودفع الى الحائك غزلا
على ان ينسجه بالثلث و
مشائخ بلخ و خوارزم افتوا
بجوازا جارة الحائك للعرف
و به افتى ابو على النسفى
ايضاً والفتوى على جواب
الكتاب لانه منصوص عليه
فيلزم ابطال النص الخ فا فاد
ان عدم اعتبار ه بمعنى انه
اذا وجد النص بخلافه لا
يصلح نا سخا للنص ولا
مقيدا والافقدا عتبرو ه فى
مواضع كثيرة الى قوله
وافاد مامر ايضاً ان العرف
العام يصلح مقيداً الى آخره ۔

قولہ - بدعت کجا وحسن بدعت
کجاالخ ۔

اقول - بداں معنی کہ بر مستحسنات
مندرجۂ مندوبات شریعت اجلۂ صدر

اور یونہی اگر کسی نے بنکر کو
سوت دیا کہ وہ اس کے تہائی حصے
کے بدلے میں بن دے تو اجارہ
جائز ہے ابوعلی نسفی کا فتویٰ بھی یہی
ہے اور فتویٰ کتاب کے جواب پر
ہے کیونکہ وہی منصوص ہے ۔ ورنہ
نص کا ابطال لازم آئے گا ۔ مفاد یہ
ہے کہ عرف خاص اور تعامل کا عدم
اعتبار اس معنی کے لحاظ سے ہیکہ
جب نص اُن کے خلاف موجود ہو تو
نص کا ناسخ یا مقید بننے کی صلاحیت
نہیں رکھتے ورنہ بہت ساری جگہوں
پر فقہاء نے اُن کا اعتبار کیا ہے اور
مذکورہ بیان نے یہ بھی افادہ کیا کہ
عرف عام مقید بننے کی صلاحیت
رکھتا ہے الخ ۔

قولہ - بدعت کہاں اور حسن
بدعت کہاں ، الخ

اقول - صدر اول کے جلیل
القدر حضرات اور دیگر متقدمین و

اول ودیگر ائمۂ دین از متقدمین و
متاخرین اطلاق بدعت فرمودہ اند
بداں معنی لفظ بدعت ہیچ منافاتی بحسن
ندارد وبمعنی کہ بدعت منافاتی بحسن
دارد بر مستحسنات جمہور ائمہ دین عموماً و
بریں عمل خصوصاً صدق ندارد ۔

قولہ - اما تعامل حرمین الخ ۔

اقول - قطع نظر از آنکہ عرف
مسلمین و تعامل بلاد اسلام را ائمۂ
دین وفقہاء محققین عموماً معتبر انگاشتہ
اند تعامل حرمین شریفین رازادھما اللہ
تعالیٰ شرفاً خصوصاً موجب حسن
ومندوبیت و مخالفت آنرا مستلزم قبح

متاخرین ائمۂ دین نے بدعت کے
جس معنی کے لحاظ سے مستحباتِ
شریعت میں مندرج مستحسنات پر
بدعت کا اطلاق فرمایا ہے اُس معنی
کے لحاظ سے بدعت اور حسنِ بدعت
میں کوئی منافات نہیں ہے اور جس
معنی کے لحاظ سے بدعت اور حسن
بدعت میں منافات ہے وہ بدعت
جمہور ائمۂ دین کے مستحسنات پر عموماً
اور اس عمل میلاد پر خصوصاً صادق
نہیں ہے ۔

قولہ - رہ گیا حرمین کا تعامل ۔

اقول - اس سے قطع نظر کہ
مسلمانوں کے عرف اور بلاد اسلام
کے تعامل کو ائمۂ دین ، فقہاء و
محدثین نے عموماً معتبر لکھا ہے ۔
حرمین شریفین (اللہ ان کے شرف
میں اضافہ فرمائے) کے تعامل کو
خصوصاً موجب حسن واستحباب اور
اسکی مخالفت کو مستلزم قباحت و

وکراہت نگاشتہ اند ومراد از اں تعامل
واستحسان علماء وائمۂ حرمین طیبین
واعیان آں بلدین شریفین داشتہ اند۔

در ہدایۂ در بیان تراویح فرمودہ
والمستحب الجلوس بين
الترويحتين مقدارا لترويحة
وكذا بين الخامسة و الوتر
لعادة اهل الحرمين الخ۔

اما آنچہ صاحب رسالہ بعض
عبارات متضمنۂ مبتلا بودن بعض
ساکنین حرمین بقلت علم وافعال سیئہ
محرمات وممنوعات پیش نمودہ کلام
را بے فائدہ محض طول دادہ بجز آنکہ از
غیظ وغضب دل خود بدگوئے کسانیکہ
در کتب شرع شریف بکف لسان وغض
بصر از ذکر مساوی آنہا

کراہت تحریر فرمایا ہے۔ اور تعامل
حرمین سے مراد ان دونوں مشرف
شہروں کے نمایاں علماء اور ائمہ کا
تعامل ہے۔ تراویح کے بیان میں
ہدایۂ میں فرمایا۔

"ترویحتین کے درمیان ایک
ترویحہ کی مقدار بیٹھنا مستحب ہے
یونہی پانچویں ترویحہ اور وتر کے
درمیان بھی کیونکہ اہل حرمین کی یہی
عادت ہے۔ الخ

صاحب رسالہ نے جو کچھ ایسی
عبارتیں پیش کی ہیں جو اس بات پر
مشتمل ہیں کہ حرمین کے بعض
باشندے، ممنوعات، محرمات،
افعالِ بد اور قلت علم میں مبتلا تھے۔
وہ گفتگو کو صرف بے فائدہ دراز کرنا
ہے ان کا اس کے سواء دوسرا کوئی
فائدہ ہے ہی نہیں کہ وہ اپنے دل
کے غیظ وغضب کی بناء پر بیان کے
میدان میں ان لوگوں کی بدگوئی رکھ
رہا ہے جن کے معائب سے چشم

امر فرمودہ اند وبرائے حسن ادب آنہا
ارشاد نمودہ اند بمیدان بیان می نہد
فائدۂ دیگر نمی دہد۔

البتہ بے شک وشبہ کسیکہ در
حرمین طیبین محرمات شرعیہ بعمل آرد
آں افعال اولیاقت اتباع ندارند اما
ایں از کجا کہ تعامل ائمۂ محققین حرمین
طیبین و علماء راسخین آں بلدین
مکرمین قابل استناد نباشد و برائے
تھلیل و تکفیر آں محبوبان شارع
اعتقاد غلبۂ رواج شرک وکفر وضلالت
در اہالیٔ آں امکنۂ مقدسہ بر خلاف
مضامین احادیث شریفہ نمودہ شود۔

قولہ۔ پارۂ است از حدیثی کہ
موقوف ست بر ابن مسعود الی قولہ در
حکم موقوف نوشتہ هو ليس
بحجة على الاصح الخ۔

پوشی اور زبان روکنے کا حکم شرع
شریف کی کتابوں میں دیا گیا ہے
اور ان کے ساتھ حسنِ ادب کی
ہدایت کی گئی ہے۔

البتہ جو کوئی حرمین طیبین میں
محرماتِ شرعیہ کا ارتکاب کرتا ہے
بلا شک وشبہ اس کا کردار لائقِ اتباع
نہیں ہے۔ لیکن اس سے یہ کہاں
ثابت ہوگیا کہ حرمین طیبین کے ائمۂ
محققین اور ان مکرم شہروں کے علماء
راسخین کا تعامل قابلِ استناد نہ ہو؟
اور احادیث شریفہ کے مضامین کے
خلاف شارع کے محبوب حضرات کی
تکفیر وتھلیل کے لئے اُن مقامات
مقدسہ کے باشندوں میں گمراہی،
کفر اور شرک کے غلبۂ رواج کا
اعتقاد رکھا جائے؟

قولہ۔ حضرت عبد اللہ ابن
مسعود پر موقوف حدیث کا ایک ٹکڑا
ہے الی قولہ۔ حکم موقوف میں تحریر
ہے کہ وہ مذہبِ اصح پر حجت نہیں۔

اقول - اولاً که فقهاء کرام و محدثین عظام حدیث مار آه المؤمنون حسناً رامرفوعاً هم از آنحضرت ﷺ روایت نموده اند و بداں جا بجا در کتب مشهوره معتمده برائے استحسان مستحسنات ائمہ اُمت و تعامل عرف و عادت استدلال فرموده اند پس کلام صاحب رساله باوجودیکه دعویٰ پختگی خود دارد محض خیال خام ست در ینجا سندی از متندین او واز کتب مشهوره نشان میدهم۔

شاه ولی الله صاحب دہلوی در ہمعات گفته اند مشائخ ذکر قلبی را که مناسبتی بهر دو جانب دارد و کالبرزخ ست کمالاً یخفی استنباط کرده اند و قال النبی صلی الله علیه وسلم ما ر آه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن رواه محمد فی المؤطا تعلیقا الی آخره.

اقول - اولاً۔ فقہاء کرام اور محدثین عظام نے آنحضرت ﷺ سے ”ما رأۃ المومنون حسنا“ کی مرفوعاً بھی روایت کی ہے اور عرف و عادت کے تعامل اور ائمہٴ امت کے مستحسنات کے استحسان پر مشہور اور معتمد کتابوں میں جا بجا اسی حدیث سے استدلال کیا ہے۔ اسلئے پختگی کے دعویٰ کے باوجود صاحبِ رسالہ کا کلام محض خیالِ خام ہے۔

یہاں کچھ سند صاحب رسالہ کے متندین اور مشہور کتابوں سے پیش کررہا ہوں۔ شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی نے ہمعات میں کہا ہے کہ۔ مشائخ نے ذکرِ قلبی کا استنباط کیا ہے جیسا کہ مخفی نہیں کہ وہ بہر دو جانب مناسبت رکھتا ہے اور برزخ کی طرح ہے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مسلمان جسے اچھا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے۔ اسکی روایت امام محمد نے مؤطا میں تعلیقاً فرمائی ہے۔ الخ۔

و در برجندی شرح مختصر وقایه فرموده فان العرف ایضاً حجة بالنص فقد قال رسول الله ﷺ ما رآه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن الخ۔

وثانیاً اگر بجهت موقوف بودنش بر حضرت ابن مسعود رضی الله عنه ایراد لیس بحجة صحیح خواهد بود تا بسیاری از احتجاجات کبرائ طائفه هم روئ بطلان خواهد نمود ایں از کجا که احتجاج بموقوف برائ خود صحیح و برائ دیگران قبیح ست۔

قولہٗ - پس مراد از مومنین مجتهدین باشند که در صفت اسلام کامل اند صرفاً للمطلق الی الکمال الخ۔

اقول - ایں قدر که مراد از جنس مومنین علماء کاملین اند نه عوام و جاهلین از مؤمنین راست و درست بے قال و قیل ست

برجندی نے شرح مختصر وقایہ میں فرمایا۔ کیونکہ بدلیل نص عرف بھی حجت ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان جسے اچھا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے۔

ثانیاً - اگر حضرت ابن مسعود پر موقوف ہونے کے سبب حجت نہ ہونے کا اعتراض صحیح ہو جائے تو کُبرائے گروہ کے بہت سارے استدلال کا بطلان بھی ظاہر ہو جائے گا یہ کہاں سے کہ اپنے لئے موقوف سے استدلال صحیح ہے اور دوسروں کے لئے قبیح ہے؟

قولہٗ - مطلق کو کمال کیطرف پھیرتے ہوئے مؤمنین سے مراد وہ مجتہدین ہوں گے جو صفتِ اسلام میں کامل ہیں۔ الخ

اقول - اتنا کہ جنسِ مؤمنین سے مراد علماء کاملین ہیں نہ کہ عام جاہل مؤمن بلا چوں و چرا صحیح اور

اما تخصیص وحصر بمجتہد وآنہم بہ مجتہد
مستقل وآنہم درقرون ثلثہ یا درقرن
صحابہ پس البتہ بجہت مخالفت
استدلال فقہاء محققین ومزاحمت شرح
محدثین معتمدین نامقبول ست وہم
فی نفسہ بے دلیل ملا علی قاری علیہ
الرحمہ درمرقاۃ فرمودہ و المراد
بالمسلمین زبدتھم وعمدتھم وھم
العلماء بالکتاب والسنۃ الابعاد
عن الحرام والشبھۃ الخ -

وسند عبارت ملفوظ سراج الہدایۃ
بر تقدیر صحت نقل ہم مفید مدعا لیش
نیست کہ در آں عبارت ہمیں قدر
مرقوم "از لفظ مومنان در لفظ حدیث
خلفاء راشدین و ائمہ مذہب و دین
مراداند نہ عوام انتہی"۔

درست ہے۔ لیکن اس بات کی
تخصیص اور حصر کہ وہ مجتہد ہوں وہ
بھی مجتہدِ مستقل ہوں۔ وہ بھی قرون
ثلٰثہ یا قرنِ صحابہ میں ہوں۔ یقیناً
فقہاءِ محققین کے استدلال سے
مخالفت اور معتمد محدثین کی شرح سے
مزاحمت کی بناء پر نامقبول نیز فی نفسہ
بے دلیل ہے۔

ملا علی قاری علیہ الرحمہ مرقات
میں فرماتے ہیں:
"مسلمین سے مراد ان میں
منتخب قابل اعتماد، کتاب وسنت کے
عالم اور حرام وشبہات سے دور رہنے
والے ہیں۔

اور عبارتِ ملفوظ "سراج
الہدایہ" صحتِ نقل کی تقدیر پر بھی
اسکے دعویٰ کے لئے مفید نہیں، کیونکہ
اس عبارت میں اتنا ہی لکھا ہے کہ
"حدیث میں لفظ "مؤمنون" سے
مراد خلفاء راشدین اور ائمہ مذہب و
دین ہیں نہ کہ عوام انتہی۔

پس اگر جماعت ائمۂ دین
اثبات شرف ایام ولادت باسعادت و
استحباب ادائے شکر آں نعمت بانواع
عبادت نمی فرمود و صاحب رسالہ
صرف بودن ایں امر از مستحسنات عوام
ثابت می نمود صاحب رسالہ را گنجایش
ذکر آں بود حالانکہ اکابر ائمۂ دین از
علماء محققین مذاہب حقہ اہلسنت و
محققان شرع مبین وراسخین دین متین
کہ در علوم دینیہ حدیث واصول وفقہ
ولواحق آنہا تجرے عظیم داشتہ اند و
عامۂ لاحقین وتمام ایں طائفہ ہم سلسلہ
تلمذ واستناد دینیات بآنحضرات دارند
ایں عمل را از مستحسنات پنداشتہ اند۔

قولہ - تواند شد کہ الف لام
برائے استغراق حقیقی باشد یعنی ہر چیز
یکہ نزدیک جمیع اسلامیان خوب ست
نزد خداوندگار نیز خوب ست الیٰ آخرہ۔

پس اگر ائمہ دین کی جماعت
نے، ایام ولادتِ باسعادت کا شرف
اور طرح طرح کی عبادت کر کے اُس
نعمت کے شکر کی ادائگی کا استحباب
ثابت نہ کیا ہوتا، اور صاحبِ رسالہ
اس امر کا صرف عوام کے مستحسنات
سے ہونا ثابت کرتا تو اُسے اس کا
تذکرہ کرنے کی گنجائش تھی حالانکہ
مذاہبِ حقہ اہلسنت کے اُن
اکابر دین، علماء محققین، محققانِ شرع
مبین اور راسخین دین متین نے اس
عمل کو مستحسن سمجھا ہے جو حدیث،
اصولِ فقہ اور ان سے متعلق علومِ
دینیہ میں مہارتِ تامہ رکھتے ہیں اور
بعد میں آنے والے عام، لوگ اور
اس گروہ کے تمام لوگ انہی حضرات
سے سلسلۂ شاگردی رکھتے ہیں اور
انہیں سے استناد بھی کرتے ہیں۔

قولہ - ایسا ممکن ہے کہ الف لام
استغراقِ حقیقی کے لئے ہو۔ یعنی ہر وہ چیز
جو تمام مسلمانوں کے نزدیک اچھی ہو وہ
خدا کے نزدیک بھی اچھی ہے، الخ

اقول-بر تقدیر الف لام
استغراق اثبات اجماع واتفاق مردم
قاطبۃ برائے استحسان چہ ضرورست
چہ بودن الف لام استغراق مفید مفاد
کل افرادی مذہب منصورست و تحقیق
ایں امر از کتب مشہورۂ عربیت و
اصول و منطق مثل مطول و اطول
ومسلم وشروح آں وغیرہا ظاہرست
من شاءفلیراجع الیھا۔

پس بر تقدیر استغراق بموجب
تدقیق ایں ارباب تحقیق ایں معنی
خواہد شد کہ پسندیدۂ ہر مومن پسندیدۂ
پروردگار ست حالا صاحب رسالہ
فرماید کہ تقدیر استغراق صاحب رسالہ
راچہ مفید کارست۔

قولہٗ- قواعد شرعی و دلائل
مذہب حنفی کہ مفید ضلالت ایں عمل اند
اینک در فصل بالا اول سبز وسپید شدہ
انتہٰی آخرہ۔

اقول-در فصل اول کہ بتطویل

اقول- الف لام کے
استغراقی ہونے کی تقدیر پر تمام
لوگوں کا اجماع اور اتفاق ثابت کرنا
کیا ضروری ہے؟ اسلئے کہ الف لام
کا استغراقی ہونا مذہب منصور کے ہر
فرد کے اچھا سمجھنے کو مفید ہے۔ جس
کی تحقیق، مطول، اطول، مسلم اور
اس کی شروح جیسی، عربیت اور
اصول اور ان کے علاوہ منطق کی
کتابوں سے ظاہر ہے۔ جو چاہے
اس کی طرف رجوع کرے۔

اسلئے تقدیرِ استغراق پر ان
اربابِ تدقیق کے مطابق معنی یہ ہوا
کہ، ہر مومن کی پسند اللہ کی پسند ہے۔
اب صاحب رسالہ بتائے کہ
استغراق کی تقدیر اس کے کس کام کی؟

قولہٗ- اس عمل کی گمراہی
ثابت کرنے والے، حنفی مذہب کے
دلائل اور شرعی اصول ابھی فصلِ بالا
میں سبز وسفید ہو چکے ہیں الخ۔

اقول-فصلِ اول میں بے

لا طائل روئے کاغذ بے گناہ سیاہ
گردانیدہ بود بطلان ہمہ تطویلش چو
روز روشن رونمود از الفاظ اجمال و
ابہام مطلب نہ تواں کشود و آوردن
عبارات خارج از مقام محض بیکار و
بے سود اما مقدماتیکہ از طرف خود
افزود ہمہ مخدوش و مردود وباینہمہ
شرایط صحت قیاسات واستنباط از قواعد
ہمہ مفقود کہ از جواب فصل اول اینہمہ
آشکارواعادۂ آں دریں مقام متضمن
تطویل وتکرار۔

قولہٗ-پیش شما برائے استحسان
جواز ایں عمل کدام دلیل ست الخ۔

اقول- لو فرضنا کہ دلیلی دیگر
نزد علمائے محققین تا استاد مستند صاحب
رسالہ برائے جواز ایں عمل ہمی بود ہمیں

فائدہ گفتگو دراز کر کے اس نے بے
گناہ کاغذ کا چہرہ سیاہ کیا تھا۔ اس کی
ساری تطویل کا بطلان روزِ روشن کی
طرح سامنے آگیا، اجمال و ابہام
کے الفاظ سے مطلب حاصل نہ ہوا،
اور خارج از بحث عبارتیں لانا محض
بے کار و بے سود رہا اور جن مقدمات کا
اضافہ اس نے از خود کیا سب کے
سب مخدوش و مردود ہیں۔ ان تمام
باتوں کے باوجود قواعد سے استنباط
اور قیاس کی صحت کے شرائط بالکلیہ
مفقود ہیں۔ فصل اوّل کے جواب
سے یہ ساری باتیں ظاہر جن کا اعادہ
اس جگہ تطویل وتکرار کو متضمن ہے۔

قولہٗ-تمھارے نزدیک اس
عمل کے جائز اور مستحسن ہونے پر
کون سی دلیل ہے الخ۔

اقول-اگر ہم مان بھی لیں
کہ صاحب رسالہ کے مستند استاذ
تک علماء محققین کے نزدیک اس عمل
کے جواز پر دوسری دلیل نہیں پھر بھی

یک دلیل کہ دلیلی بر حرمت آں قائم
نیست برائے جواز کفایت می نمود
کاش مدعیان ضلالت وممانعت ایں
عمل قدرے انصاف سازند و سر در
گریبان اندازند کہ محتاج دلیل کیست
ومعنئ دلیل چیست ولو سلمنا کہ قواعد
آوردۂ شان تام باشند پس ایں
استنباطی و قیاسی و اجتہادی بیش نیست و
ہرگاہ علماء محققین را از مثبتین جواز ایں عمل
ایں لیاقت نزد صاحب رسالہ نیست
پس مبطلین کئے بایں مرتبہ واصل اند۔

بالجملہ لغویت بیان پریشان
صاحب رسالہ ظاہر وعیان ست۔

قولہٗ - از انکار یک امر کہ
مستحسن عند البعض باشد نہ جمیع ہرگز
انکار جمیع مستحسنات فقہاء لازم نمی آید
معلوم نیست کہ منشاء انتزاع ایں
استلزام چیست الیٰ آخرہٖ۔

یہی ایک دلیل کہ اس کی حرمت پر
کوئی دلیل قائم نہیں جواز کے لئے
کافی تھی ۔ کاش اس عمل کی ممانعت
اور ضلالت کے دعویدار کچھ انصاف
کرتے اور سوچتے کہ دلیل کی ضرورت
کسے ہے اور دلیل کا مطلب کیا ہے؟
اور اگر ان کے پیش کردہ اصول کو ہم
تام بھی تسلیم کرلیں تب بھی یہ ایک
قیاس، اجتہاد اور استنباط سے بڑھ کر
کچھ نہیں اور جب صاحب رسالہ کے
نزدیک اس عمل کو جائز قرار دینے
والے علماء محققین کو اس بات کی لیاقت
نہیں تو عمل میلاد کو باطل قرار دینے
والے اس مرتبہ پر کب پہونچ گئے؟

الحاصل صاحبِ رسالہ کے بیانِ
پریشاں کی لغویت ظاہر وباہر ہے۔

قولہٗ - ایسے ایک امر کے
استحسان کا انکار، جو بعض کے نزدیک
مستحسن ہو نہ کہ سب کے نزدیک،
فقہاء کے تمام مستحسنات کے انکار کو
مستلزم نہیں ہے ۔ پتہ نہیں کہ اس
استلزام کا منشاء انتزاع کیا ہے؟ الخ۔

اقول - منشاء استلزام اینکہ
امور یکہ بنام دلائل بتطویل لا طائل
پیش می آرند و آنرا قواعد شرعی می پند
ارند در جمیع مستحسنات اجرائے آں اجلی
ست مثلاً ہمیں صاحب رسالہ کہ ترک
آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم را
دلیل ثبوت ضلالت ولزوم ممانعت
انگاشتہ و زیادت بر قدر مسنون را
موجب تجویز نسخ کتاب و سنت
پنداشتہ اگر ایں دلیل مستلزم ضلالت
ایں عمل ست البتہ ضلالت جمیع
مستحسنات فقہاء کرام از اں لازم ست
بلکہ کبرائے طائفۂ اسماعیلیہ را التزام
آنست کہ بہ ہمیں جہت امور منقولہ از
صحابۂ کرام ومستحسنات ائمہ عظام را
داخل بدعت ضلالت مصطلحہ می شمارند

اقول - اس استلزام کا منشأ یہ
ہے کہ بے فائدہ تطویل کے ساتھ
جن امور کو وہ بنام دلیل پیش کرتے
ہیں اور انہیں شرعی قواعد سمجھتے ہیں
انہیں تمام مستحسنات پر چسپاں کرنا
روشن ہے۔

مثلاً یہی صاحبِ رسالہ جس
نے آنحضرت ﷺ کے ترک کو
ضلالت کے ثبوت اور ممانعت کے
لزوم کی دلیل بنایا ہے ۔ اور مسنون
مقدار پر زیادتی کو کتاب وسنت پر
تجویز نسخ کا موجب سمجھا ہے، اگر یہ
دلیل اس عمل کی ضلالت کو مستلزم ہے
تو یقیناً اس سے فقہاء کرام کے تمام
مستحسنات کی ضلالت لازم بلکہ
اسماعیلی فرقے کے بڑے بڑوں
نے تو اس کا التزام بھی کرلیا ہے
جنہوں نے اسی وجہ سے صحابۂ کرام
سے منقول امور اور ائمۂ عظام کے
مستحسنات کو اصطلاحی بدعت
ضلالت میں داخل مانا ہے۔

وقیاس ایں انکار برانکار صاحبین کہ از
قسم انکار مجتہدین فیما بینھم ست
نہ توان نمود کہ اول برائے طرفین در
ہر دو جانب دلائل شرعیہ موجود۔
وثانیاً حکم تضلیل وتکفیر بلکہ تفسیق
وتحقیر ہم در آنجا مفقود برخلاف انکار
وہابیہ کہ نوبت بہ تباین ملت رسانیدہ
اند و اموری راکہ تاہنوز کراہت آنہم
بدلائل قویہ ثابت باتفاق محققین نیست
باوجود اقرار اختلاف ہم پلۂ شرک و
مستلزم خروج از اصل ایمان وخلل آن
گردانیدہ اند۔

قولہ - در انکار استحسان علماء و
مشائخ ہرگز رفع امان از شرعیات
نیست الخ۔

اقول - دریں مقام ہمیں
قدر بس ست کہ بر تقدیر صحت بیان
صاحب رسالہ ضلالت وفسق اکابر
سلسلۂ صاحب رسالہ کہ در سند کتب
شرعیہ حدیث و تفسیر و فقہ

اس انکار کا قیاس مجتہدین کے
باہمی انکار کی قسم میں داخل، صاحبین
کے انکار پر نہیں کیا جا سکتا۔ اسلئے کہ
اولاً تو دونوں طرف دلائل شرعیہ
موجود اور ثانیاً تضلیل وتکفیر بلکہ تفسیق
وتحقیر بھی وہاں مفقود، وہابیہ کے انکار
کے برخلاف کہ انہوں نے تو تباین
ملت کی نوبت پہونچا دی ہے۔ اور
باتفاق محققین قوی دلائل سے جن
امور کی اب تک کراہت ثابت نہیں۔
اختلاف کا اقرار کرتے ہوئے بھی
انہیں شرک کے ہم پلہ اور اصل
ایمان میں خلل اور اس سے خروج کو
مستلزم سمجھ لیا ہے۔

قولہ - علماء و مشائخ کے
استحسان سے انکار شرعیات سے
امان اٹھانا نہیں ہے الخ۔

اقول - اس جگہ اتنا ہی کافی
ہے کہ صاحب رسالہ کے بیان کی
صحت کی تقدیر پر اس کے ان اکابر
سلسلہ کی ضلالت اور فسق ظاہر ہے
جو اُس کی حدیث، تفسیر فقہ کی شرعی

داخل اند ظاہر و آشکار ست پس بر
روایات فساق ضالین چگونہ اش اعتماد
و اعتبار ست و ایں امر یعنی لزوم
ضلالت و فسق علماء دین نہ ہمیں استاد
آں صاحب رسالہ واکابر سندش را از
علماء متاخرین ملوث بایں تہمت می
سازد بلکہ بر تقدیر صحت مذہبش در
عدالت صدر اول ہم کہ بسیاری از
امور زائدہ بر قدر مسنون و
ماثورا باوجود ترک آنحضرت ﷺ
واقرار عدم سنیت و اطلاق محدث
وبدعت داخل مستحسنات و مندوبات
ساختہ اند خللی عظیم می اندازد۔

قولہ - منامات معتمد
علیہا نیستند الیٰ قولہ ابلیس بر تلبیس
دشمن قوی است الیٰ قولہ وہچنیں ہر چہ
از کشف و الہام معلوم شود
ضرور نیست کہ صحیح باشد الیٰ آخرہ۔

کتابوں کی سند میں داخل ہیں۔ پھر
وہ گمراہوں، فاسقوں کی روایت پر
کس طرح اعتماد و اعتبار کرتا ہے؟
اور یہ امر یعنی علماء دین کے فسق و
ضلالت کا لزوم صرف اس کی سند
کے اکابر علماء متاخرین اور اس کے
اساتذہ کو اس تہمت سے آلودہ نہیں
کرتا بلکہ اس کے مذہب کی صحت
مان لینے پر صدر اول کی عدالت میں
عظیم خلل پیدا کر دے گا۔ کیونکہ
صدر اول کے لوگوں نے بھی مقدار
مسنون پر زائد بہت سارے امور کو
آنحضرت ﷺ کے ترک، ان کے عدم
مسنونیت کے اقرار اور ان پر محدث و
بدعت کے اطلاق کے باوجود،
مستحسنات ومستحبات میں داخل مانا ہے۔

قولہ - خواب قابل اعتماد نہیں
ہوتے۔ الیٰ قولہ - ابلیس اپنے دشمن
کو فریب دینے میں زور آور ہے۔
الیٰ قولہ - یونہی کشف والہام سے جو
کچھ معلوم ہوا اس کا صحیح ہونا ضروری
نہیں۔ الخ۔

اقول - ذکر الہام و منام صلحاء
کرام و اولیاء عظام برائے استیناس
ست نہ بطور حجت قطعیہ و ہر چند ضرور
نیست کہ ہر چہ از کشف والہام و
واقعات و منام صلحاء کرام و اولیاء
عظام معلوم شود علی الاطلاق حجت
باشد اما بموجب قول مستندین صاحب
رسالہ و مستندین مستندش آنچہ ازاں
مخالفت بحکم حضرت شارع نداشتہ
باشد قبول باید کرد۔

قاضی ثناء اللہ در سیف المسلول
در بیان الہام فرمودہ کہ آنچہ بدان
بدست آید آنرا بر میزان شرع باید سنجید
پس اگر شرع آنرا قبول کند آنرا حق باید
دانست و قبول باید کرد و آنچہ شرع آنرا
رد کند آنرا خطاء و باطل باید دانست

اقول- صالحین کرام اور
اولیائے عظام کے خواب اور الہام کا
ذکر بطور حجت قطعی نہیں بلکہ اُنسیّت
پیدا کرنے کی خاطر ہے۔ جو کچھ
صالحین کرام و اولیائے عظام کے
خواب، واقعات، کشف اور الہام
سے معلوم ہو ہر چند کہ اس کا علی
الاطلاق حجت ہونا ضروری نہیں تاہم
صاحب رسالہ کے مستندین اور اس
کے مستند کے مستندین کے قول کے
مطابق اُس میں جو کچھ حضرت
شارع کے حکم کے مخالف نہ ہو اسے
قبول کرنا چاہیے۔

قاضی ثناء اللہ صاحب نے
سیف المسلول میں الہام کا بیان
کرتے ہوئے فرمایا کہ جو چیز الہام
سے حاصل ہو۔ اسے شریعت کے
ترازو پر تولنا چاہیے، شریعت جسے
قبول کرے اسے حق سمجھنا چاہیے
اور قبول کرنا چاہیے۔ اور شریعت
جسے رد کر دے اسے غلط اور باطل

ورد باید کرد و آنچہ شرع ازاں ساکت
باشد آنرا نیز قبول باید کرد و قسطلانی در
مواہب آوردہ۔

وكذلك يقال فى كلامه
عليه السلام فى النوم انه
يعرض على سنته فما وافقها
فهو حق وما خالفها فالخلل
فى سمع الرائى الخ۔

دریں مقام روایات چند از
مستندین صاحب رسالہ آوردن
ضرور ست تا واضح گردد کہ اوشان ہم
ذکر منامات نمودہ اند و احتجاج و عمل
بدان ہم فرمودہ اند:

شاہ ولی اللہ دہلوی در قرۃ العینین
فی تفضیل الشیخین آوردہ۔

"نوع چہلم اشارہ فرمودن
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم در مقام منام

سمجھنا چاہیے اور رد کر دینا
چاہیے۔ اور شریعت جس سے خاموش
ہو اسے بھی قبول کرنا چاہیے علامہ قسطلانی
نے مواہب میں نقل فرمایا ہے۔

حالت خواب میں سنی ہوئی
حضور ﷺ کی گفتگو کے بارے میں
یونہی کہا جائے گا کہ وہ گفتگو ان کی
سنت پر پیش کی جائے گی۔ جو سنت
کے موافق ہوگی وہ حق ہے اور جو
مخالف ہوگی وہ خواب دیکھنے والے
کی سماعت کا خلل ہے الخ۔

اس مقام پر صاحب
رسالہ کے مستندین کی چند روایتوں کا
نقل کرنا ضروری ہے تا کہ واضح ہو
جائے کہ انہوں نے بھی خواب کا
تذکرہ کیا ہے اس سے احتجاج بھی
کیا ہے اور اس پر عمل بھی کیا ہے۔

شاہ ولی اللہ دہلوی نے "قرۃ
العینین فی تفضیل الشیخین" میں نقل
کیا ہے "نوع چہلم مالک الدار کی
حدیث میں حضور ﷺ کا خواب میں

که استسقاء از عمر طلب کند از حدیث
مالک الدار۔

قال اصاب الناس قحط
فی زمن عمر فجاء رجل الیٰ
قبر النبی صلی الله علیه
وسلم فقال یا رسول الله
ﷺ استسق لامتك فانهم قد
هلكوا قال فاتاه رسول الله
ﷺ فی المنام فقال ایت عمر
فمره ان یستسقی للناس
فانهم سیسقون وقل له علیك
الكیس الكیس فاتی الرجل
عمر فاخبره قال فبكیٰ عمر
وقال یارب ماآلو الاماعجزت
عنه رواه ابو عمر و فی
الاستیعاب انتهی۔

ونیز شاہ صاحب موصوف در
انتباہ فرمودہ:

اشارہ کرنا کہ استسقاء عمر سے طلب کرو۔
راوی نے کہا کہ حضرت عمر
رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں لوگ قحط کا شکار
ہوئے تو ایک صاحب نبی ﷺ کی قبر
پر حاضر ہوئے اور کہا کہ یارسول اللہ
اپنی امت کے لے سیرابی طلب
فرمایئے وہ ہلاکت کے قریب پہونچ
گئی، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ان
کے خواب میں تشریف لائے اور
فرمایا کہ عمر کے پاس جاؤ اور اسے حکم
دو کہ وہ لوگوں کے لئے سیرابی طلب
کریں انہیں عنقریب سیراب کیا
جائے گا۔ اور ان سے بولو کہ وہ خوب
دادودہش کریں۔ وہ صاحب حضرت
عمر کے پاس آئے ان کو صورت
حال بتائی تو حضرت عمر رو پڑے اور
عرض کیا میرے پروردگار! جس کی
مجھ میں سکت نہیں اسی میں کوتاہی ہوتی
ہے۔ اس کی روایت ابو عمرو نے
استیعاب میں کی ہے۔ انتہی۔

نیز شاہ صاحب موصوف نے
انتباہ میں فرمایا:

''اخبرنی سیدی الوالد
انه اراد فی ابتداء طلبه ان
یلتزم دوام الصیام ثم تردد
فی ذلك لاختلاف العلماء فیه
فتوجه الی النبی صلی الله
علیه وسلم فرآه فی النوم
كانه اعطاه رغیفا قال فقال
ابو بكر الهدایا مشترك فقد
مته الیه فاخذ منه كسرة ثم
قال عمر رضی الله عنه
الهدایا مشترك فقد مته فاخذ
منه كسرة ثم قال علی رضی
الله عنه الهدایا مشترك فقد
مته الیه فاخذ منه كسرة ثم
قال عثمان رضی الله عنه
الهدایا مشترك فقلت

سیدی ابا حضور نے مجھے بتایا
کہ انہوں نے اپنی طلب کے آغاز
میں دائمی روزہ کے التزام کا ارادہ
فرمایا پھر اس سلسلہ میں علماء کے
اختلاف کی بناء پر متردد ہوئے۔ تب
انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی
جانب رخ موڑا خواب میں دیکھا
کہ سرکار نے انہیں ایک روٹی عطا
فرمائی ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت
ابوبکر نے فرمایا کہ ہدیہ مشترک ہوتا
ہے۔ میں نے وہ روٹی ان کی
خدمت میں پیش کردی۔ انہوں نے
ایک ٹکڑا لے لیا۔ پھر حضرت عمر نے
فرمایا کہ ہدیہ مشترک ہوتا ہے۔ میں
نے ان کی خدمت میں بھی پیش کر
دی انہوں نے بھی ایک ٹکڑا لے لیا
پھر حضرت علی نے فرمایا کہ ہدیہ
مشترک ہوتا ہے۔ میں نے انہیں
پیش کردی انہوں نے بھی ایک ٹکڑا
لے لیا۔ پھر حضرت عثمان نے فرمایا
کہ ہدیہ مشترک ہوتا ہے۔ تو میں

ان قسمتم الرغيف فاى شئى يبقى لهذا الفقير فامسك الىٰ آخره۔

ونیز دراں ست سألته صلى الله عليه وسلم سو الاروحانياً عن سر تفضيل الشيخين على على رضى الله تعالىٰ عنهم مع انه اشرف نسبا و اقضاهم حكما و اشجعهم جنانا والصوفية عن آخرهم ينتسبون اليه ففاض على قلبى منه صلى الله عليه وسلم ان له وجهين وجها ظاهرا ووجها باطنا فالوجه الظاهر الىٰ اقامة العدل فى الناس و ارشادهم الىٰ ظاهر الشريعة وهما بمنزلة الجوارح له فى ذلك والوجه الباطن الىٰ مراتب الفناء والبقاء و علومه المروية كلها انما تتبع من الوجه الظاهر الخ۔

نے عرض کیا اگر آپ ہی لوگ روٹی بانٹ لیں گے تو اس فقیر کے لئے کیا بچے گا تو وہ رک گئے الخ۔

نیز اسی میں موجود ہے کہ حضور ﷺ سے میں نے ایک روحانی سوال کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ شیخین کی بہ نسبت نسب میں اشرف، ان سے بڑے فیصل ان سے بڑے بہادر ہیں اور سارے صوفیاء انہیں کیطرف منسوب ہیں اس کے باوجود اُن پر شیخین کی فضیلت کا راز کیا ہے؟ تو سرکار کیطرف سے میرے دل پر یہ فیضان ہوا کہ اس کی دو وجھیں ہیں۔ ایک ظاہر دوسری باطن۔ وجہ ظاہر لوگوں میں اقامتِ عدل اور ظاہری شریعت کی طرف ان کی رہنمائی ہے اور شیخین کی حیثیت اس سلسلہ میں اعضاء و جوارح کی ہے۔ اور وجہ باطن فناء اور بقاء کے مراتب ہیں۔ اور سرکار سے مروی سارے علوم کی اتباع باعتبار ظاہر کی جاتی ہے۔ الخ

وامثال ایں حکایات در تالیفات شاہ صاحب بیش از بیش ست بخوف تطویل بر ہمیں قدر اکتفاء می رود۔

بالاتر از ہمہ این کہ طحطاوی کہ مستند طائفہ است نوشتہ ورد فی بعض الآثار النهى عن قص الاظفار يوم الاربعاء فانه يورث البرص و عن ابن الحاج صاحب المدخل انه هم بقص اظفاره يوم الاربعاء فتذكر ذلك فترك ثم رأى ان قص الاظفار سنة حاضرة ولم يصح عنده النهى فقصها فلحقه اى اصابه البرص فرأى النبى صلى الله عليه وسلم فى النوم فقال الم تسمع نهيى عن ذلك فقال يا رسول الله

شاہ صاحب کی تالیفات میں اس طرح کی حکایتیں بہت زیادہ ہیں، تطویل کے خوف سے اسی مقدار پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

اور ان سب سے بالاتر وہ بات ہے جو اس گروہ کے بھی مستند علامہ طحاوی نے تحریر فرمائی ہے۔ ''بعض آثار میں'' بروز بدھ ناخن کاٹنے کی ممانعت آئی ہے۔ کیونکہ اس سے برص ہوتا ہے۔ صاحب مدخل ابن الحاج سے مروی ہے کہ انہوں نے بروز بدھ ناخن کاٹنے کا ارادہ کیا وہی روایت یاد آ گئی تو ارادہ ترک کر دیا پھر سوچا کہ ناخن کاٹنا فی الحال مسنون ہے اور نہی کی روایت ان کے نزدیک درجۂ صحت کو نہیں پہونچی اور کاٹ لیا تو ان کو برص ہوگیا۔ پھر نبی ﷺ کو خواب میں دیکھا انہوں نے فرمایا کہ تم نے اس سے ممانعت نہیں سنی تھی؟ تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ روایت

صلی الله علیه وسلم لم یصح
عندی ذلك فقال یکفیك ان
تسمع ثم مسح صلی الله علیه
وسلم علی بدنه فزال البرص
قال ابن الحاج فجددت مع
الله توبة انی لا اخالف ما
سمعت عن رسول الله ﷺ
ابدا الخ

قولہ - مراد از حب کہ مامور بہ
است عقلی ست الی قولہ وآنکہ مولودیان
را ادعائے محبت با جناب رسالت
ست وایں عمل را اظہار مودت قرر دادہ
اند کذب صریح و بہتان عظیم ست الخ

اقول - قطع نظر از حال باکمال
ایمہ سابقین کسانیکہ از لاحقین
مجوز ایں عمل وفاعل آں بودہ اند مثل شیخ
عبد الرحیم دہلوی و شیخ عبد الحق

میرے نزدیک درجہ صحت کو
نہیں پونچی تو فرمایا کہ تمہارے لئے
سننا ہی کافی تھا۔ پھر رسول اکرم
ﷺ نے ان کے بدن پر ہاتھ پھیر
دیا تو برص ختم ہوگیا۔ ابن الحاج نے
کہا کہ میں نے اللہ کی بارگاہ میں
توبہ کی تجدید کی کہ اب میں آئندہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی
ہوئی کسی بات کی مخالفت کبھی نہیں
کروں گا۔

قولہ - جس محبت کا حکم ہے وہ
عقلی ہے۔ الی قولہ - مولودیوں کو
جناب رسالت سے محبت کا جو دعویٰ
ہے جس کے اظہار کے لئے اس عمل
کو مقرر کر رکھا ہے کھلا جھوٹ اور عظیم
بہتان ہے۔ الخ۔

اقول - ائمہ سابقین کے حال
باکمال سے قطع نظر وہ لاحقین جو اس
عمل کو جائز سمجھنے والے اور اس پر عمل
کرنے والے رہے ہیں۔ جیسے شیخ
عبد الرحیم دہلوی، شیخ عبد الحق دہلوی

و شیخ عبد الوہاب و شیخ ابن حجر مکی کہ
صاحب رسالہ درہمیں جواب باوشان
استناد نمودہ و دیگر علماء اعلام واولیاء
کرام بودن ایشان از محبان درگاہ
جناب محبوب رب العلمین و محبوبان
بارگاہ حضرت سید المرسلین ﷺ مثل
آفتاب نیمروز در تمام عالم جلوہ افروز
ست و طاعت صادقہ محبوب و الفت
حقیقیہ بامنتسبان مطلوب در ذوات
بابرکات ایں حضرات بوجہ اکمل موجود
بودہ است پس اگر کسی مولودیان محبان
ومحبوبان بارگاہ نبوی را دشمن رسول قرار
دہد یا در شان ایں حضرات کلمہ شنیعہ
گروہ ضلالت پژوہ در معرض بیان نہد
ومصداق اولٓئك هم شر البرية
گرداند و اظہار صدق محبت و اعلان
خلوص مودت را سطوت تسویلات
ابلیس گوید وعیوب ایں حضرات خواہ مخواہ

، شیخ عبد الوہاب اور شیخ ابن حجر مکی،
جن سے صاحب رسالہ نے اسی
جواب میں استناد کیا ہے اور دیگر
سرکردہ علماء اور اولیاء کرام جن کا
محبوب رب العالمین کے دربار کا
محبّ ہونا اور سید المرسلین صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں محبوب
ہونا آفتاب نیمروز کیطرح تمام دنیا
میں روشن ہے اور جن کی ذات میں
محبوب کی سچی اطاعت، ان سے
نسبت رکھنے والوں سے حقیقی محبت
بطور کمال موجود رہی ہے۔ اسلئے اگر
کوئی شخص بارگاہ نبوت کے ان محبین
اور محبوبین کو دشمنِ رسول قرار دیتا
ہے یا ان حضرات کی شان میں
گمرہی کی متلاشی جماعت جیسی بری
بات بیان کرتا ہے اور انہیں اولٓئِك
ھم شرُّ البریّۃ " کا مصداق
گردانتا ہے اور سچی محبت اور خالص
الفت کو ابلیس کی گمراہ گری کا غلبہ کہتا
ہے۔ اوران حضرات کی خواہ مخواہ

جوید در شانش ہر چہ گفتہ آید کمتر
اما بخدائے منتقم حوالہ اش بہتر۔

قولہ - بدعت رامحبت دانستن
و بہ حسن آں تفوہ نمودن بداں ماند کہ
خون حسن وحسین رادم الاخوین نامند
الیٰ آخرہ۔

اقول - اولاً استحسان امور
خیرے کہ در مندوبات شریعت
مندرج اندومزاحم ومخالف سنت نیستند
باوجود اطلاق بدعت ومحدث از عہد
صحابۂ کرام تا استاذ صاحب رسالہ در
اقوال علماء اعلام ثابت وواضح است
بلکہ عدم انکار از حسن بدعات حسنہ
باتفاق جملہ فرق اسلامیہ از نقل
صاحب تنبیہ السفیہہ لائح است۔

پس بجہت اطلاق حسن برعمل مولد
بلزوم حکم مغبوضیت پرداختن و

عیب جوئی کرتا ہے اس کے بارے
میں جو کچھ کہا جائے کم ہے لیکن اسے
خدائے منتقم کے حوالے کرنا بہتر ہے۔

قولہ - بدعت کو محبت سمجھنا،
اور اس کے حسن کا ڈھنڈورہ پیٹنا،
ایسا ہی ہے جیسے حسن و حسین کے
خون کا نام دم الاخوین رکھیں الخ۔

اقول - اولاً وہ امور خیر، جو
شریعت کے مستحبات میں مندرج
ہیں اور سنت کے مزاحم ومخالف نہیں
ہیں ان پر محدث و بدعت کے
اطلاق کے باوجود ان کا استحسان،
صحابۂ کرام کے عہد سے لیکر صاحب
رسالہ کے استاذ تک علماء اعلام کے
اقوال میں ثابت وواضح ہے۔ بلکہ
صاحب تنبیہ السفیہ کی نقل کے
مطابق بدعاتِ حسنہ کے حسن سے
عدم انکار تمام اسلامی فرقوں کے
اتفاق سے روشن ہے اس لئے عمل
میلاد پر حسن کے اطلاق کے سبب
مبغوضیت کا حکم لازم قرار دینا اور

وجود محبت را بہ جہت تلفظ لفظ بدعت
حسنہ خارج از دائرہ امکان ساختن
صدہا ائمہ امت راازیندم تاصدراول
از زمرۂ مبغضان ومبغوضان درگاہ
نبوی قرار دادن ودر تبرا ہمچو روافض
کشادن ست۔

وثانیاً قطع نظر از ہمہ ایں وآں بر
تقدیر صحت مذہب وہابیہ اسماعیلیہ
حضرت امیر المومنین سیدنا حسن رضی
اللہ تعالیٰ عنہ وامام المسلمین حضرت
سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کئے از
تہمت ضلالت نجات خواہند یافت کہ
صاحب رسالہ باظہار غایت دردمحبت
بے ضرورت وحاجت ایں کلمہ شنیعہ
بے ادبی برزبان آوردہ ایں تار وپود
ابلہانہ بربافت۔

باید دید کہ باوجود یکہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم درہیئت طواف بیت
اللہ شریف کہ عبادت مخصوصہ مثل صلوٰۃ
است براستلام رکن یمانی و

لفظ بدعت حسنہ کے تلفظ کے سبب
وجود محبت کو دائرہ امکان سے باہر
سمجھنا۔ صدر اول سے لیکر اب تک کے
ائمۂ امت کو دربار نبوی کے مبغوضین اور
مبغضین کی جماعت میں رکھنا
روافض کی طرح تبراء کا دروازہ
کھولنا ہے۔

ثانیاً اِس کو اور اُس کو تو جانے
دیجئے مذہب وہابیہ اسماعیلیہ کی صحت
مان لینے پر خود حضرت امیر المومنین
سیدنا حسن وامام المسلمین سیدنا
حسین رضی اللہ عنہما گمرہی کی تہمت
سے کب بچ پائیں گے کہ صاحب
رسالہ نے محبت کا درد بے نہایت
ظاہر کرنے کے لئے بے ادبی کی یہ
بری بولی زبان پر لاکر احمقانہ تار و پود
بنا ہے۔

دیکھنا چاہئے کہ نماز ہی کی
طرح مخصوص عبادت طواف
بیت اللہ شریف کی ہیئت میں
آنحضرت ﷺ نے رکن یمانی اور

رکن اسود اقتصار فرمودہ اند و استلام
رکن عراقی وشامی ترک نمودہ اند معہذا
محققین در شروح صحاح احادیث مثل
عینی شرح صحیح بخاری وغیرہ روایت می
فرمایند کہ مذہب حضرت امام حسن
وامام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما وسلام
اللہ علی جدہما وعلیہما استحباب وجواز استلام
رکن عراقی و شامی بودہ است
حالا درخرافات صاحب رسالہ کہ بنام
دلائل وقواعد بار بار برزبان می آرد باید
اندیشید کہ اکثر ہمان دلائل دریں مقام
جاری تو ان گردید و از تصور احکام
ضلالت التیام طائفہ لیام کہ در ہر
مقام بر مستحسنات ائمۂ عظام ازاں
اوہام لازم میگرد انند برایمان خود
باید لرزید اما چون کار بجہال سفاہت
شعار است۔ اعراض از بیانش

رکن اسود کے استلام پر اکتفاء فرمایا
ہے اور رکنِ عراقی ورکن شامی کا
استلام ترک کیا ہے اس کے باوجود
عینی شرح بخاری وغیرہ جیسی صحاح
احادیث کی شرحوں میں محققین روایت
کرتے ہیں کہ حضرت امام حسن وامام
حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما وسلام اللہ
علیٰ جدھما وعلیہما کا مذہب رکن عراقی
ورکن شامی کے استلام کا جواز و
استحباب رہا ہے۔اب صاحب رسالہ
کے اُن خرافات میں غور کرنا چاہیئے
جنھیں وہ دلائل وقواعد کے نام سے
بار بار زبان پر لاتا ہے۔ کہ اکثر وہی
دلائل یہاں بھی جاری ہو سکتے ہیں۔
اوراس ذلیل گروہ کے پُراز ضلالت
اُن احکام کے تصوّر سے ایمان لرزنا
چاہیئے جو احکام انہی اوہام کے سبب
ائمۂ عظام کے مستحسنات پر ہر جگہ
لازم گردانتے ہیں ۔ لیکن معاملہ
چونکہ نا سمجھ جاہلوں کے ساتھ ہے
اسلئے اس کے بیان سے اعراض بھی

دشوار نا چار بہزاراں توبہ و استغفار
قدرے از خرافاتش در ینجا بیاد مید ہم و
دشنۂ خونخوار بکنار اشرار می نہم۔
پس حسب اقوالش میتوان گفت
کہ باری تعالیٰ از عبادات و
اعتقادات آنچہ برائے عباد خود کافی
دانست مشروع نمود ودین کامل کرد و
نعمت خود برعباد خود برزبان رسول خود
ختم کرد پس بریں تقدیر اگر استلام
رکن عراقی و شامی از امور دین یا
عبادات ونوافل دینیہ می بود البتہ حق
تعالیٰ آنرا مشروع میفرمود وچون شارع
ازاں بحث نکرد معلوم شد کہ احداث آں
زیادت برنص ست وزیادت برنص نسخ
است الیٰ آخر الخرافات۔
ونیز می تواں گفت کہ ایں فعل از
حضرت شارع ماثور نیست لا قولاً
ولا فعلاً وکفیٰ بھذا منعاً الخ۔

دشوار ہے۔مجبوراً ہزار بار توبہ واستغفار
کے ساتھ اس کے کچھ خرافات یاد
دلادوں اور خنجر خونخوار پہلوئے اشرار
میں رکھوں۔
پس اسکے اقوال کے مطابق کہا
جا سکتا ہے کہ باری تعالیٰ کی دانست
میں بندوں کے لئے جو عبادتیں اور
عقائد کافی تھے مشروع فرمادئے۔
اور دین کو کامل کر دیا اور اپنے بندوں
کیلیئے اپنی نعمتیں اپنے رسول کی
زبان پر ختم فرمادیں۔پس اس تقدیر
پر اگر رکن عراقی وشامی کا استلام دینی
امور سے یا دینی نوافل وعبادات
سے ہوتا تو حق تعالیٰ یقیناً اسے
مشروع کرتا اور جب شارع نے
اس سے بحث نہیں کی تو پتہ چلا کہ
اس کی ایجاد نص پر زیادتی ہے اور یہ
نسخ ہے الیٰ آخر الخرافات۔
یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ یہ فعل
حضرت شارع سے منقول نہیں ہے
نہ قولاً نہ فعلاً اور ممانعت کیلیئے اتنا ہی
کافی ہے الخ۔

ونیز می توان گفت کہ اتباع ہم
چنانکہ در فعل باید در ترک نیز شاید پس
عملے گوفی نفسہٖ مستحسن باشد اما فعلش
ازاں سرور ماثور نباشد ترک آں در حق
امت عین اتباع ست و فعل آں
موجب مؤاخذۂ خدا۔

ونیز می توان گفت کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم ایں فعل را ترک
فرمودند وبعمل نیاوردند پس دریںجا چند
احتمال ست یا کعبۂ معظمہ یا ایں رکنین
آں درزمان نبوت اقتران موجود نبود یا
محبت کعبۂ شریفہ علی وجہ الکمال نبود یا علم
بمشروعیت آں حاصل نبود یا احتیاج
بایں عبادات نبود یا مانع یافتہ شد یا در
اتیان آں تقاعد رفت یا مکروہ و
نامشروع پنداشتند الیٰ آخر الخرافات۔

بالجملہ ازہمچو دلائل کہ اسماعیلیہ
حکم ضلالت برائمہ دین

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ اتباع
جس طرح فعل میں ہونی چاہئے
یونہی ترک میں بھی ہونی چاہیئے۔
پس کوئی عمل بھلے فی نفسہٖ مستحسن ہو
لیکن اسکا کرنا، اس سرور سے
ماثور نہ ہو تو اس کا ترک امت کے حق
میں عین اتباع ہے۔ اور اس کا کرنا
سبب مؤاخذۂ خدا۔

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ
آنحضرت ﷺ نے اس فعل کو
ترک فرمایا اس پر عمل نہیں کیا پس
یہاں چند احتمالات ہیں یا کعبۂ
معظمہ یا یہ دونوں رکن زمانۂ نبوت
میں نہیں تھے یا کعبہ شریف کی محبت
بہ طورِ کمال نہیں تھی یا اس کی
مشروعیت کا علم حاصل نہ تھا۔ یا اس
عبادت کی ضرورت نہیں تھی یا کوئی
مانع موجود تھا، یا اسکی ادائیگی میں
سستی ہوئی، یا اسے مکروہ اور
ناپسندیدہ سمجھا۔ الیٰ آخر الخرافات۔

الحاصل اسی طرح کے دلائل
سے، جو اسماعیلی فرقہ ائمۂ دین پر

لازم میکنند ازیشان عجبے نیست کہ
دریں مادہ ہم بجہت عمل بہ متروک
آنحضرت وزیادت بر سنت درہیئت
کذائیہ طواف الزام تہمت ضلالت و
تجویز نسخ شریعت آنحضرت بر
ریحانتین رسول الثقلین صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وعلیہما وسلم نمودہ خون ہر دو سرداران
جوانان اہل جنان رادم الاخوین نامند۔

قولہ - درجائے دیگر ازہمیں
کتاب یعنی اخبار الاخیار در حالات
شیخ احمد مجد دشیبانی نوشتہ کہ کوزہائے
نواز شربت پر کردی و بر سر خود نہادی و
بر درخانۂ سادات رفتی و یتیماں و
فقیران ایشان را بخورانیدی واگر شخصی
راباسیدے دعویٰ وخصومت شرعی بودی
بمنت و شفاعت چناں کردی کہ سخن
سید بالا آمدی و گفتی با سادات

گمراہی کا لازماً حکم لگاتا ہے اس
سے کوئی تعجب نہیں کہ اس مادہ میں
بھی آنحضرت ﷺ کے متروک پر
عمل کرنے اور طواف کی ہیئت
کذائی میں سنت پر زیادتی کرنے
کی وجہ سے رسول انس وجاں ﷺ
کے پھولوں پر بھی ان کی شریعت
کے نسخ کی تجویز اور گمرہی کی تہمت کا
الزام رکھ کے، جوانان جنت کے ہر
دو سرداروں کے خون کو دم الاخوین
کا نام دیدے۔

قولہ - اسی کتاب یعنی اخبار
الاخیار میں دوسری جگہ شیخ احمد مجدد
شیبانی کے حالات میں لکھا ہے کہ وہ
نئے پیالے شربت سے بھر کر اپنے
سر پر رکھتے اور سادات کے گھروں
کے دروازوں پر جاتے اور ان کے
محتاجوں اور یتیموں کو پلاتے اور اگر
کسی شخص کا کسی سید پر کوئی دعویٰ یا
شرعی نزاع ہوتا تو ایسی منت و
سماجت کرتے کہ سیّد کی بات کو بالا
دستی حاصل ہوجاتی اور کہتے کہ سادات

سخن شریعت نباید کرد ایشان سخن
بمروت باید کرد انتہی ۔

اقول- حال دیانت ایں
حضرات دیدنی ست کہ عبارتے از
کتابے ذکر میکند و برائے تغلیط عوام
آنچہ مخالف ہواء خود می باشد از اوّل و
درمیان و آخر بہ تحریف حذف میکند
عبارت محدث دہلوی از حال شیخ احمد
شیبانی نقل نمودہ و در آخر آں انتہی ہم
نوشتہ حالانکہ عبارتش چنین ست۔

"وی بغایت محبت خاندان
نبوت علیہ التحیت موصوف بود بر
طریقۂ پیر خود گویند کہ در عشرۂ
عاشوراء و دوازدہ روز از اول ربیع
الاول جامۂ نوو جامۂ شستہ نہ
پوشیدے و در لیالیٔ ایں ایام جز بر
خاک نخفتے و در مقابر سادات

کے ساتھ شریعت کی نہیں مروت کی
بات کرنی چاہئے ۔انتہی ۔

اقول- ان حضرات کی
دیانتداری کا حال قابلِ دید ہے،
کوئی عبارت کسی کتاب کی ذکر کر
دیتے ہیں اور عوام کو دھوکہ دینے کے
لئے اپنے نفس کے مخالف جو بات
ہوتی ہے اسے ابتداء یا درمیان یا آخر
سے تحریف کرتے ہوئے حذف
کر دیتے ہیں حضرت محدث دہلوی
کی عبارت شیخ احمد شیبانی کے حالات
سے متعلق نقل کیا اور اس کے اخیر میں
انتہیٰ بھی لکھ دیا حالانکہ ان کی عبارت
اس طرح ہے:

اپنے پیر کی روش کے مطابق وہ
خاندانِ نبوت علیہ التحیۃ کی غایتِ
محبت سے متصف تھے۔ کہتے ہیں کہ
عشرۂ عاشوراء اور شروع ربیع الاول
سے بارہ دنوں میں نئے اور دھلے
کپڑے نہ پہنتے۔ اور ان دنوں رات
میں زمین ہی پر سوتے اور سادات

معتکف شدی و ہر روز بقدر امکان
بروح حضرت خاتم رسالت علیہ ﷺ و
بارواح خاندان مطہر توسیع طعام میکرد
و چوں روز عاشوراء شدے کوزہائے
نو از شربت پر کردی و بر سر خود نہادے
و بدر خانۂ سادات رفتے و یتیماں و
فقیراں ایشان را نجورانیدے و دراں
ایام چنداں گریستے کہ گویا آں واقعہ
درحضور او شدہ است و چون آواز نالہ و
فریاد نساء و دختران کہ در ایام عاشوراء
متعارف ایں دیار ست بگوش او
رسیدے حالت کردے و خون از چشم
باریدے اعراس صحابہ و سایر مشائخ
رضوان اللہ علیہم اجمعین آنچہ بایشان
رسیدہ بود مہما امکن ترک ندادی و
سرود را بسیار دوست داشتی و طالب
آن نبودی و رقص و تواجد نکردی و
مجلس نیز نکردی و در عموم

کے مزارات پر معتکف رہتے اور
وسعت بھر ہر دن خاتم رسالت ﷺ
اور ان کے خانوادۂ مطہرہ کے ارواح
کیلئے خوب کھانے کھلاتے اور جب
عاشوراء کا دن آتا تو نئے پیالے
شربت سے بھر کر اپنے سر پر رکھتے
اور مکاناتِ سادات کے دروازوں
پر جا کر ان کے محتاجوں اور یتیموں کو
پلاتے اور اُن ایام میں اتنا روتے
گویا وہ واقعہ انہی کی موجودگی میں
ہوا ہے۔ اس دیار میں معروف ایام
عاشوراء میں بچیوں اور عورتوں کی
نالہ و فریاد ان کے کانوں تک
پہونچتی تو انہیں حال آجاتا اور آنکھ
سے خون کی برسات ہوجاتی۔ صحابۂ
کرام و باقی مشائخ رضوان اللہ علیہم
اجمعین کے وہ اعراس جو ان تک
پہونچے تھے حتی الامکان انہیں ترک
نہ کرتے۔ اور نغمہ کو بہت پسند کرتے
اس کے طالب نہ ہوتے اور رقص
و وجد نہ کرتے مجلس بھی نہ کرتے عام

احوال جامۂ خسیس وکم کہ بغایت سفید
نباشد پوشیدے و اغلب اوقات کلاہ
فقط برسر او بودے و جز در وقت نماز
دستار بر سر کمتر نہادی از جہت غلبۂ
حرارت۔

امامی گویند کہ یک دستار بزرگ
اعلیٰ و یک پیراہن نفیس مہیا داشتی و
برائے نماز جمعہ و اعیاد پوشیدی و اگر
یکی از ابنائے دنیا آمدی نیز پوشیدے
وشیروار در مجلس نشستی و ما قال
اللّٰہ و قال الرسول بہ ہیبت
وعظمت تمام گفتی چنانچہ زہرۂ ملوک
آب شدی بمریدان خود فرمودی کہ
اہل دین را باہل دنیا خوار نباید نمود کہ
اینہا مردم ظاہر بینند وفقیران را وبعضے
مجانین کہ دراں دیار بودند بسیار
دوست داشتی ودر راہی کہ سوار
میرفت چون مجاذیب رابدیدی از
اسپ فرو آمدی ودست بستہ ایستادی
و ہر چہ ایشان فرمودندی آں کردی

حالات میں معمولی کپڑا جو زیادہ
سفید نہ ہوتا پہنتے اور بیشتر اوقات
میں ان کے سر پر صرف ٹوپی ہوتی۔
اور نماز کا وقت چھوڑ کر سر پر دستار کم
ہی رکھتے کیونکہ حرارت غالب تھی۔
لیکن لوگوں کا کہنا ہے کہ ایک اعلیٰ
بزرگ دستار اور ایک عمدہ پیرہن مہیا
رکھتے جسے نماز جمعہ اور عیدین میں
استعمال کرتے۔ اور اگر کوئی دنیادار
آجاتا تب پہن لیتے اور شیر کی طرح
مجلس میں بیٹھتے اور اللہ، رسول کی
باتیں پوری ہیبت اور عظمت کے
ساتھ یوں بیان کرتے کہ بادشاہوں
کا پتہ پانی ہوجاتا اور اپنے مریدوں
سے کہتے کہ اہل دین کو دنیاداروں
کے آگے کمتر نہیں دکھانا چاہئے
دیوانوں کو بہت محبوب رکھتے۔ سواری
پر چلتے ہوئے راہ میں جب مجذوبوں
سے ملاقات ہوجاتی تو گھوڑے سے
اتر کر دست بستہ کھڑے ہوجاتے اور
جس چیز کا یہ لوگ حکم کرتے بجالاتے

واگر کسی پیش او ذکر غائبے باسخن لایعنی
کردی گفتی بابو خاموش باش و اگر
کسے نام او بتعظیم گرفتی چنانچہ رسم
مریدان باشد چشم پرآب کردی و گفتی
احمد نمودی زیانکار و ہمچنیں نقلست کہ
خواجہ حسین را قدس سرہٗ نیز خوش
نیامدی کہ کسی تعظیم او کردی و گفتی بلا
حسین رانگ ورانگ کمینہ کسی را گویند
کہ کمترین کسان باشد رحمۃ اللہ علیہم۔
واگر کسی پیش او آمدہ گفتی کہ من
حضرت ﷺ در خواب دیدہ ام
باادب نشستی و تمام قصۂ رؤیارا
بشنودی ودست وپائے او را ببوسیدی
و داماں و آستین اورا بروئے خود فرو
مالیدے برجائے کہ آں شخص میگفت
کہ در فلان جادیدہ ام آنجا

اور اگر کوئی ان کے روبرو کسی غائب
کا لایعنی باتوں کے ساتھ تذکرہ کرتا
تو کہتے بابو! خاموش رہو۔ اور
اگر کوئی ان کا نام مریدوں کے دستور
کے مطابق تعظیم سے لیتا تو ان کی
آنکھیں ڈبڈبا جاتیں اور بولتے کہ
احمد کو تم نے برباد کردیا۔
یونہی منقول ہے کہ خواجہ حسین
قدس سرہٗ کو بھی یہ اچھا نہیں لگتا تھا کہ
کوئی ان کی تعظیم کرے وہ کہتے تھے
"بلا حسین رانگ رانگ کمینہ اسے
کہتے ہیں جو لوگوں میں سب سے کم
درجہ کا ہو رحمۃ اللہ علیہم۔
اور اگر کوئی ان کے سامنے آکر
کہتا کہ میں نے حضرت رسالت
ﷺ کو خواب میں دیکھا ہے تو باادب
بیٹھ جاتے اور خواب کا پورا ماجرا سنتے
اور اس کے ہاتھ پاؤں کو بوسہ دیتے
اور اس کے دامن اور آستین کو چہرے
پر خوب ملتے وہ شخص جب بتاتا کہ
میں نے فلاں جگہ دیکھا ہے تو وہاں

رفتی و بوسہ وادی وگرد آں جائے را
برروئے وموئے خود مالیدہ واگر سنگ
بودی آں سنگ را بشستی وآں آب را
بخوردی وبرتن و بر جامہ چون گلاب
پاشیدی واگر شخصی را با سیدے دعویٰ و
خصومت شرعی بودی منت وشفاعت
چناں کردی کہ سخن سید بالا آمدی وگفتی
کہ باسادات سخن شریعت نباید کرد با
ایشان سخن بمروّت باید کرد الیٰ آخرہٖ۔

حالا از صاحب رسالہ استفسار دو
امری رود یکی آنکہ برائے تائید کلام
خود حوالہ کتابی درامرے نمودن واز ما
سبق و ما لحق بہ تصرف وتحریف چشم
پوشیدن داخل خیانت ست یانہ۔

دیگر آنکہ قطع نظر از آنکہ در اخبار
الاخیار مناقب حضرت شیخ احمد شیبانی
ذکر فرمودہ است صاحب رسالہ

جاتے اور اس جگہ کو چومتے وہاں کی
گرد چہرے اور بالوں پر ملتے اور اگر
وہاں پتھر ہوتا تو اسے دھو کر اس کا
پانی پی جاتے اور بدن اور کپڑوں پر
گلاب کی طرح چھڑکتے اور اگر کسی
شخص کا کسی سید پر کوئی دعویٰ ہوتا یا
شرعی خصومت ہوتی تو ایسی منت
سماجت کرتے کہ سید کی بات اوپر ہو
جاتی اور کہتے کہ سیدوں کے ساتھ
شریعت کی نہیں مروت کی بات کرنی
چاہئے الخ۔

اب صاحب رسالہ سے
دو باتیں دریافت طلب ہیں۔ نمبر
ایک یہ کہ اپنے کلام کی تائید کیلئے کسی
معاملہ میں کسی کتاب کا حوالہ دینا اور
سیاق وسباق سے بطور تصرف وتحریف
آنکھیں بند کر لینا خیانت میں داخل
ہے یا نہیں؟

نمبر دو اس سے قطع نظر کہ اخبار الاخیار
میں حضرت شیخ احمد شیبانی کے
مناقب مذکور ہیں۔صاحب رسالہ کا

خود ادعاء حصر استناد خود بعلماء ومشائخ
معتمدین امت نمودہ است بریں
تقدیر تشنیعات وتعریضات او درحق
مجوزین وعاملین مولد ہمہ برباد شدند
کہ حال مستندین ومعتمدین او ایں
چناں ست فافھم ولا تتکلم۔

قولہ- نفس قیام برائے تعظیم
مطابق بیان شرعی علی الاطلاق مکروہ
است الخ۔

اقول- ایں ادعائے ست
مخالف تحقیق ائمہ محققین وتصریح
جمہور علماء دین اگر تحقیقات آنحضرات
را دریں جا بالاستیعاب قصد نمودہ آید
کتابی ضخیم گردد لہذا نظر بر اختصار
چیزے از علماء مشہورین معتمدین
صاحب رسالہ وامثالش ذکر می کنم
در درمختار گفتہ وفی الوھبانیۃ
یجوز بل یندب القیام
تعظیما للقادم

خود یہ دعویٰ ہے کہ اس نے امت
کے قابل اعتماد علماء مشائخ ہی سے
استناد کیا ہے اس تقدیر، عمل میلاد کو
جائز قرار دینے والوں، اسے کرنے
والوں کے حق میں اسکی ساری
تعریضات وتشنیعات برباد ہوگئیں
کیوں کہ اسکے معتمدین ومستندین کا
حال ایسا ہے، بس سمجھو بولو مت۔

قولہ: شرعی بیان کے مطابق
نفس قیام تعظیمی علی الاطلاق مکروہ۔

اقول - آئمہ محققین کی تحقیق
اور جمہور علماء دین کی تصریح کے
خلاف یہ محض ایک دعویٰ ہے۔ اگر ان
حضرات کی تمام تحقیقات کا قصد کیا
جائے تو ایک ضخیم کتاب تیار ہو جائیگی۔
اس لئے اختصار کے مدنظر صاحب
رسالہ کے معتمد کچھ مشہور علماء اور
ان کے امثال کا تذکرہ کر رہا ہوں
۔ درمختار میں کہا ہے۔ وہبانیہ میں
ہے آنے والے کیلئے قیام تعظیمی نہ
صرف جائز بلکہ مستحب ہے۔ ویسے

کما یجوز القیام ولو للقاری
بین یدی العالم الخ۔
شامی درحاشیہ نوشتہ ای انکان
ممن یستحق التعظیم وقال
فی الغنیۃ قیام الجالس فی
المسجد لمن دخل علیہ
تعظیما وقیام قاری القرآن
لمن یجئی تعظیما لا یکرہ اذا
کان لمن یستحق التعظیم وفی
مشکل الآثار القیام لغیرہ لیس
بمکروہ بعینہ انما المکروہ
محبۃ القیام لمن قام لہ الخ۔
درشرح منیہ گفتہ لا یکرہ
قیام القاری للقادم تعظیما اذا
کان مستحقا للتعظیم الخ
وہمچنان است در قاضی خان و
عالمگیری وغیرہ۔
ودرلمعات بعد ذکر اقوال گفتہ
والصحیح ان احترام اھل
الفضل من اھل العلم و
الصلاح و الشرف بالقیام

ہی جیسے عالم کے روبرو کھڑا ہو جائز
ہے چاہے قیام کرنے والا قرأت ہی
کیوں نہ کر رہا ہو۔
شامی نے حاشیہ میں لکھا ہے
۔یعنی اگر آنے والا تعظیم کا مستحق ہو
اور غنیۃ میں کہا ہے کہ مسجد میں بیٹھے
شخص کا اور قرآن کی تلاوت کرنے
والے کا، اپنے پاس آنے والے
کیلئے تعظیماً قیام کرنا مکروہ نہیں تب
جب آنے والا تعظیم کا حقدار ہو۔
مشکل الآثار میں ہے غیر کے
لئے قیام مکروہ لذاتہ نہیں ہے مکروہ
اُس شخص کا قیام پسند کرنا ہے جس
کے لئے قیام کیا گیا ہے۔
شرح منیہ میں کہا ہے قاری کا
آنے والے کی خاطر قیام تعظیمی
مکروہ نہیں جبکہ آنے والا تعظیم
کا حقدار ہو الخ۔قاضی خان۔
عالمگیری وغیرہ میں یونہی ہے۔
لمعات میں اقوال کا تذکرہ
کرنے کے بعد کہا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ
فضل،علم صلاح اور شرف والوں کے

جائز الخ۔
واگر بریں ہمہ تسلی نیاید تا بہ بیند کہ
قطب اسماعیلیہ در مظاہر حق نوشتہ
"وقت تلاوت کے تعظیم کسی کی
نکرے مگر عالم باعمل اور استاد
ووالدین کے لئے قیام وتعظیم جائز
ہے" الخ۔
قولہ-فقال لا تقوموا
کما یقوم الاعاجم الخ۔
اقول- اولاً ارباب تحقیق
درمیان احادیث شریفہ تطبیق فرمودہ
تصریح نمودہ اند کہ ازیں احادیث نہی
عام علی الاطلاق از قیام اکرام ثابت
نمی تواند شد واگر صاحب رسالہ را
بران اعتماد نیاید تا بہ بیند کہ شاہ ولی اللہ
دہلوی در حجت بالغہ بعد ذکر ورود
احادیث مختلفہ نوشتہ وعندی لا
اختلاف فیھا فی الحقیقۃ
فان المعانی التی یدور علیھا
الامر و النھی مختلفۃ فان

لئے تعظیم بہ ذریعۂ قیام جائز ہے الخ۔
اور اگر ان تمام باتوں سے تسلی
نہ ہو تو دیکھے کہ مظاہر حق میں قطب
اسماعیلیہ نے کیا لکھا ہے" وقت
تلاوت کے تعظیم کسی کی نہ کرے مگر
عالم باعمل اور استاد و والدین کے
لئے قیام و تعظیم جائز ہے"
قولہ-فرمایا عجمیوں کی طرح
قیام نہ کرو۔الخ
اقول-اولاً ارباب تحقیق
نے احادیث شریفہ میں تطبیق دیکر
صراحت کی ہے کہ ان احادیث سے
علی الاطلاق قیام تعظیمی سے نہی
ثابت نہیں ہو سکتی اگر صاحبِ رسالہ
کو بھروسہ نہ ہو تو دیکھ لے، شاہ ولی
اللہ دہلوی نے حجت بالغہ میں باہم
مختلف احادیث کے تذکرہ کے بعد
لکھا ہے۔
میرے نزدیک درحقیقت کوئی
اختلاف نہیں کیونکہ جن معانی پر امر و
نہی دائر ہیں وہ مختلف ہیں۔کیونکہ

العجم كان من امرهم ان يقوم الخدم بين ايدى سادتهم وهو من افراطهم فى التعظيم حتىٰ كاد يتحاتم الشرك فنهىٰ عنه والىٰ هذا وقعت الاشارة فى قوله عليه الصلوٰة والسلام كما يقوم الاعاجم۔ الخ۔

وثانیا عامۂ طائفہ کہ تحسین وتصحیح ائمہ فن را بادنی کلام کسی معتبر نمی دارند پس احتجاج باین چگونہ جائز صحیح می شمارند۔

برحاشیہ نسخہ سنن ابو داؤد مطبوعہ دہلی کہ باہتمام کبراء اسماعیلیہ مطبوع گردیدہ است از مرقاۃ الصعود آوردہ قال الطبرانی هذا الحديث ضعيف مضطرب السند فيه من لا يعرف۔

قولہٗ-عن انس لم يكن شخص احب اليهم من رسول الله صلى الله عليه وسلم

عجمیوں کا دستور یہ تھا کہ خدام اپنے مالکوں کے سامنے کھڑے رہا کرتے تھے، تعظیم میں ان کا یہ افراط تھا قریب تھا کہ شرک کو مضبوطی ملتی تو اس سے نہی فرمادی اور اسی کی طرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قول کما یقوم الاعاجم میں اشارہ ہے۔

ثانیاً جب اس گروہ کے عام لوگ ائمۂ دین کی تحسین وتصحیح کو کسی کے معمولی کلام سے معتبر نہیں سمجھتے پھر اسطرح کی روایت سے کس طرح وہ استدلال درست سمجھتے ہیں۔ کبراء اسماعیلیہ کے زیر اہتمام دہلی میں مطبوعہ نسخۂ سنن ابوداؤد کے حاشیہ پر مرقاۃ الصعود سے منقول ہے "طبرانی نے کہا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔ مضطرب السند ہے اسکی سند میں کچھ مجہول روای ہیں"

قولہٗ-حضرت انس سے مروی ہے کہ صحابہ کی نظر میں رسول اللہ ﷺ سے محبوب کوئی شخص نہیں تھا

وكانو اذا رأوه لم يقوموا لما يعلمون من كراهته الخ۔

اقول-اولاً کہ دریں روایت نفی قیام مقید بوقت رویت ست پس مثبت ادعاء اطلاق نیست دوم ایں قضیہ مہملہ ست ومہملہ در قوت جزئیہ پس ادعاء کلیت وعموم ازاں کے ثابت خواہد بود ازہمیں جاست کہ حجۃ الاسلام مستند صاحب رسالہ گفتہ۔

بل كان الصحابة لا يقومون لرسول الله ﷺ فى بعض الاحوال كما رواه انس رضى الله عنه ولكن اذا لم يثبت فيه نهى عام فلا نرى به بأسا فى البلاد التى جرت به العادة فيها باكرام الداخل بالقيام الىٰ آخره۔

امالفظ کراہت پس در لمعات گفتہ

اور وہ لوگ جب انہیں دیکھتے تو کھڑے نہیں ہوتے کیونکہ انہیں معلوم تھا کہ سرکار کو یہ پسند نہیں۔

اقول-اولاً اس روایت میں مقید بقیدِ وقت دیدار قیام کی نفی ہے اسلئے اطلاق کا دعویٰ اس سے ثابت نہ ہوگا۔ ثانیاً یہ قضیہ مہملہ ہے اور مہملہ جزئیہ کی قوت میں ہوتا ہے پس اس سے کلیت اور عموم کا دعویٰ کب ثابت ہوگا؟ اسی بنا پر صاحب رسالہ کے مستند حجۃ الاسلام نے فرمایا ہے:

بلکہ صحابہ بعض حالات میں رسول اکرم ﷺ کیلئے کھڑے نہیں ہوتے تھے جیسا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے۔ لیکن اس سلسلہ میں جب عام نہی ثابت نہیں ہے۔ اسلئے آنے والے کے لئے بذریعۂ قیام اکرام کا جن ممالک میں رواج ہے اس میں ہم کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ الخ۔

رہ گئی بات لفظِ کراہت کی پس لمعات میں کہا ہے کہ

والکراهة انما کانت
لـلتکلف ولم یکن
معتاداً الخ۔

قولہ۔ من گفتم کہ احادیث
جواز قیام خود ثابت نیست الخ۔

اقول۔ کسیکہ مطالعہ کتب ائمہٴ
دین نمودہ است کذب ایں قول
بروے اظہر من الشمس بودہ است
دریں جا عباراتے چند باید شنید۔
قاضی عیاض علیہ الرحمہ در شفا
آوردہ و عن عمر وبن السائب
ان رسول اللہ ﷺ کان
جالسا یوما فاقبل ابوہ من
الرضاعة فوضع لہ بعض
ثوبه فقعد علیه ثم اقبلت امه
فوضع لها ثوبه من جانبه
الآخر فجلست علیه ثم اقبل
اخوه من الرضاعة فقام
رسول اللہ ﷺ فاجلسه
بین یدیه الحدیث۔

کراہت تکلف کی بنا پر تھا۔ اور قیام کا
رواج نہیں تھا۔

قولہ۔ میں نے کہا کہ جواز
قیام کی حدیثیں خود ثابت نہیں ہیں
الخ۔

اقول۔ جس نے بھی ائمہٴ
دین کی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے اس
پر اس بات کا جھوٹ اظہر من الشمس
ہے۔ یہاں چند عبارتیں سننی چاہئے
قاضی عیاض علیہ الرحمہ نے شفاء
میں نقل فرمایا ہے عمر و ابن سائب
سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ
ایک دن بیٹھے تھے کہ ان کے پدر
رضاعی کی آمد ہوئی سرکار نے اپنے
کپڑے کا ایک حصہ ان کے لئے
بچھا دیا جس پر وہ بیٹھے پھر ان کی
رضاعی ماں تشریف لائیں تو دوسرا
حصہ بھی بچھا دیا جس پر وہ بیٹھیں پھر
ان کے رضاعی بھائی آئے تو سرکار
ان کی خاطر کھڑے ہو گئے اور انہیں
اپنے روبرو بٹھایا۔ الحدیث۔

علامہ خفاجی در شرح گفتہ و
فیه دلیل علی انه یجوز
القیام تعظیما لمن یستحق
التعظیم خلافا لمن قال انه
مکروہ الخ۔

ونیز علامہ خفاجی در شرح شفا
فرمودہ وکان صلی اللہ یکرم
من یدخل علیه بالقیام
ویلاطفه الخ۔

امام نووی در اذکار بعد بیان
استحباب قیام برائے اکرام نوشتہ و
علی هذا الذی اخترناہ
استمر السلف والخلف وقد
جمعت فی ذلك جزءً و ذکرت
فیه الاحادیث والآثار و
اقوال السلف وافعالهم الدالة
علی ما ذکرته الخ۔

حالاً میگویم کہ ائمہٴ محققین مستندین
صاحب رسالہ تصریح فرمودہ اند کہ احادیث
در نہی صریح قیام ثابت وصحیح نیست۔

در لمعات فرمودہ قال الشیخ
محی الدین النووی القیام

علامہ خفاجی نے شرح میں تحریر
فرمایا: ''اور اس میں اس بات پر
دلیل ہے کہ مستحق تعظیم کے لئے
قیام تعظیمی جائز ہے اس کے خلاف
جس نے اسے مکروہ کہا۔ الخ۔

امام نووی نے اذکار میں قیام
تعظیمی کا بیان کرنے کے بعد فرمایا:
''ہمارے اسی مسلک مختار پر
سلف و خلف کا عمل رہا ہے اور اس
سلسلہ میں میں نے ایک جزء جمع کیا
ہے جس میں میں نے اُن احادیث
و آثار، اور سلف کے اقوال وافعال کا
تذکرہ کیا ہے جو ہماری ذکر کردہ
باتوں پر دلالت کرتی ہیں۔ الخ

اب میں کہتا ہوں کہ صاحب
رسالہ کے مستند محققین نے صراحت
کی ہے کہ قیام کی صریح نہی کی
حدیثیں ثابت اور صحیح نہیں۔ لمعات
میں فرمایا ہے۔

شیخ محی الدین نووی نے کہا
ہے کہ اہل فضل کی آمد پر قیام مستحب

للقادم من اهل الفضل
مستحب و قد جاءت فيه
احاديث ولم يصح فى النهى
عنه شئى صريح الىٰ آخره ۔

قولہ- در عہد حیات وحضور
آں علیہ السلام از اصحاب قیام برائے
تعظیم ثابت نیست الخ۔

اقول- ایں ادعاء صحیح نیست
ایک محققین قیام در عہد حیات وحضور
آن سرور علیہ السلام ثابت فرمودہ اند
علامہ خفاجی در شرح شفا فرمودہ
اما القيام للعلماء و الصلحاء
فيستحب وكان النبى ﷺ اذا
جاء قام له الصحابة الخ وحق ہمیں
ست کہ قیام در عہد وزمان نبوت اقتران
بود اما تکلف واعتیاد بداں مروج نہ بود۔
درلمعات گفتہ والحق ان
القيام عند الدخول كان واقعا فى
زمنه ﷺ والكراهة انما كانت
للتكلف ولم يكن معتاداً الخ ۔

ہے اس سلسلہ میں احادیث وارد
ہیں ۔ اور نہی کے بارے میں کوئی
حدیث صریح صحیح نہیں الخ

قولہ- سرکار کی حیات اور
موجودگی میں اصحاب سے قیام
تعظیمی ثابت نہیں الخ۔

اقول- یہ دعویٰ صحیح نہیں
محققین نے سید عالم ﷺ کی حیات
میں ان کے سامنے قیام ثابت فرمایا
ہے ۔ علامہ خفاجی نے شرح شفا
میں فرمایا ہے۔ علماء اور صالحین کے
لئے قیام مستحب ہے۔ نبی ﷺ جب
آتے تو صحابۂ کرام ان کے لئے اٹھ
کھڑے ہوتے اور حق یہی ہے کہ
قیام عہد نبوت میں تھا، لیکن تکلف
اور عام رواج نہ تھا الخ۔
لمعات میں کہا ہے کہ حق یہ ہے
کہ بوقت آمد قیام حضور ﷺ کے
زمانہ میں تھا کراہت بوجہ تکلف تھی
اور اس کا رواج نہیں تھا۔ الخ۔

قولہ- تعظیم کسی بدون مشاہدہ
او دیوانگی بحت ست الخ۔

اقول- ائمۂ دین تصریح
فرمودہ اند کہ تعظیم آنحضرت ﷺ
وقت حکایت ذکر شریف مانند تعظیم
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم است در
حالت حضور پر نور پس برائے ابطال
تعظیم جناب رسول کریم ﷺ مشاہدہ
را شرط تعظیم قرار دادن و تعظیم بے
مشاہدہ را دیوانگی بحت نام نہادن الحاد
محض ست۔
امام ابوالفضل قاضی عیاض علیہ
الرحمہ در شفا فرمودہ و اعلم ان
حرمته ﷺ بعد موته و
توقيره و تعظيمه لازم كما كان
حال حياته وذلك عند ذكره
وذكر حديثه الىٰ آخره۔
ونیز در شفا فرمودہ قال
مطرف كان اذا اتى الناس
مالكا خرجت اليهم الجارية
فتقول لهم يقول لكم الشيخ

قولہ- کسی کی تعظیم بغیر اسے
دیکھے نرا پاگلپن ہے۔ الخ۔

اقول- ائمۂ دین نے
صراحت کی ہے کہ آنحضرت ﷺ
کے ذکر شریف کی حکایت کے وقت
ان کی تعظیم ویسی ہی ہے جیسے ان کی
پرنور موجودگی میں ۔ اسلئے جناب
رسول کریم ﷺ کی تعظیم باطل قرار
دینے کے لئے مشاہدہ کو شرط تعظیم
قرار دینا اور بے مشاہدہ تعظیم کا نام
خالص دیوانگی رکھنا نرا الحاد ہے۔
امام ابو الفضل قاضی عیاض
علیہ الرحمہ نے شفاء شریف میں فرمایا
ہے کہ تم جان لو کہ حضور ﷺ کے
وصال کے بعد اُن کے اور ان کی
حدیث کے تذکرہ کے وقت ان کا
احترام ان کی تعظیم وتوقیر ویسی ہی
ضروری ہے جیسی ان کی حیات میں۔
مطرف نے کہا کہ جب لوگ
امام مالک کے پاس علم حاصل
کرنے آتے تو ایک کنیز آکر پوچھتی

تریدون الحدیث او المسائل
فان قالوا المسائل خرج
علیهم بسرعة وان قالوا الحدیث
دخل مغتسله و اغتسل
وتطیب ولبس ثیابا جُدُداً او
لبس ساجه وتعمم ووضع
علی رأسه رداء ه وتلقی له
منصة فیخرج للناس ویجلس
علیها و علیه الخشوع ولا
یزال یتبخر بالعود حتیٰ
یفرغ من حدیث رسول الله
صلی الله علیه وسلم الیٰ
آخره۔

علامہ خفاجی در شرح فرمودہ
"فجعل مجلس حدیثه
کمجلسه حیاً" الیٰ آخره۔

ونیز در شفا آوردہ "ولما
کثر علیٰ مالك الناس

کہ شیخ تم سے دریافت کررہے ہیں
کہ تم حدیث سیکھنے آئے ہو یا مسائل
اگر وہ لوگ جواب دیتے کہ مسائل تو
آپ علی الفور تشریف لے آتے اور
اگر کہتے کہ حدیث تو غسل خانہ جا کر
غسل کرتے، خوشبو لگاتے، نئے
کپڑے پہنتے طیلسان اوڑھتے،
عمامہ باندھتے چادر سر مبارک پر
رکھتے اور ان کے لئے تخت عروس
کیطرح ایک تخت بچھایا جاتا تب
باہر لوگوں کے پاس آتے اور انتہائی
خشوع کے ساتھ اس پر تشریف
رکھتے اور رسول اللہ ﷺ کی حدیث
سے فارغ ہونے تک اگر بتی
سلگائے رکھتے۔ الخ

علامہ خفاجی نے شرح میں
فرمایا۔ کہ انہوں نے مجلس حدیث
کو سرکار کی حیاتِ ظاہری والی مجلس
جیسا قرار دیا ہے۔ الخ۔

نیز شفاء میں منقول ہے۔ اور
جب امام مالک کے پاس لوگوں کی
کثرت ہوئی تو ان کو مشورہ دیا گیا

قیل لو جعلت مستملیا
یسمعهم فقال قال الله تعالیٰ
یایها الذین اٰمنوا لا ترفعوا
اصواتکم الآیة ۔ وحرمته حیاً
و میتاً سواء الخ ۔ علامہ خفاجی در
شرح فرمودہ "فقاس منع رفع
الصوت فی مجلس قرأة
الحدیث علی منعه فی مجلسه
حال حیاته الخ ۔

ونیز در شفا آوردہ "قال ابو
ابراهیم التجیبی واجب علیٰ
کل مؤمن متیٰ ذکره صلی الله
علیه وسلم وسلم او ذکر
عنده ان یخضع و یخشع و
یسکن من حرکته و یا خذ فی
هیبته و اجلاله لما کان یا
خذبه نفسه لوکان بین یدیه
صلی الله علیه وسلم الخ۔

علامہ خفاجی در شرح گفته

کہ کاش آپ کوئی املا کرانے والا
مقرر کردیتے جو ان کو سنا دیتا تو
انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد
ہے اے ایمان والو اپنی آواز بلند نہ
کرو۔ الآیۃ ۔ حالت حیات وموت
میں ان کا احترام یکساں ہے۔ الخ
علامہ خفاجی نے شرح میں فرمایا ہے
کہ انہوں نے قرأۃ حدیث کی مجلس
میں آواز بلند کرنے کی ممانعت
کا قیاس سرکار کی حالت حیات والی
مجلس میں آواز بلند کرنے کی
ممانعت پر کیا، الخ۔

اور نیز شفامیں میں منقول ہے:
"حضرت ابو ابراہیم تجیبی نے
فرمایا کہ جب مومن حضور صلی اللہ
علیہ وسلم کا خود تذکرہ کرے یا اس
کے پاس اُن کا تذکرہ ہو تو اس پر
فرض ہے کہ وہ خشوع وخضوع کا
مظاہرہ کرے، پرسکون ہو جائے،
اور اپنے اوپر ہیبت و اجلال یوں
طاری کرے گویا وہ ان کے روبرو
ہے۔ الخ

علامہ خفاجی نے شرح میں فرمایا:

"فیفرض ذلك و یلاحظه و یتمثله فکانه عنده" الخ۔

بالجملۃ تعظیم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم را بخیال وتصور حاضریٔ خود در حضور وقت حکایت ذکر شریف در مجلس منیف بے مشاہدہ دیوانگی گفتن و مشاہدہ را شرط تعظیم گردانیدن ضلالت است۔

قولہٗ- از خصائص حضرت رسول و جناب بتول ست الیٰ قولہ اظہار محبت نمودن بود الخ۔

اقول- ادعائے جزم تخصیص بے نقل از ائمۂ دین و بے اقامت دلیل قابل ذکر نیست و مراد نبودن اجلال در قیام جناب سیدہ محل کلام ست در مظاہر حق بذیل ایں قیام آوردہ۔

"اور اسمیں یہ تاویل کرنی کہ وہ قیام محبت و اقبال کا تھانہ قیام تعظیم و اجلال یہ خالی بعد سے نہیں اور طیبی نے بھی محی السنۃ سے نقل کیا ہی کہ

یہ مان لے کہ وہ ان کے سامنے ہے ،انھیں ملاحظہ کر رہا ہے اور یوں تصور کرے کہ وہ ان کی بارگاہ میں ہے۔

الحاصل ، باعظمت محفل میں ، ذکر شریف کی حکایت کے وقت ، بارگاہ میں حاضری کا خیال اور تصور کر کے بلا دیکھے آنحضرت ﷺ کی تعظیم کو دیوانگی کہنا اور مشاہدہ کو شرط تعظیم قرار دینا گمراہی ہے۔

قولہٗ- سیدہ فاطمہ کے لئے حضور کا قیام یہ حضرت رسول و جناب فاطمہ بتول کی خصوصیت اور اظہار محبت کی خاطر ہے۔

اقول- ائمۂ دین سے نقل اور اقامتِ دلیل کے بغیر تخصیص کا یقینی دعویٰ ناقابلِ ذکر ہے۔ اور جناب سیدہ کے قیام میں تعظیم کی نفی محل کلام ہے ۔مظاہر حق میں اس قیام کے ضمن میں نقل کیا ہے۔

"اور اس میں یہ تاویل کرنی کہ وہ قیام محبت واقبال کا تھا ، نہ قیام تعظیم و اجلال یہ خالی بُعد سے نہیں اور طیبی نے بھی محی السنہ سے نقل کیا ہے کہ:

اجماع کیا ہے جمہور علماء نے ساتھ اس حدیث کے اوپر اکرام اہل فضل کے یعنی علماء و صلحاء کے اور امام محی الدین نووی نے کہا کہ یہ قیام اہل فضل کے لئے بیچ وقت آنے کی مستحب ہی اور حدیثین اس باب میں وارد ہوئی ہے اور بیچ نہی اس کی صریحا کچھ صحیح نہیں ہوئی الخ۔

قولہٗ- مقصود آنحضرت اعانت سعد بود در نزول حمار بسبب مجروح بودن الخ۔

اقول- اگرچہ بعض علماء حمل حدیث بریں احتمال ابعد نمودہ اندا ما مخالف جماہیر محققین ومخالف ظاہر احادیث است کہ بریں تقدیر حکم بہ یک دو کس کفایت می فرمود کہ "انزل سعداً" حالانکہ خطاب عام بلفظ جمع فرمودند" قوموا الیٰ سیدکم -از ہمیں جا است کہ اجلۂ محققین از فقہاء و محدثین احتجاج بایں حدیث برائے استحباب و مشروعیت قیام اکرام برائے

"اجماع کیا ہے جمہور علماء نے ساتھ اس حدیث کے اوپر اکرام اہل فضل کے یعنی علماء وصلحاء کے اور امام محی الدین نووی نے کہا ہیکہ یہ قیام اہل فضل کیلئے بیچ وقت آنے کے مستحب ہے اور حدیثیں اس باب میں وارد ہوئی ہیں اور بیچ نہیں اس کی صریحاً کچھ صحیح نہیں ہوا۔ الخ"

قولہٗ- حضرت سعد کے زخمی ہونے کے سبب آنحضرت کا مقصد انہیں دراز گوش سے اتارنے میں مدد کرنا تھا۔ الخ۔

اقول- اگرچہ بعض علماء نے اسی بعید ترین احتمال پر حدیث کو محمول کیا ہے لیکن یہ ظاہر احادیث اور جمہور محققین کے خلاف ہے۔ کہ اس تقدیر پر ایک دو افراد کو یہ حکم دنیا کافی تھا۔ کہ حضرت سعد کو اتارلو۔ حالانکہ لفظ جمع کے ساتھ عام خطاب فرمایا کہ "قوموا الیٰ سیدکم" اسی وجہ سے اہل فضل کے لئے قیام تعظیمی کے جواز واستحباب پر

اہل فضل فرمودہ اند مانند امام نووی و امام بخاری وامام مسلم وغیرہم۔

پس نزاع یک دو کس از علماء دراں قابل التفات نیست۔

علامہ خفاجی درشرح شفافرمودہ

"و حمل حدیث سعد علیٰ انه کان مریضا وقد م راکبا فامر هم صلی الله علیه وسلم بالقیام لیعینوه فی النزول عن دابته خلاف الظاهر الیٰ آخره"۔

در حاشیہ صحیح بخاری کہ باہتمام مولوی احمد علی در دہلی مطبوع شدہ بذیل حدیث مذکورآوردہ۔

"فیه استحباب القیام للسادات کذا فی الکرمانی قال فی المجمع احتج به الجماهیر لاکرام اهل الفضل بالقیام اذا اقبلوا

اسی حدیث سے جلیل الشان محققین فقہاء ومحدثین نے استدلال کیا ہے۔ جیسے امام نووی، امام بخاری امام مسلم وغیرہم۔ اس لئے ایک دو عالم کا اس بارے میں اختلاف نا قابل التفات ہے۔

علامہ خفاجی نے شرح شفاء میں فرمایا ہے۔ "حضرت سعد کی حدیث کو اس بات پر محمول کرنا کہ وہ بیمار تھے، سوار ہو کر آئے تھے اور سرکار نے صحابہ کو قیام کا حکم اسلئے دیا تھا کہ سواری سے اتارنے میں وہ ان کی مدد کریں خلافِ ظاہر ہے الخ۔

مولوی احمد علی کے زیر اہتمام، دہلی میں چھپی صحیح بخاری کے حاشیہ میں مذکور ہے کہ

"اس میں بزرگوں کے لئے قیام کا استحباب ہے۔ کرمانی میں ایسا ہی ہے مجمع میں کہا کہ اہل فضل کی آمد پر بذریعۂ قیام ان کی تعظیم کیلئے اسی حدیث سے جمہور نے استدلال کیا

و اما القیام المنهی عنه فانما هو فیمن یقومون علیه وهو جالس طول جلوسه انتهی مختصرا" الخ۔

و در حاشیہ نسخہ سنن ابو داؤد کہ باہتمام مولوی نوازش علی اسماعیلی مطبوع شدہ از فتح الودود آوردہ قولہ

قوموا الیٰ سید کم احتج به المصنف والبخاری ومسلم علی مشروعیة القیام قال مسلم لا اعلم فی قیام الرجل للرجل حدیثا اصح من هذا ونازعه فیه طائفة منهم ابن الحاج الی آخره۔

قولہ- طرفہ آنست جماعتی از مجوزین عمل مولد بہ منع قائل اند الیٰ قولہ این مقابلہ خانہ جنگی ست کہ کفی الله المؤمنین القتال الخ۔

ہے ممنوع قیام یہ ہے کہ لوگ کسی کے لئے کھڑے رہیں اور وہ طویل وقفہ تک بیٹھا رہے۔ انتہی مختصرا۔

سنن ابوداؤد کے اُس نسخہ کے حاشیہ پر فتح الودود سے منقول ہے جو نسخہ مولوی نوازش علی اسماعیلی کے اہتمام میں چھپا ہے۔ "رسول اللہ ﷺ کے قول "قوموا الیٰ سیدکم" سے مصنف، امام بخاری اور امام مسلم نے قیام کے جواز پر استدلال کیا ہے۔ امام مسلم نے فرمایا کہ ایک شخص کا دوسرے شخص کے لئے قیام کے بارے میں اس سے صحیح ترین حدیث میرے علم میں نہیں۔ اس سلسلہ میں ایک گروہ کا اختلاف ہے جس میں ابن الحاج بھی ہیں۔ الخ۔

قولہ- طرفہ یہ کہ عمل میلاد کو جائز قرار دینے والوں کی ایک جماعت نے بھی قیام کی ممانعت کا قول کیا ہے۔ الیٰ قولہ- یہ مقابلہ خانہ جنگی ہے کہ کفی اللّٰہ المؤمنین القتال الخ۔

اقول- این چه اظهار سفاهت
ست که از غیظ و غضب مغلوب شیطان
گردیده بار بار بضلالت و تکفیر اکابر
دین که مجوزین این عمل اند اشعار می
نماید واز خدائے تعالیٰ خوفش نمے آید
وقطع نظر ازاں میگویم که منع قیام از
ائمه وعلماء مشهورین به نقل صحیح باثبات نر
سانیده ناحق روئ کاغذ سیاه گردانیده
اما آنچه نوشته که در کتاب باران رحمت
ست که ابن حجر مکی در فتاویٰ و شیخ
نور الدین در حاشیۂ مواهیب بدعت
ولا اصل'' نوشته اند پس اول تصحیح نقل
ضرورست و ثانیاً بر تقدیر صحت نقل
از قول ابن حجر مکی و شیخ نور الدین
وهمچناں از قول صاحب سیرت شامی
حکم ضلالت مجوزین آں

اقول- کیسا اظہار ہے
حماقت کا ؟ کہ غیظ وغضب میں
شیطان کا مغلوب ہو کر اس عمل کو
جائز قرار دینے والے اکابر دین کی
تکفیر وضلالت کی جانب بار بار
اشارہ کرتا ہے اور خدائے تعالیٰ کا
اسے خوف نہیں ہوتا۔

اس سے قطع نظر میرا کہنا ہے
کہ قیام کی ممانعت، مشہور علماء اور
ائمہ سے نقل صحیح ثابت نہ کر کے اس
نے ناحق کاغذ کا چہرہ سیاہ کیا ہے۔

رہ گئی وہ بات جو اس نے لکھی
کہ ''باران رحمت میں ہے کہ ابن
حجر مکّی نے اپنے فتاویٰ میں اور شیخ
نور الدین نے مواہب کے حاشیہ میں'
لکھا ہے کہ ''وہ بدعت ہے اور اس کی
اصل نہیں''، پس اولاً تصحیح نقل ضروری
ہے۔ثانیاً صحت نقل کی تقدیر پر ابن
حجر مکی، شیخ نور الدین اور یونہی صاحب
سیرت شامی کے قول سے عمل میلاد
کو جائز قرار دینے والوں پر گمرہی کا

کجا لازم ست آیا نمی داند که آخر جمهور
ائمۂ دین بلکه خود حضرات مذکورین هم
قائل تقسیم بدعت بوده اند و بسیاری از
امور را باوجود اطلاق بدعت همچو صحابۂ
کرام جائز و مستحسن فرموده اند و همچناں
اطلاق لفظ ''لا اصل'' حسب قول علماء
باایقان کئے مستلزم ضلالت و خروج از
اصل ایمان ست پس استدلال
صاحب رساله بآں محض باطل و خوانندۂ
کفی الله المؤمنین القتال درین مقام
از حلیۂ علم دین عاطل است از همیں
جاست که شیخ الاسلام برهان الدین
حلبی در انسان العیون فی سیرة الامین
المامون قول صاحب سیرت شامیه را
تفسیر به بدعت حسنه مستحبه فرموده اندو
تقسیم آنرا ثابت نموده اند دریں مقام
برائے تفهیم مرام مثالے دیگر از کلام
علماء کرام باید شنید۔

حکم کہاں سے لازم ہے۔ اسے پتہ
نہیں کہ آخر جمہور ائمۂ دین بلکہ خود
مذکورہ حضرات بھی تقسیم بدعت کے
قائل رہے ہیں۔ اور صحابۂ کرام کی
طرح ہی بہت سارے امور پر بدعت
کے اطلاق کے باوجود جائز اور مستحسن
ہونے کا حکم لگایا ہے۔ یونہی علماء کے
فرمان کے مطابق لفظ ''لا اصل'' کا
اطلاق یقینی طور پر گمراہی اور اصل ایمان
سے خروج کو کب مستلزم ہے؟۔ اس لئے
صاحب رسالہ کا اُس لفظ سے استدلال
کرنا محض باطل ہے۔ اور کفی اللہ
المؤمنین القتال'' پڑھنے والا علم اور
دین کے زیور سے عاری ہے، اسی وجہ
سے شیخ الاسلام برہان الدین حلبی نے
''انسان العیون فی سیرۃ
الامین المامون'' میں صاحب
سیرت شامیہ کے قول ''بدعت'' کی
تفسیر بدعت حسنہ مستحبہ سے فرمائی ہے
اور اس کی تقسیم ثابت کی ہے۔ یہاں
مقصود کی تفہیم کے لئے علماء کرام کے
کلام سے دوسری مثال سننی چاہیے۔

در مجمع البحار فرموده قد کتبت
فی شان الصلوٰة علی النبی
صلی الله علیه وسلم عند
الطیب لشیخنا الشیخ علی
المتقی قدس سرہٗ هل له
اصل فکتب الجواب عن
الشیخ ابن حجر او غیره
بمانصه سئل نفع الله به بما
صورته جرت عادة الناس
انهم اذا اعطوا طیباً او
ریاحین او غیرها او شموه
ان یصلوا علی النبی ﷺ
فهل لذلك اصل وما حکمه
فاجاب بقوله اما الصلوٰة عند
ذلك ونحوه فلا اصل لها ومع
ذلك فلا کراهة فی ذلك عند
نا الخ ملخصاً۔

قولہٗ - اگر نفس قیام را از بعض
کتب ضعیفہ فقہ ثابت خواہند کرد بریں قیام
خاص حجت از کجا خواہند آورد الی آخرہ۔

مجمع البحار میں فرمایا ہے۔ میں نے
خوشبو لگاتے وقت نبی ﷺ پر درود
شریف پڑھنے کے بارے میں اپنے
شیخ، شیخ علی متقی قدس سرہٗ کو لکھا کہ کیا
اس کی کوئی اصل ہے؟ تو انہوں نے
شیخ ابن حجر وغیرہ کے حوالہ سے اسطرح
جواب لکھا۔ ''شیخ سے سوال کیا گیا۔
اللہ ان سے لوگوں کو نفع پہونچائے،
سوال کی عبارت یوں ہے۔ ''جب
لوگوں کو خوشبو یا کوئی خوشبو دار چیز وغیرہ
دیجاتی ہے یا کوئی اچھی بو وہ سونگھتے ہیں تو
ان اوقات میں انہیں نبی ﷺ پر درود
شریف پڑھنے کی عادت ہوگئی ہے کیا اس
کی کوئی اصل ہے؟ اور اس کا کیا حکم
ہے تو انہوں نے اپنے اس قول سے
جواب دیا۔ کہ ان اوقات میں درود کی
کوئی اصل تو نہیں ہے لیکن اس کے
باوجود میرے نزدیک اس میں کوئی
کراہت نہیں'' الخ ملخصاً''۔

قولہ - اگر نفس قیام فقہ کی بعض
ضعیف کتابوں سے ثابت بھی کرلیں تو اس
خاص قیام پر دلیل کہاں سے لائینگے الخ۔

اقول - ظاہر اقوت وضعف و
اعتماد و بے اعتمادی کتب فقہ وحدیث
وابستہ بہواء نفس خود میداند ورنہ
مستندات خود را جائے در کتب قویہ
وجائے در ضعیفہ داخل کردن وبنائے
آں بر موافقت و مخالفت غرض خود
نہادن جائز نبود و ہرگاہ کہ در ماسبق از
محققین مشروعیت و ندب ایں نوع
اکرام ثابت گردیدہ پس برائے بجا
آوردن آں بقصد اعلان تکریم
آنحضرت ﷺ چہ حاجت بحجت
دیگر ست ہیچ مسلمانے جواز تکریم
آنحضرت ﷺ را بامور جائزہ حرام
نہ تواند گفت و اگر بر خلاف تحقیق
جمہور محققین کراہت خصوص قیام برائے
اکرام داخل وقت قدوم تسلیم ہم کردہ آید
تاہم بر تحریم ومنع ایں تکریم خاص حجت
از کجا خواہند آورد۔

اقول - بہ ظاہر فقہ وحدیث
کی کتابوں کا قوی ہونا یا قابل اعتماد
ہونا یونہی ضعیف ہونا یا نا قابل اعتماد
ہونا۔ اپنی نفسانی خواہشات سے
وابستہ سمجھتا ہے ورنہ اپنی مستند کتابوں
کو کبھی قوی کتابوں میں اور کبھی
ضعیف کتابوں میں داخل کرنا اور اس
کی بنیاد اپنی غرض سے موافقت اور
مخالفت پر رکھنا ممکن نہ ہوتا۔ جب
پہلے اکرام کی اس نوع کا جواز و
استحباب محققین سے ثابت ہو چکا تو
اسے حضور اکرم ﷺ کی تعظیم ظاہر
کرنے کی غرض سے بجا لانے پر
دوسری دلیل کی کیا ضرورت ہے؟۔
کوئی بھی مسلمان جائز امور سے
آنحضرت ﷺ کی تعظیم کو حرام نہیں
کہہ سکتا۔ اور اگر جمہور کی تحقیق کے
خلاف بوقت قدوم اکرام کے لئے
خاص قیام کی کراہت تسلیم بھی کرلی
جائے تاہم اس خاص تکریم کی
ممانعت اور حرمت پر دلیل کہاں
سے لائیں گے؟۔

قولہٗ- فہم شما کہ عالم بر خلاف
خیر البشر فتویٰ ندہد الیٰ قولہ دشمنان
دین ہمیشہ باکتساب فنون و تحصیل علم
کمال پیدا کردہ الیٰ قولہ استیصال دین
نمایند ۔

لوکان فی العلم من دون التقی شرف
لکان اشرف خلق اللہ ابلیس
الخ ۔

اقول- ایں تطویل کلام دریں
مقام تلبیس بیجاست و مغالطہ نازیبا
سلمنا کہ اہل علم دیندار و دنیادار و اتقیا و
اشرار ہر دو قسم باشند اما جماعت بسیار
از مجوزین عمل مولد خصوصاً و مقسمین
معنی بدعت بسوئ حسنہ و سیئہ عموماً
کہ معروف و مشہور و استناد باقوالِ
شان در کتب دینیہ مذکور و
مسطورست بودن شان از علمائے

قولہٗ- آپ کا یہ سمجھنا کہ عالم
خیر البشر کے خلاف فتویٰ نہیں دے
گا الیٰ قولہ ۔دین کے دشمنوں نے
ہمیشہ فنون کے اکتساب اور علوم کی
تحصیل میں کمال پیدا کیا ہے۔ اور
دین کی جڑیں اکھاڑی ہیں ۔ اگر بلا
تقویٰ علم میں کوئی شرف ہوتا تو
ابلیس اللہ کی مخلوق میں سب سے
اشرف ہوتا الخ۔

اقول- یہ طولِ کلام بے جا
تلبیس اور نازیبا مغالطہ ہے۔ ہمیں
بھی تسلیم ہے کہ اہل علم دونوں قسم
کے ہوتے ہیں۔ دیندار بھی، دنیادار
بھی ، اشرار بھی اور متقی و پرہیز گار
بھی ۔ لیکن عمل میلاد کو جائز قرار
دینے والوں کی کثیر جماعت خصوصاً
اور سیئہ اور حسنہ کی جانب بدعت
کے معنی کی تقسیم کرنے والے عموماً۔
معروف و مشہور لوگ رہے ہیں جن
کے اقوال سے استناد دینی کتابوں
میں مذکور و مسطور ہے۔ اور جن کا علماء

راسخین وائمۂ شرع مبین و ارکان دین
متین و متصف باتباع شریعت و معرض
از دنیا و راغب آخرت ثابت ست
باخبار متواترہ ویقینی ست کالشمس فی
الہاجرہ و خود صاحب رسالہ و
مقتدا یانش باآنحضرات استناد می آرند
و در شیوخ دین خود می شمارند اگر حالا
اسماعیلیہ بجہت استحسان مجلس شریف
و دیگر مستحسنات بریشان ضلالت و بے
دینی لازم کنند و سلوک را بر طریقۂ
ایشان گمراہی قرار دہند و آنحضرات را
از دشمنان و مخالفان دین رسول کریم
و متبعان ابلیس رجیم شمارند و سلسلۂ دین
خود را ہم برزنند و ہمچو صاحب رسالہ
ایں الفاظ تشنیع برزبان آرند اگر دریں
سواد تیرہ ہند ایں حرکات شنیعہ
راطلاقت لسانئ خود دانند اما برائے
روز محشر چہ جواب دارند۔

راسخین ، ائمۂ شرع مبین اور دین متین
کے ارکان سے ہونا ، اتباع شریعت
سے متصف ہونا دنیا سے بے رغبت
اور آخرت کیطرف راغب ہونا، متواتر
اخبار کی بناء پر آفتاب نصف النہار
کی طرح ثابت و یقینی ہے ۔خود
صاحبِ رسالہ اور اس کے پیشوا حضرات
ان سے استناد کرتے ہیں اور اپنے
دینی شیوخ میں ان کا شمار کرتے ہیں۔
اب اگر اسماعیلی لوگ مجلس
شریف اور دیگر مستحسنات کے استحسان
کیوجہ سے ان پر گمراہی اور بے دینی
لازم گردانیں ان کی راہ پر چلنے کو ضلالت
قرار دیں ، ان حضرات کو رسول کریم
کے دین کا دشمن اور ابلیس رجیم کا پیروکار
سمجھیں اور اپنے دین کے سلسلہ کو بھی
توڑ ڈالیں اور صاحب رسالہ کی طرح
ایسے برے الفاظ زبان پر لائیں۔ اگر
ان قبیح حرکتوں کو ہندوستان کی اس
تاریک دھرتی پر اپنی زور بیانی سمجھ
بھی لیں تو بروز محشر کیا جواب
دیں گے؟

قولہ- عقل بالبداہت میداند
کہ موخراز مقدم ہمیشہ اکمل می باشد الخ۔

اقول- اگر مراد ازیں کلیہ ست
دعویٔ بداہت عقل باطل ست والا قطع
نظر ازانکہ مثبت مرام نیست در خصوص
ایں مادہ صادق ہم نیست کہ صاحب
رسالہ وکافۂ اسماعیلیہ حاشا کہ درکمال
بحصۂ صدم وہزارم ہم از آنحضرات
رسیدہ باشند چہ جائے آنکہ اکمل
گردیدہ باشند۔

قولہ- فضیلت تقدم زمانی
مرقد ماء راست واں مستلزم عدم
اعتبار متاخرین وسقوط ایشان از پایۂ
استناد نیست الی قولہ ۔
فیض روح القدس از باز مدد فرماید
دیگران ہم بکنند آنچہ مسیحا میکرد
الخ۔

اقول- ازیں قول خود
بر پائے خود تیشہ می زند و بیخ

قولہ- عقل بداہۃً جانتی ہے
کہ مؤخر مقدم سے ہمیشہ کامل ترین
ہوتا ہے الخ۔

اقول- اگر اس سے مراد
کلیہ ہے تو یہ دعویٰ بداہت عقل سے
باطل ہے۔ ورنہ اس سے قطع نظر کہ
مقصود کا مثبت نہیں ہے اس خاص
مادہ میں صادق بھی نہیں کہ صاحب
رسالہ سمیت پورا اسماعیلی گروپ
کمال میں اُن حضرات کے سویں
ہزارویں حصہ تک بھی نہیں پہونچ سکتا
چہ جائیکہ ان سے کامل ترین ہو۔

قولہ- متقدمین کو تقدم زمانی
کی فضیلت حاصل ہے لیکن یہ بات
متاخرین کے غیر معتبر ہونے اور ان
کے درجۂ استناد سے ساقط ہوجانے
کو مستلزم نہیں، الی قولہ- روح القدس
کے فیض کی اگر دوبارہ مدد ہوجائے تو
دوسرے بھی وہ کرلیں گے جو مسیحا
نے کیا ہے۔ الخ۔

اقول- اس قول سے خود
اپنے پیر کلہاڑی مارتا ہے اور اپنے

بسیارے از دعاویٔ خود را میکند اما
مخالف را از موافق وضار را از نافع نمی
شناسد چنانچہ از سراپائے مناقشات ایں
اسماعیلی وسائر اسماعیلیہ ظاہر ست۔

قولہ- پس سعادت مند از ما
آنکس ست کہ در ہر کہ صفات عالم دیندار
دریابد بقول وفعل او تمسک نماید الخ۔

اقول- پس نہایت شقاوت
آنست کہ باوجود موجود بودن صفات
علمائے دیندار در ائمۂ دین کہ مجوزین
عمل مولد اند بر تحقیقات و مستحسنات
ایشان اطلاق ضلالت و بے دینی نمودہ
آید بارے چہ میگوید درحق شاہ ولی
اللہ دہلوی جد امجد ومنتہی السند
مقتداء خود واستاذ ووالد ومرشد شاہ
عبد الرحیم صاحب و شیوخ سند
دین شاہ ولی اللہ صاحب مثل
صاحب حصن حصین وحافظ سخاوی

بہت سارے دعوؤں کی جڑ کھودتا
ہے، جانتا ہی نہیں کہ موافق کیا ہے؟
مخالف کیا ہے؟ مفید کیا ہے اور مضر
کیا ہے؟ جیسا کہ اس اسماعیلی اور
باقی اسماعیلی حضرات کی بحثوں سے
ظاہر ہے۔

قولہ- پس ہم میں سعادت
مند وہ ہے جو ہر اس شخص کے قول و
فعل پر عمل پیرا ہو جس کے اندر عالم
دیندار کی صفات پالے۔

اقول- پس بڑی بدبختی کی
بات ہے کہ اس عمل میلاد کو جائز قرار
دینے والے ائمۂ دین کے اندر علماء
دیندار کی صفات موجود ہونے کے
باوجود ان کی تحقیقات اور استحسانات
پر گمراہی اور بے دینی کا اطلاق کیا
جائے اپنے پیشوا کی سند کے منتہی
اور اس کے دادا شاہ ولی اللہ دہلوی
اُن کے والد استاذ اور مرشد شاہ
عبد الرحیم صاحب، شاہ ولی اللہ
صاحب کے دینی سند کے شیوخ مثلاً
صاحب حصن حصین ، حافظ سخاوی

وابن حجر عسقلانی وجلال سیوطی وغیرہم
ایں حضرات راموصوف بصفات عالم
دیندار میداند یا از متصفین بصفات
اہل دنیاواز اشرار۔

قولہٗ- خاتمہ دانستنی ست کہ
نام ماسنی ست الخ۔

اقول-اگرسنی در اصطلاح
جدید صاحب رسالہ ہمان را گویند کہ
بحسب ظاہر بادعاء اتباع سنت عقائد
فاسدہ ایجاد ساختہ و باتباع وموافقت
اہل اہواءِ فاسدہ، سابقہ پرداختہ درحق
ائمہ اہلسنت ازصحابہؓ کرام و دیگر علماء
اعلام درفروع احکام بےفہم مرام حکم
تحمیق وتجہیل وتحقیر بلکہ تفسیق وتضلیل و
تکفیر لازم نماید تاالبتہ ایں ادّعاء طائفہ
اسماعیلیہ می شاید ورنہ فی الحقیقت ایں
ادّعاء ہماں مثل ست کہ اہل اعتزال
خود را خالق افعال دانند اما معٰذا

ابن حجر عسقلانی ، اور جلال الدین
سیوطی وغیرہم کے بارے میں کیا کہتا
ہے ان حضرات کو عالم دیندار کے
صفات سے متصف جانتا ہے یا اہل
دنیااور اشرار کی صفات سے۔

قولہٗ-خاتمہ- ’’جاننا چاہیئے
کہ ہمارانام سنی ہے‘‘

اقول-صاحب رسالہ کی نئی
اصطلاح میں اگر سنی اسی کو کہتے ہیں
کہ جس نے باعتبار ظاہر اتباع سنت
کادعوی کر کے عقائد فاسدہ کی ایجاد
کرلی ہو، اور جوزمانہٗ گذشتہ کے
فاسد خواہشات والوں کی موافقت
اور تقلید میں ، پڑ کر صحابہؓ کرام اور
دیگر سرکردہ علماء اہلسنت کے لئے ،
مقصد سمجھے بغیر فروعی احکام کے تعلق
سے تحمیق وتجہیل اور تکفیر بلکہ تفسیق ،
تضلیل اور تکفیر تک لازم جانتا ہو۔تو
یقیناً یہ دعویٰ اسماعیلی گروہ کے شایان
شان ہے ورنہ درحقیقت یہ دعویٰ ایسا
ہی ہے جیسا کہ معتزلہ اپنے آپ کو
خالق افعال سمجھتے ہیں اوراس کے

خودراموحد واہل توحید نامند وبراہل
سنت بسبب اثبات صفات شرک
لازم گردانند۔

اما کلماتیکہ صاحب رسالہ متضمن
ذم وطعن برائمہ دین ومدح ومنقبت
خود بار بار برائے اظہار تبحر خویش
درمیان می نہد غیر از طول کلام خارج از
مرام فائدہ نمی دہد وجواب جملہ خرافات
از ماسبق آشکار پس حاجت اعادہ وتکرار
نیست۔

قولہٗ- ہر صاحب ہمت کہ
درعزیمت تحریر جواب ایں کتاب شوند
توقع ست کہ ایں دو سہ امر را پیش نہاد
خاطر مبارک نمایند اول آنکہ آنچہ در
ینجا ایراد یافتہ است مؤید ست
بنصوص کتاب وسنت وآثار اصحاب
وعلماء ومشائخ معتمدین امت پس

باوجود اپنا نام موحد اور اہل توحید
رکھتے ہیں اور اہل سنت پر خدا کے
لئے صفات کے اثبات کے سبب
شرک لازم قرار دیتے ہیں۔

رہ گئے وہ کلمات جوائمہؒ دین
پر طعنہ اوران کی مذمت پر اور خود کی
مدح ومنقبت پر مشتمل ہیں جنھیں بار
بار اپنی قابلیت کے اظہار کے لئے
درمیان میں رکھتا ہے سوائے مقصود
سے خارج کلام کو طول دینے کے ان
کا کوئی فائدہ نہیں ۔ ان سارے
خرافات کا جواب ماسبق سے ظاہر
ہے اسلئے دوبارہ ذکر کرنے کی
ضرورت نہیں۔

قولہٗ- جو صاحب بھی اس
کتاب کا جواب لکھنے کی ہمت کریں
ان سے دوتین باتوں کوخاطر مبارک
کے سامنے رکھنے کی توقع ہے۔اول
یہ کہ جوبھی یہاں مذکور ہوا ہے، وہ
کتاب وسنت کے نصوص اصحاب اور
امت کے قابل اعتماد وعلماء ومشائخ
کے آثار سے تائید یافتہ ہے اس لئے

در حقیقت تردیدو تنقیص متوجہ بحال
ایں حضرات باشد نہ بمؤلف کہ ناقل
ومبلغ ست وبس الخ۔

اقول۔کسیکہ چشم بصیرتش بنور
انصاف مکحل ست نیک میداند کہ
صاحب رسالہ برائے مغالطہ درمیدان
کذب مرکب خود میدواند چہ دربیان
مراد آیات و معانی احادیث کہ
برخلاف جمہور مفسرین وشراح محدثین
محققین جابجا قدم انداختہ و در بعض
مقامات گویا کہ بہ تحریف پرداختہ و
ہمچنان درآثار اصحاب وعلماء ومشائخ
خرافات خود خلط نمودہ ومقدمات خبط
وبے ربط افزودہ پس دعوئے اینکہ آنچہ
ایراد یافتہ است مؤید است بہ نصوص
الی قولہ مبلغ و ناقل ست ایں ادعاء
کذب باطل ست۔

درحقیقت اُس کی تردیدو تنقیص ان
حضرات کی طرف متوجہ ہوگی نہ کہ
اس مؤلف کی طرف جوصرف ناقل
اور مبلغ ہے الخ۔

اقول۔ جس کی بصیرت کی
آنکھوں میں نور انصاف کا سرمہ لگا
ہو وہ اچھی طرح جانتا ہے ۔ کہ
صاحب رسالہ مغالطہ دینے کے لئے
جھوٹ کے میدان میں اپنا گھوڑا دوڑا
رہاہے اس لئے کہ آیتوں کی مراد اور
احادیث کے معانی کے بیان میں
اس نے جمہور مفسرین اور محقق
شارحین حدیث کے برخلاف قدم رکھا
ہےاور بعض مقامات میں تو گویا اس
نے تحریف کرڈالی ہے۔یونہی اصحاب
علماء اور مشائخ کے آثار میں اپنے
خرافات کی آمیزش کرڈالی ہے اور
بے ربط اور خبطی مقدمات کا اضافہ کر
دیا ہے پس یہ دعویٰ" کہ جو کچھ
یہاں مذکور ہوا ہے وہ نصوص سے تائید
یافتہ ہے۔الیٰ قولہ۔مؤلف صرف مبلغ
وناقل ہے" جھوٹا اور باطل ہے۔

قولہ۔ دوم آنکہ در برابر ہر
حجت وبرہان ایں رسالہ احتجاج باقوال
وروایات اہل حق نماید واستناد براسخین
علماء ومشائخ فرمایدالخ۔

اقول۔ہر چند نجدیہ را قرارے
نیست گاہی کسی را وقت توہم موافقت
بمدح می ستایند ووقتی دیگر بادنیٰ مخالفت
ہوائے خود داخل اہل ضلالت می نمایند
فقیر برائے تکمیل الزام احتجاج بہمان
اہل حق از مشہورین کہ متندین صاحب
رسالہ اند التزام کردہ ام واگر یک دوجا
از دیگر علماء دین آوردم آنہم بعد ازاں
ست کہ در دیگر رسائل ایں طائفہ و
کبرائے شان استناد و ذکر آنہا
دیدم و نیز استناد بدان کتب کردہ
ام کہ وجود و اعتبار آنہا در عامۂ
امصار نزد علماء بدرجہ کثرت

قولہ۔دوم یہ کہ اس رسالہ کہ ہر
حجت وبرہان کے بالمقابل،مؤلف
نے اہل حق کی روایتوں اور اقوال
سے احتجاج کیا ہےاور راسخین علماء و
مشائخ سے استناد کیا ہے ۔

اقول۔ہر چند کہ نجدی گروہ کو
قرار نہیں کبھی کسی کی ،موافقت کے
توہم کے وقت مدح وستائش کرتے
ہیں اور دوسرے وقت اپنی خواہش
نفسانی سے معمولی مخالفت کی بناء پر
اسی کو داخل ضلالت کر دیتے ہیں۔
الزام کی تکمیل کیلئے فقیر نے انہیں
مشہور اہل حق سے احتجاج کا التزام
کیا ہے جو صاحب رسالہ کے نزدیک
مستند ہیں ۔ اگر ایک دو مقام پر
دوسرے علماء سے استدلال بھی کیا
ہے تو اس کے بعد ہی کہ اس گروہ
کے دیگر رسائل میں ان کے بڑوں کا
ان سے استناد اور ان کا ذکر دیکھ لیا۔
نیز میں نے انہیں کتابوں سے استناد
کیا ہے جن کا وجود و اعتبار عام
شہروں میں علماء کے نزدیک کثرت

واشتهارست نه از رسائل مجهوله وغیر
معتمده مانند رسالهٔ مصری ونور الیقین و
باران رحمت وغیرها مایهٔ افتخار صاحب
رساله که تاهنوز وجود آنها در اختطار و
اخفاء ست فضلاً عن
الشهرة والا عتبار.

قولہ - چنان نه کنند که جواب
بعض مقدمات رساله نویسند واز پاسخ
دیگر مطالب قطع نظر نمایند والا ایں
جواب ناقص شمرده شود وقابل رد وطرد
نه باشد الخ۔

اقول - اولاً ایں کلامے ست
عجب خارج از قانون عقل وادب و
ثانیاً ایں آرزوئ صاحب رساله هم
حق تعالیٰ بردست بندهٔ ضعیف بظهور
رسانید که از جمیع استدلالات واقوال
صاحب رساله که متعلق بحث ومقام
ومدار اصل مرام بوده انداجوبهٔ شافیه
داده بطلان همه خرافات ظاهر گردانید۔

قولہ - سیویم آنکه پیش از

واشتہار کے درجہ میں ہے نہ کہ رسالۂ
مصری، ونور الیقین و بارانِ رحمت
وغیرہ جیسی ناقابل اعتماد اور گمنام
رسائل سے جو صاحب رسالہ کے سر
مایۂ افتخار ہیں لیکن ابتک ان کا وجود
مخفی اور مستتر ہے۔ چہ جائے کہ وہ
مشہور و معتبر ہوں۔

قولہ - ایسا نہ کریں کہ رسالہ
کے بعض مقدمات کا جواب لکھیں اور
دیگر مطالب کے جواب سے صرف
نظر کریں۔ ورنہ یہ جواب ناقص سمجھا
جائے گا اور لائق رد وطرد نہ ہوگا الخ۔

اقول - اولاً عقل وادب کے
قانون کے برخلاف یہ عجیب بات
ہے۔ ثانیاً صاحب رسالہ کی یہ آرزو
بھی حق تعالیٰ نے اس بندۂ ضعیف
کے ہاتھوں پوری کروادی کہ بحث و
مقام سے متعلق اور مدار مقصود
صاحب رسالہ کے تمام استدلالات
اور اقوال کا شافی جواب دے کر تمام
خرافات کا بطلان ظاہر کردیا۔

قولہ - سوم یہ کہ تحریر جواب

تحریر پاسخ همگی رساله را از بدایت
تانهایت لفظ به لفظ مطالعه فرمایند الخ۔

اقول - بریں ایمائے صاحب
رساله هم عمل نمودم وبعد مطالعه اش
بتمامها از حضرت رب کریم دعائے
توفیق خیر طلب داشته وحمیت نفس و
حمایت کسی در خیال نگزاشته لب به
جواب کشودم و هر مطلب را مستند به
تحقیقات ائمهٔ دین نمودم اگر صاحب
رساله نفسانیت واعتساف بگزارد ورو
براه تحقیق حق وانصاف آرد امید قوی
ست که بعد مطالعهٔ جواب از تضلیل
مجوزین مولد وعاملین آں باز آید واز
خرافات خود توبه نماید۔

قولہ - چهارم آنکه هنگام
مخاطبت ومناظره به سب وشتم پیش
نیایند بلکه سررشتهٔ پاس وادب وحفظ
مراتب مخاطب از دست نگذارند الخ۔

سے پہلے پورے رسالہ کا از ابتداء تا
انتہاء لفظ بہ لفظ مطالعہ فرمائیں الخ۔

اقول - صاحب رسالہ کے
اس مشورہ پر بھی میں نے عمل کیا اور
اس کا پورا مطالعہ کرنے کے بعد رب
کریم کی بارگاہ سے توفیق خیر کی دعاء
مانگ کر اور نفس کی حمیت اور کسی کی
حمایت کا خیال نہ لاکر جواب کے
لئے لب کھولا۔ اور ہر مقصود کو ائمۂ
دین کی تحقیقات سے مستند کیا اگر
صاحب رسالہ نفسانیت اور انکار براہ
شرارت، ترک کردے اور انصاف و
تحقیق حق کیطرف رخ پھیردے تو
پوری توقع ہے کہ جواب کے مطالعہ
کے بعد عمل میلاد کو جائز قرار دینے
والوں، اور اس پر عمل پیرا ہونے والوں کو
گمراہ قرار دینے سے باز آجائے گا۔ اور
اپنی خرافات سے توبہ کرلے گا۔

قولہ - چہارم یہ کہ خطاب اور
مناظرہ کے وقت گالی گلوچ سے
پیش نہ آئیں بلکہ ادب ولحاظ کا رشتہ
اور مخاطب کے درجات کی نگہداشت
ہاتھ سے نہ جانے دیں الخ۔

اقول - اگر صاحب رسالہ را
حفظ مرتبت خود محبوب بود از اول شیمۂ
کریمۂ ارباب شرافت وکرامت چرا
از دست داد و ہمچو اسافل در پئے تحقیر
وتجہیل اکابر دین چرا افتاد و در سب و
شتم وتفسیق وتضلیل چرا کشاد و اگر خار
شبہ در کلام اکابر دین بخاطرش خلیدہ
بود چرا بطور طلبۂ حق از اساتذۂ خویش
و دیگر علمائے حق اندیش طلب تحقیق
حق نہ نمود از طرف خود کف لسان در
شان ائمۂ دین نہ ساختن و بے باکانہ
علم طعن وتجہیل وتفسیق افراختن و از
دیگران حفظ مرتبت خود طلب نمودن و
برائے تعظیم وتکریم خویش و طائفہ
خویش فرمودن نہات عجیب و بغایت
غریب ست ع
دہن خویش بدشنام میالا صائب۔
اما معہذا وقت مطالعۂ ایں

اقول - اگر صاحب رسالہ کو
اپنے رتبہ کی نگہداشت پیاری تھی تو
اس نے شروع ہی سے ارباب
شرافت وکرامت کی عادت کریمہ
کیوں چھوڑی؟ اور نیچ لوگوں کی
طرح اکابر دین کی تجہیل اور تحقیر کے
درپئے کیوں ہوا؟۔ اور گالی گلوچ،
تفسیق وتضلیل کا دروازہ کیوں
کھولا؟۔ اگر اکابر دین کے کلام کے
درمیان اس کے دل میں شبہات کا
کانٹا چبھ گیا تھا تو اس نے طالبان
حق کی طرح اپنے اساتذہ اور دیگر
حق اندیش علماء سے طلب تحقیق حق
کیوں نہیں کی؟ اپنی طرف سے ائمۂ
دین کی شان میں کفِ لسان نہ کرنا،
اور بے باکانہ طعن، تجہیل اور تفسیق کا
پرچم بلند کرنا اور دوسروں سے اپنے
مرتبہ کی نگہ داشت طلب کرنا اور اپنی
اور اپنے گروہ کی تعظیم وتکریم کی فرمائش
کرنا انتہائی عجیب وغریب۔ ع
اے صائب، اپنا منہ گالی سے آلودہ نہ کرو۔
لیکن اس کے باوجود اس جواب

جواب خواہند دید کہ احقر العبید ہرگز
مثل صاحب رسالہ ملتزم طعن وتشنیع
نگردید و اگر جائے یکدو حرف مذکور
ست ابتداء از صاحب رسالہ و احقر
معذور ع
کلوخ انداز را پاداش سنگ ست
وایں مصرعہ ہم ع
آخر اے باد صبا ایں ہمہ آوردۂ تست
معروف ومشہور۔

قولہ - پنجم آنکہ یا قوم
انکان کبر علیکم مقامی و
تذکیری بآیات اللہ فعلی اللہ
توکلت فاجمعوا امرکم و
شرکاء کم الخ۔

اقول - ایں آیات کریمہ کہ در
قول جناب حضرت نوح علیٰ نبینا
وعلیہ الصلوٰۃ والسلام در مقابلۂ کفار
منکرین توحید ونبوت وارد گردیدہ ایراد
آن دریں مقام چہ مناسبت دارد مگر
آنکہ حسب عقیدۂ طائفہ اسماعیلیہ

کے مطالعہ کے وقت آپ دیکھیں گے
کہ احقر العباد نے صاحب رسالہ کی
طرح ہرگز طعن وتشنیع کا التزام نہیں کیا
ہے اور اگر کہیں ایک دو باتوں کا
تذکرہ ہے تو اس کی ابتداء صاب
رسالہ نے کی ہے احقر معذور ہے۔
اینٹ کا جواب پتھر اور یہ مصرعہ بھی
کہ اے باد صبا یہ سب تیرا ہی لایا
ہوا ہے۔ مشہور ومعروف ہے۔

قولہ - پنجم یہ کہ اے میری
قوم اگر تم پر میرا کھڑا ہونا اور اللہ کی
نشانیاں یاد دلانا شاق گذرا ہے تو
میں نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا تو مل کر
کام کرو اور اپنے جھوٹے معبودوں
سمیت اپنا کام پکا کرلو الآیۃ

اقول - یہ آیت کریمہ
حضرت نوح علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ
والسلام کے قول میں منکرین توحید و
نبوت، کفار کے مقابلہ میں وارد ہوئی۔
اس کا اس مقام میں ذکر کرنا کیا
مناسبت رکھتا ہے؟ مگر یہ کہ اسماعیلی

در ینجا ہم اشعارست باینکہ علمائے اعلام و اولیائے کرام را کہ قابل استحسان عمل مولد اند گواز شیوخ دین ایں طائفہ باشند از اہل ضلالت مے شمار دو خارج از مسلمین مے انگارد پس بطلان ایں خیال از ماسبق روشن و فساد جملہ اوہامش در ماتقدم مبین و ھا انا اختم الکلام و اسأل اللّٰہ تعالیٰ حسن الاختتام لی ولجمیع اھل الاسلام ربنا اغفرلنا ولا خواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین آمنوا ربنا انك رؤف رحیم و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ نبیہ الکریم وحبیبہ الرحیم سیدنا و مولانا محمد صاحب الخلق العظیم و علیٰ آلہ و اصحابہ اولی القدر الفخیم والفیض العمیم فقط۔

عقیدہ کے مطابق یہاں بھی اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ سر کردہ علماء و اولیاء کرام جو عمل میلاد کے استحسان کے قائل ہیں خواہ وہ اس گروہ کے مشائخ دین ہی کیوں نہ ہوں وہ انہیں گمراہ سمجھتا ہے اور جماعت مسلمین سے خارج جانتا ہے پس اس خیال کا بطلان ماسبق سے روشن اور اس کے تمام اوہام کا فساد مامضیٰ میں خوب ظاہر ہے۔

اور اب میں گفتگو ختم کر رہا ہوں۔ اور اپنے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے اللہ تعالیٰ سے حسن خاتمہ کی دعاء کرتا ہوں۔ اے ہمارے پروردگار ہماری اور ہمارے ان بھائیوں کی مغفرت فرما دے جو ایمان کے ساتھ رخصت ہو چکے ہیں اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کیلئے چھل کپٹ نہ رکھ، اے ہمارے پروردگار بے شک تو رحمت و رافت والا ہے اور اللہ درود نازل فرمائے اپنے مکرم نبی اور صاحب رحمت محبوب ہمارے سردار ہمارے آقا محمد صاحب خلق عظیم پر، اور ان کے اُن آل و اصحاب پر جو عظیم رتبہ اور عام فیض والے ہیں۔ فقط

قوم وملت اور مسلک اہلسنت کا بیباک ترجمان

ماہنامہ ضیاء الصمد

اپنی تمام تر جلوہ سامانیوں کے ساتھ شائع ہو رہا ہے۔
آپ اپنی دینی، اور مذہبی معلومات میں اضافہ کیلئے پہلی
فرصت میں سالانہ فیس ۱۲۵/ روپئے ارسال فرما کرادارہ
کا تعاون کریں۔ اور اپنی ممبری شپ قائم کرائیں۔

جامع مسجد، پھپھوند شریف، ضلع اوریا، یوپی۔ 206247

چیک یا ڈرافٹ:۔ ”جامعہ صمدیہ“ JAMIA SAMADIA

MAKTABA SAMADIA

AT/P.O. PHAPHUND SHARIF DISTT. AURAIYA PIN: 206247 (U.P.)
Ph. : (05683) 240162, 240317